کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ

ABC CERTIFIED

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لیے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 54 | پیر 12 ربیع الثانی 1447ھ 06 اکتوبر 2025ء، صفحات 08 | شمارہ 91

رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. Mashriqqta2008@gmail | PTCL 081-2827345, 081-2827344 | قیمت 35 روپے

بلوچستان: کلی آدم زئی کور میں مقامی قبائل کیساتھ جھڑپ میں فتنہ الہندوستان کے 4 دہشتگرد ہلاک، 2 زخمی

بسیمہ میں دھماکے سے جوان شہید

کلی آدم زئی کور کی خواتین نے قرآن کا واسطہ دے کر دہشتگردوں سے علاقہ خالی کرنے کی اپیل کی مگر انہوں نے انکار کر دیا جس پر مقامی افراد نے علاقائی امن کیلئے خود کارروائی کی

فتنہ الہندستان کے کارندوں کیساتھ جھڑپ میں مقامی قبیلے کا جوان شہید اور دو افراد زخمی ہوگئے، پرامن علاقے کو کسی بھی دہشتگردانہ سرگرمی کے لیے استعمال نہیں ہونے دیں گے

شرپسندوں کی جانب سے خواتین کو ہراساں کرنے پر قبائل نے دفاع کا فیصلہ کیا، بلوچستان کے بہادر عوام علاقے میں قیام امن کیلئے فتنہ الہندوستان کے سامنے آہنی دیوار بن گئے

علاقے کو کسی بھی دہشتگردانہ سرگرمی کے لیے استعمال نہیں ہونے دیں گے، خواتین کو ہراساں کرنے سے ثابت ہوگیا کہ فتنہ الہندوستان کا اسلام اور بلوچ روایات سے تعلق نہیں، مقامی سیکورٹی

بلوچستان کے علاقے بسیمہ میں چک کے مقام پر سیکورٹی فورسز کے قافلے پر دھماکے کے نتیجے میں ایک اہلکار شہید اور ایک زخمی ہوگیا جوابی کارروائی پر حملہ آور فرار، علاقے میں تلاش جاری ہے

کوئٹہ (سی ریورٹر، یو این اے) بلوچستان کے علاقے کورکی میں مقامی قبائل اور فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کے درمیان جھڑپ میں 4 دہشتگرد ہلاک اور 2 زخمی ہوگئے۔ ذرائع کے مطابق فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں نے کورکی کے پرامن شہریوں پر حملہ کیا اور علاقے کی خواتین کو ہراساں کرنے کی کوشش کی۔ کلی آدم زئی کورکی خواتین نے قرآن کا واسطہ دے کر دہشتگردوں سے علاقہ خالی کرنے کی اپیل کی، مگر انہوں نے انکار کر دیا۔ ذرائع کے مطابق دہشتگردوں کے مذموم عزائم کے پیش نظر مقامی قبائل نے اپنے دفاع کا فیصلہ کیا، جس کے دوران جھڑپ میں ایک مقامی قبیلے کا فرد شہید اور دو افراد زخمی ہوگئے۔ مقامی قبائل نے عہد کیا ہے کہ وہ .... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ شہر اور گردونواح میں زلزلے کے جھٹکے

ریکٹر اسکیل پر زلزلے کی شدت 5.0 ریکارڈ کی گئی، شہری خوفزدہ

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ شہر اور گردونواح میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے۔ زلزلے کے بعد لوگ کلمہ طیبہ کا ورد کرتے ہوئے گھروں سے باہر نکل آئے۔ زلزلہ پیما مرکز کے مطابق کوئٹہ شہر......... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

گوادر: آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر شہید محمد قادری کے اہلخانہ سے فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

وائٹ ہاؤس یا کسی امریکی ادارے کو پسنی پورٹ کی پیشکش نہیں کی، پاکستان

وائٹ ہاؤس یا کسی امریکی ادارے کے ساتھ پسنی پورٹ سے متعلق کسی بھی قسم کی گفتگو نہیں ہوئی، سیکورٹی ذرائع

نجی اور غیر مصدقہ خیال کو ریاستی تجویز کے طور پر پیش کیا گیا، پاکستان اپنے تعلقات میں توازن رکھتا ہے، ذرائع

اسلام آباد (زاہد احمد خان) سیکورٹی ذرائع نے کہا ہے کہ پاکستان کی جانب سے امریکا کو پسنی پورٹ کی کوئی پیشکش نہیں کی گئی، نہ ہی اس نوعیت کی کوئی تجویز کسی سرکاری سطح پر زیر غور آئی ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ وائٹ ہاؤس یا کسی امریکی ادارے کے ساتھ پسنی پورٹ سے متعلق کسی بھی قسم کی گفتگو نہیں ہوئی۔ نجی شعبے میں ہونے والی بات چیت، بشمول غیر ملکی کمپنیوں کے ساتھ رابطے، محض ابتدائی نوعیت کی کاروباری گفت و شنید ہیں سرکاری اقدامات نہیں اور نہ ہی یہ پاکستان کی ریاستی پالیسی کی نمائندگی کرتے ہیں۔ ایک نجی اور غیر مصدقہ خیال کو ریاستی تجویز کے طور پر پیش کیا گیا، جو کہ درست نہیں۔ میڈیا پر لازم ہے کہ اس عنوان کی درستگی کے لیے آئی ایس پی آر سے تصدیق کرے۔ ذرائع کے مطابق خبر میں نجی سطح کے رابطوں اور سرکاری پالیسی کے درمیان فرق مٹایا گیا ہے، جس سے یہ تاثر پیدا ہوتا ہے کہ ادارہ جاتی سطح پر اس خیال کی تائید موجود ہے، جو گمراہ کن......... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

کراچی: جماعت اسلامی کے مرکزی امیر حافظ نعیم الرحمان جلسے سے خطاب کر رہے ہیں

آئی ایم ایف نے پاکستانی تجارتی ڈیٹا میں فرق کی وضاحت مانگ لی

پاکستان آٹومیشن سسٹم، سنگل ونڈو کے 24-2023 کے درآمدی اعداد و شمار میں 5.1 ارب ڈالر کا فرق نظر آیا

تجارتی ڈیٹا درست کر کے عوامی سطح پر شیئر کرنے پر زور، ادارہ شماریات کا ڈیٹا اپڈیٹ نہیں ہوا، حکام کی بریفنگ

اسلام آباد (شاکر رحمان) آئی ایم ایف نے 2 سال میں تقریباً 11 ارب ڈالر کے تجارتی ڈیٹا میں فرق کی وضاحت مانگ لی۔ آئی ایم ایف اور پاکستان کے درمیان دوسرے ششماہی اقتصادی جائزہ مذاکرات جاری ہیں، آئی ایم ایف نے 2 سال میں تقریباً 11 ارب ڈالر کے تجارتی ڈیٹا میں فرق کی وضاحت مانگ لی۔ پاکستان آٹومیشن سسٹم، سنگل ونڈو کے 24-2023 کے درآمدی اعداد و شمار میں 5.1 ارب...... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

قلعہ سیف اللہ: ڈی سی ساگر کماری کی ہدایت پر لیویز اہلکار پوست کی فصل تلف کر رہے ہیں

جنگ بندی کے مخصوص نکات قبول کیے ہیں، حماس، غزہ جنگ ابھی ختم نہیں ہوئی، قیدیوں کی رہائی ترجیح، مارکو روبیو، حماس نے اقتدار نہ چھوڑا تو صفحہ ہستی سے مٹادینگے، ٹرمپ

حماس کی رضامندی امن ممکن ہوا، پاکستان سمیت 7 وزرائے خارجہ کا مشترکہ بیان

قاہرہ میں غزہ امن مذاکرات آج سے شروع ہوں گے، اسرائیل، حماس اور قطر کی شرکت متوقع، 20 نکاتی تجویز کے مطابق پہلے مرحلے میں تمام اسرائیلی قیدیوں کی واپسی کے بدلے 2 ہزار فلسطینی رہا کیے جائینگے

غزہ جنگ کے فوری خاتمے، انسانی امداد کی بلا رکاوٹ فراہمی، فلسطینیوں کے جبری انخلا کی روک تھام، یرغمالیوں کی رہائی اور فلسطینی اتھارٹی کی غزہ میں واپسی کیلئے متحدہ کوششیں جاری رکھی جائیں، وزرائے خارجہ

امریکا کو مذاکرات کے دوران ہی معلوم ہو جائے گا کہ آیا حماس سنجیدہ ہے یا نہیں، امریکی سیکریٹری اسٹیٹ، ہتھیار مستقبل میں فلسطینی انتظامیہ اور مصری حکام کی نگرانی کے تحت منتقل کیے جاسکتے ہیں، مزاحمتی تحریک

جنگ بندی منصوبہ جلد حقیقت بنے گا اور اس کے حصول کے لیے ہم سخت محنت کر رہے ہیں، امریکی صدر، غزہ میں کوئی باقاعدہ جنگ بندی نہیں، صرف بعض مقامات پر عارضی بمباری روکی گئی، اسرائیل

اسلام آباد (مشرق نیوز) پاکستان، سعودی عرب سمیت 8 ممالک نے غزہ امن منصوبے پر حماس کے مثبت ردعمل کا......... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

واشنگٹن (م ڈ) امریکا کے سیکریٹری اسٹیٹ مارکو روبیو نے کہا ہے کہ غزہ میں جنگ ابھی ختم نہیں ہوئی ہے تاہم اولین......... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

غزہ: اسرائیلی فورسز کے بے رحمانہ حملے جاری، مزید 19 فلسطینی شہید

اسرائیلی فورسز کی مقبوضہ مغربی کنارے میں چھاپہ مار کارروائیوں میں 13 فلسطینیوں کو گرفتار کر لیا

امن مذاکرات قریب آنے کے باوجود زمینی حالات میں کوئی تبدیلی نہیں آئی، فلسطینیوں کی گفتگو

غزہ (م ڈ) قابض اسرائیلی فورسز کے غزہ میں دن بھر ہونے والی شہادتوں کی تعداد 19 تک پہنچ گئی ہے۔ قطر کے نشریاتی ادارے کی رپورٹ کے مطابق اسرائیلی فورسز نے نہتے شہریوں کو خیموں، پناہ گزین کیمپوں اور اسکولوں میں نشانہ بنایا، جب کہ امداد کے متلاشی......... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

فلوٹیلا کے 137 سماجی کارکن استنبول پہنچ گئے، پاکستانی بدستور قید

سابق سینیٹر مشتاق محفوظ، سب کی واپسی کے لیے سرگرم عمل ہیں، دفتر خارجہ

اسرائیلی جارحیت کے باوجود امداد لے کر ایک اور فلوٹیلا غزہ کی طرف روانہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) دفتر خارجہ پاکستان نے کہا ہے کہ صمود فلوٹیلا میں سوار پاکستانیوں کی بحفاظت واپسی کیلئے سرگرم عمل ہیں۔ دفتر خارجہ سے جاری بیان کے مطابق ترجمان نے کہا کہ پاکستانی شہریوں کو اسرائیلی قابض افواج نے غیر قانونی طور پر......... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان و ملائیشیا کے تجارتی تعلقات مزید مستحکم بنائینگے، شہباز شریف

تجارت، آئی ٹی، ٹیلی کام، حلال انڈسٹری، سرمایہ کاری، تعلیم، توانائی، انفراسٹرکچر اور معیشت میں دوطرفہ تعاون بڑھائیں گے

وزیر اعظم وفد کے ہمراہ سرکاری دورے پر ملائیشیا پہنچ گئے، شاہی پروٹوکول میں پرتپاک استقبال کیا گیا، آج اہم ملاقاتیں ہونگی

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیر اعظم پاکستان محمد شہباز شریف اپنے سرکاری دورے پر ملائیشیا کے دارالحکومت کوالالمپور پہنچ گئے، جہاں انہیں شاہی پروٹوکول کے ساتھ پرتپاک استقبال دیا گیا۔ کوالالمپور کے بنگا رایا انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر ملائیشیا کے وزیر......... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

گلگت، عالم دین اور جج کی گاڑیوں پر فائرنگ، 5 افراد زخمی

شہر میں خوف و ہراس پھیل، شہر کی تمام مارکیٹیں اور دوکانیں بند، سڑکیں سنسان

گلگت (بیورو رپورٹ) گلگت میں نامعلوم دہشت گردوں نے دو علیحدہ واقعات میں ممتاز عالم دین اور ہائی کورٹ کے جج کی گاڑیوں پر فائرنگ کی جس کے نتیجے میں......... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

پاک فوج ملکی دفاع اور قوم کی فلاح اور ترقی کیلئے کام کر رہی ہے، لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف

ڈی جی آئی ایس پی آر کا بیوٹمز بلوچستان کا دورہ، طلباء کیساتھ سیشن، پاک فوج کے پیشہ ورانہ امور پر طلباء سے تفصیلی گفتگو کی

پاک فوج کی قربانیوں اور کامیابیوں پر فخر ہے ہم چاہتے ہیں کہ فوج اور عوام کے درمیان یہ رابطہ مزید مضبوط ہو، طلباء کی گفتگو

کوئٹہ (سی رپورٹر) ڈی جی آئی ایس پی آر نے بلوچستان یونیورسٹی آف انفارمیشن ٹیکنالوجی، انجینئرنگ اینڈ مینجمنٹ سائنسز کوئٹہ کا دورہ کیا اور سیشن کے دوران پاک فوج کے پیشہ ورانہ امور پر طلباء سے تفصیلی گفتگو کی۔ ڈائریکٹر جنرل انٹر سروسز پبلک ریلیشنز (آئی ایس پی آر) لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے بلوچستان یونیورسٹی آف انفارمیشن ٹیکنالوجی، انجینئرنگ اینڈ مینجمنٹ سائنسز (بیوٹمز) کوئٹہ کا......... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

خیبر پختونخوا کابینہ کا 9 مئی کے مقدمات واپس لینے کا فیصلہ

29 جھوٹے مقدمات واپس لینے کی سفارش کر دی، سیاسی انتقام پر مبنی تھے، اراکین

پشاور (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا کابینہ نے 9 مئی 2023 کے واقعات سے متعلق پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے کارکنان اور حامیوں پر درج......... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

کوالالمپور: وزیر اعظم شہباز شریف کا ملائیشیا کے وزیر اعظم انور ابراہیم استقبال کر رہے ہیں

نادرا نے وفات کے باعث شناختی کارڈ منسوخی کی فیس ختم کر دی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) نادرا نے وفات کے باعث شناختی کارڈ منسوخی کی فیس ختم کر دی۔ ترجمان نادرا کا کہنا ہے کہ پنجاب کے 3 اضلاع میں موبائل ایپ سے صوبائی سی آر ایم ایس میں وفات کے......... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

مسافر ٹرینوں کے کرایوں میں اضافہ کر دیا گیا

لاہور (بیورو رپورٹ) لاہور اور راولپنڈی کے درمیان چلنے والی ٹرینوں میں مسافروں کیلئے ٹیلیفونک سروسز میں اضافے کے ساتھ ہی ٹرینوں کے کرایے بھی بڑھا دیے گئے۔ تفصیل کے مطابق لاہور......... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

چیئرمین سینیٹ نے پی ٹی آئی استعفوں کی منظوری سے متعلق کارروائی روک دی

قائمہ کمیٹیز کے مستعفی چیئرمینز اور ارکان کے حوالے سے یکساں پالیسی اپنائی جائے گی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چیئرمین سینیٹ نے قائمہ کمیٹیوں کی چیئرمین شپ اور رکنیت سے پی ٹی آئی ارکان کے استعفوں کی منظوری سے متعلق کارروائی......... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

سینیٹ کا ہنگامہ خیز اجلاس آج شام 4 بجے پارلیمنٹ ہاؤس میں ہوگا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سینیٹ کا ہنگامہ خیز اجلاس آج سوموار کو پارلیمنٹ ہاؤس میں ہوگا، اجلاس میں وزیر مملکت برائے داخلہ سینیٹر طلال چوہدری اے این پی کے الزامات کا جواب دیں گے، اجلاس میں پیپلز پارٹی کی جانب سے پیش کردہ تحریک التوا پر بھی بحث ہوگی۔ سینیٹ سیکرٹریٹ کی جانب سے جاری......... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

قومی ایجنڈے پر حکومت سے مذاکرات کو تیار ہیں، اسد قیصر

عمران خان کی بہنیں اپنے بھائی کی رہائی کیلئے جدوجہد کر رہی ہیں، انکے کوئی سیاسی عزائم نہیں

میرے اور شہرام کے بھائیوں کو کے پی میں دوبارہ وزارتیں آفر کیں، ہم نے معذرت کر لی، گفتگو

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پی ٹی آئی رہنما اور سابق اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر نے پارٹی میں بیان بازی کو افسوسناک قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس وقت اتحاد اور برداشت کی ضرورت ہے۔ ایک انٹرویو میں اسد قیصر کا کہنا تھا کہ بانی تحریک انصاف کی بہنوں کے کوئی سیاسی عزائم نہیں، عمران خان کی بہنیں اپنے بھائی کی رہائی کے لئے جدوجہد کر رہی ہیں، ان سے متعلق گفتگو میں سب کو احتیاط برتنی چاہیے، اس وقت برداشت اور اتحاد کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان اور خیبر پختونخوا سمیت ملک میں بے یقینی کی صورتحال ہے، پی ٹی آئی قومی ایجنڈے پر حکومت سے مذاکرات کو تیار ہے، چاہتے ہیں وسیع تر قومی ایجنڈے پر حکومت کے ساتھ بات......... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

اساتذہ نسلوں کے اذہان سنوارتے اور تربیت کرتے ہیں، زرداری

دیہی و شہری علاقوں میں اساتذہ کی خدمات قابل تحسین ہیں، صدر پاکستان

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) صدر آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ تدریس محض پیشہ نہیں، ایک مقدس ذمہ داری ہے، اساتذہ نسلوں کے اذہان سنوارتے اور کردار کی تربیت......... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

جماعت اسلامی کا غزہ مارچ، پاکستان میں حماس کا دفتر کھولا جائے، حافظ نعیم الرحمن

غزہ کے لوگ ہر روز قربانیاں دے رہے ہیں، دو ریاستی حل منظور نہیں، ایک ہی ریاست ہے اور اس کا نام فلسطین ہے، مرکزی امیر

ہمارا حکمران طبقہ حماس کا نام لیتے ہوئے پریشان ہو جاتا ہے، قائداعظم اور پوری دنیا کے باضمیر لوگوں نے اسرائیل کو تسلیم نہیں کیا تھا

کراچی (بیورو رپورٹ) کراچی میں شاہراہ فیصل پر جماعت اسلامی کے غزہ مارچ میں ہزاروں افراد نے شرکت کی۔ غزہ مارچ سے خطاب کرتے ہوئے امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ حماس اُمت کے ماتھے کا جھومر ہے، حکمران طبقہ حماس کا نام لیتے ہوئے پریشان ہونے لگتا ہے۔ امیر جماعت......... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر بخت محمد کاکڑ سے انکی رہائش گاہ پر مختلف وفود ملاقات کر رہے ہیں

تمام سیاسی جماعتوں کو بی آئی ایس پی ملنا چاہیے، فیصل کنڈی

این ایف سی ایوارڈ یکساں تقسیم نہیں ہوتے، ایمل ولی سے سیکورٹی واپس لینے کے خلاف ہوں

وزیر اعلیٰ کو گورنر سے ایڈورڈز کالج کے اختیارات لینا درست نہیں، گورنر کے پی کی میڈیا سے گفتگو

پشاور (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا کے گورنر فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ ہم چاہتے تمام سیاسی جماعتوں کو بینظیر انکم سپورٹ پروگرام ملنا چاہیے، ایمل ولی سے سیکورٹی واپس لینے کے خلاف ہوں۔ پشاور میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے گورنر خیبر......... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

گیس رائلٹی میں سبسڈی کا غلط استعمال کیا گیا، آڈٹ رپورٹ

او جی ڈی سی ایل نے ریفائنریز، گیس کمپنیز سے 635 ارب کی ریکوری نہیں کی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) گیس سیکٹر میں اربوں روپے کی مالی بے ضابطگیوں کا انکشاف ہوا ہے، آڈیٹر جنرل آف پاکستان نے مالی سال 25-2024 کی......... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان کے مسائل پر مرہم رکھنے کی ضرورت ہے، چوہدری شجاعت

ذاتی مفادات پر قومی مفادات کو ترجیح دیں، قومی قیادت مسائل کا حل ڈھونڈے

لاہور (بیورو رپورٹ) پاکستان مسلم لیگ کے سربراہ اور سابق وزیر اعظم چوہدری شجاعت حسین نے کہا ہے کہ ذاتی مفادات پر قومی مفادات کو ترجیح دیں......... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

امن کیلئے پولیس افسران اور جوانوں کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائینگی، آئی جی پولیس

بلوچستان پولیس عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریگی، محمد طاہر

شہداء ہمارے حقیقی ہیرو ہیں انکی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی اور نئی نسلوں کے لیے مشعل راہ ثابت ہوں گی

کوئٹہ (آن لائن) انسپکٹر جنرل آف پولیس بلوچستان محمد طاہر نے کہا کہ دہشتگردی سے نبرد آزما ہونے والے ملک اور قوم کے تحفظ کی خاطر شہادت کا رتبہ پانے والے پولیس افسران اور جوانوں کی قربانیاں کبھی رائیگاں نہیں جائیں گی۔ پولیس عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی......... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

کے پی حکومت نے ایمل ولی کو سیکورٹی اہلکار واپس دے دیے

عوام سرکاری ذرائع سے جاری معلومات پر انحصار کریں، صوبائی ترجمان

پشاور (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا حکومت کی جانب سے عوامی نیشنل پارٹی کے سربراہ ایمل ولی خان کو سیکورٹی اہلکار واپس دے دیے گئے۔ اتوار کو خیبر پختونخوا......... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

گوادر میں پہلے گدھا ذبح خانہ کے حتمی معائنہ کی تیاریاں مکمل

گوشت اور کھالیں بین الاقوامی معیار کے مطابق پراسس کی جائیں گی، رپورٹ

گوادر (بیورو رپورٹ) حکومت پاکستان کی جانب سے چین کو گدھوں کی کھالوں کی برآمد پر عائد پابندی باضابطہ طور پر ہٹائے جانے کے بعد چینی دوا ساز کمپنی......... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

پاک سعودی تاریخی دفاعی معاہدے پر پیشرفت کیلئے اعلیٰ سطحی حکومتی کمیٹی قائم

کمیٹی دونوں ممالک کے درمیان اقتصادی مذاکرات کی قیادت کرے گی، تشکیل دی جانے والی 18 رکنی اعلیٰ سطح کی کمیٹی کا نوٹیفکیشن جاری

احد چیمہ، جام کمال خان، اویس لغاری، رانا تنویر حسین، شزا فاطمہ خواجہ، عبدالعلیم خان، چیئرمین ایس ای سی پی سفارتی حکام اور افسران شامل

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی حکومت نے پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان حال ہی میں طے پانے والے تاریخی دفاعی معاہدے کے بعد اقتصادی تعلقات کو نئی جہت دینے کے لیے اٹھارہ ارکان پر مشتمل ایک اعلیٰ سطح کمیٹی تشکیل دے دی ہے۔ اطلاعات......... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت کا سروائیکل کینسر سے بچاؤ کی ویکسینیشن جاری رکھنے کا فیصلہ

ایچ پی وی ویکسین ای پی آئی کے زیر انتظام فکسڈ سینٹرز پر دستیاب ہوگی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) حکومت نے سروائیکل کینسر سے بچاؤ کی ویکسینیشن جاری رکھنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق سروائیکل کینسر ویکسین فکسڈ ویکسینیشن سینٹرز......... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

پی ٹی آئی بلوچستان کے صدر داؤد شاہ کاکڑ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

پنجاب حکومت ہماری آڑ میں وزیر اعظم کو نشانہ بنا رہی ہے، شرجیل میمن

ایسا ماحول پیدا کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے کہ پیپلز پارٹی وفاقی حکومت کو سپورٹ نہ کرے، سینئر صوبائی وزیر سندھ

ہم پنجاب حکومت کی سازش کامیاب نہیں ہونے دیں گے، وزیر اعظم سے حسد کا مسئلہ کافی عرصے سے چل رہا ہے

سیاست وہ لوگ کر رہے ہیں جو سکٹ کے ڈبے، آٹے کے تھیلے پر اپنی تصویر لگاتے ہیں، کی پریس کانفرنس سے خطاب

کراچی (بیورو رپورٹ) سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ پنجاب حکومت ہماری آڑ میں......... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

اس بار بھارت انشاءاللہ اپنے طیاروں کے ملبے میں دفن ہوگا، خواجہ آصف

0-6 کے بعد اگر دوبارہ کوشش کی تو اسکور پہلے سے کہیں بہتر ہوگا، مودی اور اس کا ٹولہ اپنی ساکھ کھو بیٹھا

پاکستان اللہ کے نام پہ بنی ریاست ہے، ہمارے محافظ اللہ کے سپاہی ہیں وزیر دفاع کا بھارتی بیانات پر ردعمل

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیر دفاع خواجہ آصف نے بھارت کی اعلیٰ سیکورٹی اسٹیبلشمنٹ کے اشتعال انگیز بیانات پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس دفعہ بھارت ان شاءاللہ اپنے طیاروں کے ملبے میں دفن ہوگا۔ وزیر دفاع نے ایکس (سابقہ ٹوئٹر) پر بیان جاری کرتے ہوئے کہا کہ بھارتی فوجی اور سیاسی قیادت کے بیانات اپنی خاک میں ملی ساکھ کو بحال کرنے کی ناکام کوشش ہے۔ خواجہ آصف نے کہا کہ اگر اتنی فیصلہ کن......... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

بھارت حسد کی آگ میں جل رہا ہے، احسن اقبال

کسی نے پاکستان پر میلی نگاہ ڈالی تو شدت سے جواب ملے گا

نارووال (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر منصوبہ بندی و ترقی احسن اقبال نے کہا ہے کہ بھارتی قیادت پر سوال اٹھا رہے ہیں، بھارتی قیادت اپنے عوام کو خوش کرنے......... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

بحیرہ عرب میں شدید سمندری طوفان شکتی کا الرٹ جاری

سندھ اور بلوچستان میں بارش کا امکان، سمندر میں طغیانی کا بھی امکان

کراچی (بیورو رپورٹ) شمال مغربی بحیرہ عرب میں شدید سمندری طوفان شکتی کا 10 واں الرٹ جاری کر دیا گیا ہے تاہم طوفان کراچی سے مزید دور ہو گیا ہے جبکہ اس......... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت ٹیکس نظام کا فوری اور جامع جائزہ لے، بزنس فورم

میثاق معیشت پر دستخط کیوں نہیں کیے جا رہے، تاخیر کی کیا وجوہات ہیں

انڈسٹری اور زراعت کو واپس وفاقی حکومت کے سپرد کیا جائے، صدر خواجہ محبوب

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان بزنس فورم نے ملکی گروتھ ماڈل پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت ٹیکس نظام کا فوری اور جامع جائزہ لے۔ پاکستان بزنس فورم کے صدر خواجہ محبوب الرحمان نے ایک بیان میں کہا کہ ڈیٹ ٹو جی ڈی پی 13 فیصد سے بڑھ کر 70 فیصد ہو گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملکی قرضہ 80 ہزار 600 ارب اور مالیاتی خسارہ 7100 ارب روپے پر پہنچ چکا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ساری سیاسی جماعتوں کو میثاق معیشت پر......... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

بٹ کوائن کا نیا ریکارڈ، قیمت تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی

نیویارک (بیورو رپورٹ) بٹ کوائن نے اتوار کو ایک نیا ریکارڈ قائم کیا اور ڈیجیٹل کرنسی کی قیمت تاریخ کی بلند ترین سطح ایک لاکھ 25 ہزار ڈالر کی حد عبور کر گئی۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق دنیا کی سب سے بڑی......... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

انڈونیشیا کی جیلوں میں بھی دس پاکستانی قیدیوں کا انکشاف

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) انڈونیشیا کی جیلوں میں بھی دس پاکستانی قیدیوں کا انکشاف ہوا ہے۔ یہ قیدی منشیات کی اسمگلنگ، منی لانڈرنگ، انسانی اسمگلنگ میں ملوث ہیں۔ دستیاب دستاویز کے مطابق ایک......... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان، ڈیفالٹ رسک میں نمایاں کمی، ترکی کے بعد دوسرا ملک بن گیا

پاکستان نے دنیا بھر میں دوسری سب سے زیادہ بہتری دکھائی ہے، مشیر خزانہ کے اعداد و شمار

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر خزانہ کے مشیر خرم شہزاد نے کہا ہے کہ بلومبرگ کے تازہ ترین اعداد و شمار کے مطابق پاکستان نے دنیا بھر میں سوورن ڈیفالٹ رسک میں کمی کے لحاظ سے دوسری سب سے زیادہ بہتری دکھائی ہے۔ اتوار کو وفاقی......... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

ملازم کی پنشن کوئی عنایت یا خیرات نہیں، ایک آئینی حق ہے، جسٹس منصور علی شاہ

آرٹیکل 9 کے مطابق کسی شخص کو قانون کے مطابق عمل کے بغیر زندگی یا آزادی سے محروم نہیں کیا جا سکتا، سپریم کورٹ

درخواست گزار آرڈیننس 2001 کی سیکشن 5 اور پنشن کی ریگولیشن 15 (1A) کے تحت اضافی پنشن کا حق دار ہے

پنشن زندگی، وقار اور روزی کے حق سے گہرا تعلق رکھتی ہے، بڑھاپے میں اگر گزر بسر کی سہولت نہ ہو تو یہ حقوق بے معنی ہیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ کے جسٹس سید منصور علی شاہ نے اپنے حالیہ فیصلے میں قرار دیا ہے کہ کسی بھی ملازم کی پنشن کوئی عنایت، خیرات یا کرم کا معاملہ نہیں، بلکہ یہ آئین کے آرٹیکل 9 اور 14 کے تحت ایک تحفظ یافتہ حق ہے۔ آرٹیکل 9 کے مطابق کسی شخص......... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

آئی سی سی ویمنز ورلڈ کپ، بھارت نے پاکستان کو شکست دے دی

بھارتی ٹیم نے پہلے کھیلتے ہوئے 10 وکٹوں کے نقصان پر 247 رنز بنائے

248 رنز کے ہدف کے تعاقب میں پاکستان کی پوری ٹیم 159 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی

کولمبو (م ڈ) آئی سی سی ویمنز ورلڈ کپ کرکٹ کے میچ میں بھارت نے پاکستان کو 88 رنز سے شکست دے دی۔ کولمبو میں کھیلے گئے میچ میں پاکستان ویمن ٹیم کی کپتان فاطمہ ثنا نے ٹاس جیت کر بھارت کو بیٹنگ کی دعوت دی۔ بھارت نے پہلے کھیلتے ہوئے 10 وکٹوں کے نقصان پر 247 رنز بنائے، جواب میں پاکستانی ٹیم 159 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ اس سے قبل بھارتی......... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

بنوں، نامعلوم افراد کا حملہ، ایک سیکورٹی اہلکار شہید، دوسرا زخمی

لاش اور زخمی اہلکار کو ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال بنوں منتقل کر دیا گیا

بنوں (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا کے ضلع بنوں کے قریب نامعلوم حملہ آوروں کی فائرنگ سے ایک سیکورٹی اہلکار شہید اور دوسرا زخمی ہوگیا۔ بنوں پولیس کے ترجمان......... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان میں 3 سپر مون میں سے پہلا منگل کو نظر آئے گا، سپارکو

سپر مون مکمل چاند سے 6.6 فیصد بڑا اور 13 فیصد زیادہ روشن نظر آئے گا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسپیس اینڈ اپر ایٹموسفیر ریسرچ کمیشن (سپارکو) نے اعلان کیا ہے کہ پاکستان کے آسمان پر منگل 7 اکتوبر کی شب شاندار سپر مون......... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

قبائلی دشمنیوں نے بلوچستان کو دہشتگردی سے زیادہ نقصان پہنچایا ہے، یوسف خلجی

قبائلی، سیاسی، سماجی رہنماؤں کو ذاتی مفادات کی طرح عوامی مفاد کیلئے بھی متحد ہونے کی ضرورت ہے

بلوچستان سے قبائلی دشمنیوں کے خاتمے کیلئے بھی کوئی سیاسی، مذہبی جماعت آل پارٹیز کانفرنس بلا جرگہ بلائے

لمز فکریہ ہے کہ جن نوجوان کے ہاتھوں میں قلم اور کتاب ہونی چاہئے تھی وہ بندوق اٹھائے ہوئے ہیں، سربراہ بلوچستان امن جرگہ

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان امن جرگے کے سربراہ الحاج یوسف خلجی نے کہا ہے کہ سیاسی اور مذہبی جماعتوں کے قائدین اپنے مفادات کے تحفظ کیلئے ایک طبقہ کھڑا ہوجاتا ہے جو کہ عوام کے مسائل کے حل اور عوام میں قبائلی دشمنیوں کے خاتمے کیلئے بھی اکٹھے نہیں ہوتے ہیں، بلوچستان کی خیر و ترقی کیلئے سیاست اور قبائلی طبقہ کو الگ الگ آنکھ ہوگا۔ یہ بیانیہ جاری ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی سیاسی و قبائلی دشمنیوں نے بلوچستان کو دہشتگردی سے زیادہ نقصان پہنچایا ہے، انتہا خاموش دہشتگردی نے نہیں پہنچایا ہے، انتہا خاموش دہشتگردی نے نہیں پہنچایا ہے قبائلی دشمنیوں کے خاتمے کیلئے بھی کوئی سیاسی اور مذہبی جماعت آل پارٹیز کانفرنس بلا جرگہ بلائے، یہ بیان میں انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی سیاسی و مذہبی جماعتوں کے قائدین کے مفادات کے تحفظ کیلئے ایک طبقہ کھڑا ہوجاتا ہے جو کہ عوام کے مسائل کے حل اور عوام میں قبائلی دشمنیوں کے خاتمے کیلئے بھی اکٹھے نہیں ہوتے ہیں، بلوچستان کی خیر و ترقی کیلئے سیاست اور قبائلی طبقہ کو الگ الگ آنکھ ہوگا۔ یہ بیانیہ جاری ہونے والے ایک

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب
ایگزیکٹو ایڈیٹر سید کامران ممتاز

ملک کی ترقی اور خوشحالی میں اساتذہ کرام کا کلیدی کردار ہے، جمال شاہ کاکڑ

ہمارے نوجوانوں کے مستقبل کو روشن بنانے والے اساتذہ کرام کی صلاحیتوں پر پوری قوم کو ناز ہے، رکن قومی اسمبلی

اساتذہ کرام ہی پڑھے لکھے بلوچستان کے خواب کو حقیقت میں بدلنے میں مدد فراہم کر سکتے ہیں، عالمی دن پر پیغام

ہب (اے این این) پاکستان مسلم لیگ ن کے صوبائی جنرل سیکرٹری و رکن قومی اسمبلی سید جمال شاہ کاکڑ نے بلوچستان سمیت ملک بھر کے اساتذہ کرام کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ملک کی ترقی اور ہمارے مستقبل کو روشن بنانے والے اس اساتذہ کرام کی صلاحیتوں پر پوری قوم کو ناز ہے جنہوں نے اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے مایاناز سائنس دان انجینئرز ڈاکٹرز بہترین اساتذہ کرام اور بہترین نوجوان دیئے جن کی محنت لگن اور صلاحیتوں کے باعث ملک و قوم ترقی کی جانب تیزی کے ساتھ گامزن ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے اساتذہ کرام کے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں کیا اس موقع پر وزیراعظم یوتھ پروگرام کے صوبائی کوآرڈی نیٹر مسلم لیگ ن سینٹرل ورکنگ کمیٹی کے رکن میر حیدر خان اچکزئی پاکستان مسلم لیگ ن کے مرکزی سینئر رہنما سابق صوبائی سیکرٹری اطلاعات ایڈووکیٹ فرید افغان پاکستان مسلم لیگ ن لیبر ونگ کے صوبائی صدر منیر احمد مسوری بھی موجود تھے پاکستان مسلم لیگ ن کے صوبائی جنرل سیکرٹری و رکن قومی اسمبلی سید جمال شاہ کاکڑ نے ٹیچرز ڈے کے موقع پر مزید کہا کہ مہذب اور تعلیم یافتہ معاشرے کی تعمیر میں اساتذہ کا کردار بنیادی اہمیت کا حامل ہے صوبے میں تعلیم کی فروغ اور اساتذہ کے حقوق کے تحفظ کیلئے متعدد اقدامات اٹھائے گئے جو قومیں اپنے اساتذہ کو جائز مقام دیتی ہیں اور ان کے حقوق کا تحفظ کرتی ہیں، کامیابیاں ان کے قدم چومتی ہیں مہذب معاشرہ میں استاد کو قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے اساتذہ ہی بچوں میں تجسس پیدا کرکے انہیں اعلیٰ ترقی کی راہ پر گامزن کرتے ہیں، استاد کا اپنے طلبہ کے مستقبل کو روشن کرنے کا جذبہ لائق تحسین ہے بلوچستان کے تناظر میں اساتذہ کی ذمہ داریاں دگنی ہو جاتی ہیں، ہمارے اساتذہ کرام ہی پڑھے لکھے بلوچستان کے خواب کو حقیقت میں بدلنے میں مدد فراہم کر سکتے ہیں، خواتین اساتذہ ضروری سہولیات کے فقدان کے باوجود دیانتداری سے فرائض انجام دے رہی ہیں، ہم تمام اساتذہ کرام کی پیشہ ورانہ مہارت کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔

انٹر یونیورسٹیز اسپورٹس فیسٹیول، جامعہ مکران کی نمایاں کارکردگی

فٹبال اور کرکٹ ٹیمیں بہترین کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے سیمی فائنل تک پہنچ گئیں

پنجگور (این این آئی) بلوچستان انٹر یونیورسٹیز اسپورٹس فیسٹیول 2025 میں یونیورسٹی آف مکران کی فٹبال اور کرکٹ ٹیموں نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے سیمی فائنل تک رسائی حاصل کرلی۔ یہ کامیابی نہ صرف یونیورسٹی بلکہ پورے پنجگور کے لیے فخر کا باعث ہے ٹیموں کی تربیت اور رہنمائی شہباز احمد اور ابراہیم جان نے کی، جن کی محنت اور رہنمائی نے طلباء کو اعتماد اور حوصلہ بخشا یونیورسٹی کی اس کامیابی پر طلباء و طالبات میں خوشی کی لہر دوڑ گئی۔ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ممتاز احمد بلوچ نے بھی ٹیم کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے اسے یونیورسٹی کیلئے ایک مثبت قدم قرار دیا یونیورسٹی آف مکران کی یہ کامیابی ثابت کرتی ہے کہ مکران کے نوجوانوں میں ٹیلنٹ اور جذبے کی کوئی کمی نہیں، بس انہیں مناسب مواقع اور رہنمائی کی ضرورت ہے۔

آئندہ ماہ صیام 19 فروری سے شروع ہونے کا امکان، ماہرین فلکیات

سورج غروب ہونے کے ایک منٹ بعد چاند غروب ہوجائیگا، اماراتی فلکیاتی سوسائٹی

کوئٹہ (یو این اے) ماہرین فلکیات نے پیشگوئی کی ہے کہ سال 2026 میں رمضان المبارک 19 فروری بروز جمعرات سے شروع ہونے کا امکان ہے۔ اس حساب سے رمضان کے آغاز میں اب صرف 139 دن باقی ہیں۔ یہ پیشگوئی ابتدائی فلکیاتی حسابات کی بنیاد پر اماراتی فلکیاتی سوسائٹی نے جاری کی ہے۔ اماراتی ... سے پہلا روزہ جمعرات 19 فروری کو ہونے کا امکان ظاہر کیا گیا ہے، البتہ حتمی اعلان چاند دیکھنے والی سرکاری کمیٹی کرے گی۔ ابراہیم الجروان کے مطابق ابوظہبی میں رمضان کے آغاز پر روزے کا دورانیہ تقریباً 12 گھنٹے 46 منٹ ہوگا، جو مہینے کے آخر تک بڑھ کر 13 گھنٹے 25 منٹ تک پہنچ جائے گا۔ دن کی روشنی کے اوقات بھی ...

قلعہ عبداللہ و گردونواح میں تیز ہواؤں کا سلسلہ شروع

قلعہ عبداللہ (یو این اے) قلعہ عبداللہ اور گردونواح میں آج دوپہر کو موسم نے اچانک کروٹ لی آسمان پر ہلکے بادل چھا گئے جبکہ وقفے وقفے سے تیز ہواؤں کا سلسلہ بھی جاری رہا۔ تیز جھونکوں سے درختوں کی شاخیں جھومنے لگیں اور بعض مقامات پر گرد و غبار کے باعث فضا مٹیالے رنگ کی ہوگئی۔ تاہم ابھی تک بارش کی کوئی پیشگوئی نہیں کی گئی۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ ہوا کے باعث موسم میں ٹھنڈک اور راحت محسوس ہو رہی ہے، جس سے گرمی کی شدت میں کمی آئی ہے۔ دوسری جانب بعض علاقوں میں بجلی کی آنکھ مچولی بھی جاری ہے۔

سنجاوی و مضافات میں وقفے وقفے سے بارش کا سلسلہ جاری

سنجاوی (یو این اے) سنجاوی اور مضافاتی علاقوں میں وقفے وقفے سے بارش کا سلسلہ جاری ہے۔ بارش کے باعث موسم خوشگوار ہوگیا اور گرمی کا زور ٹوٹ گیا۔ ...

معاشی استحکام کیلئے صنعتوں کو سستی بجلی و گیس فراہم کی جائے، خالد مسعود

بجلی و گیس کے زیادہ نرخ صنعتی پیداوار، روزگار اور کاروبار کو نقصان پہنچا رہے ہیں، خطاب

کوئٹہ (آن لائن) رائل ٹیگ برانڈ کے پروڈکشن ڈائریکٹر محمد خالد مسعود کمبوہ نے کہا ہے کہ بجلی و گیس کے زیادہ نرخ صنعتی پیداوار، روزگار کے مواقع اور کاروباری استحکام کو نقصان پہنچا رہے ہیں، جس کے باعث پاکستان کی صنعتیں عالمی سطح پر مسابقتی حیثیت کھو رہی ہیں لہٰذا حکومت سے مطالبہ ہے کہ ٹیکسٹائل انڈسٹری سمیت دیگر صنعتوں کو سستی بجلی و گیس فراہم کی جائے تاکہ صنعتوں کو ریلیف اور ملکی معیشت کو استحکام مل سکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ رائل ٹیگ برانڈ کے پروڈکشن ڈائریکٹر محمد خالد مسعود کمبوہ نے کہا کہ صنعتی ترقی اور برآمدات بڑھانے کیلئے صنعتوں کو کم لاگت پر بجلی و گیس کی فراہمی یقینی بنائی جائے، ٹیکسٹائل برآمدات بڑھانے کیلئے بجلی اور گیس کی مسلسل فراہمی کیساتھ کاروباری حضرات کو مراعات دی جائیں تاکہ ٹیکسٹائل شعبہ حکومتی ریونیو میں اضافہ کا باعث بنے، ملک میں ٹیکسٹائل سمیت دیگر انڈسٹریز کی ترقی کیلئے بھی صنعت دوست پالیسیاں بنائی جائیں تاکہ پاکستانی معیشت کو استحکام مل سکے۔ انہوں نے حکومت اور ریگولیٹری اداروں پر زور دیا کہ وہ صنعتوں کے تحفظ کیلئے فوری اصلاحات نافذ کریں اور شفاف و منصفانہ ریگولیٹری اقدامات یقینی بنائے جائیں۔

پچی، ڈپٹی کمشنر جمعداد مندوخیل گرلز سکول ڈھاڈر کا دورہ کر رہے ہیں

پنجگور: نجی تعلیمی ادارے کے زیر اہتمام مقابلہ حسن قرأت

حسنین نادر نے پہلی، بمیر داد نے دوسری جبکہ تیسری پوزیشن مدثر نے حاصل کی

پنجگور (این این آئی) دی او پیس اکیڈمی پنجگور کے زیر اہتمام مقابلہ حسن قرات کی تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں پنجگور کے دینی مدارس اور عصری تعلیمی اداروں کے طلبہ نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا تقریب کے مہمان خاص جمعیت علمائے اسلام کے ضلعی امیر حافظ محمد اعظم بلوچ تھے جبکہ دیگر مہمانوں میں خطیب جامع مسجد پنجگور مولانا علی احمد ممتاز عالم دین مولانا عبدالحلیم، جماعت اسلامی پنجگور کے امیر حافظ صفی اللہ جمعیت کے صوبائی رہنما حاجی عبدالعزیز بلوچ نوجوان مذہبی اسکالر مفتی محمد آصف عثمان، ڈائریکٹر دی او پیس اکیڈمی میجر ریٹائرڈ حسین علی، پرنسپل نظر علی، سینئر استاد عبداللہ کریم سمیت دیگر شامل تھے مقابلہ میں پہلی پوزیشن معمار نو اکیڈمی کے حسنین نادر، دوسری بمیر داد دارالعلوم گرمکان اور تیسری پوزیشن مدثر ہائی سکول گرمکان کے نام رہی۔ ڈائریکٹر دی او پیس اکیڈمی میجر ریٹائرڈ حسین علی، مفتی محمد آصف، پرنسپل نظر علی اور دیگر مہمانان گرامی نے پوزیشن ہولڈرز اور مقابلے میں حصہ لینے والے طلبہ میں شیلڈ اور دیگر انعامات تقسیم کیے۔

تربت یونیورسٹی میں سمارٹ محقق بننے کے عنوان سے ورکشاپ

اے آئی انسان کی تحقیقی صلاحیتوں کا متبادل نہیں، معاون ثابت ہوسکتی ہے، ڈاکٹر فدا احمد

... میں اساتذہ اور طلبہ نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ ورکشاپ کے ریسورس پرسن تربت یونیورسٹی کے آفس آف ریسرچ، انوویشن اینڈ کمرشلائزیشن کے ڈائریکٹر اور لیکچرر ڈاکٹر فدا احمد نے تحقیقی عمل میں مصنوعی ذہانت کے موثر استعمال پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے تحقیق کے مختلف مراحل جیسے مقالہ جات، تھیسز کی ساخت، لٹریچر ریویو، معلومات کا تجزیہ ... پر زور دیا کہ مصنوعی ذہانت انسان کی تحقیقی صلاحیتوں کا متبادل تو نہیں ہو سکتی البتہ ایک موثر معاون ضرور ثابت ہوگی جو محققین کی کارکردگی اور جدت کو بہتر بنا سکتی ہے۔ ورکشاپ کے شرکاء نے ڈاکٹر فدا احمد کی جانب سے فراہم کردہ عملی رہنمائی کو سراہا اور اسے اپنی تحقیقی صلاحیتوں میں نکھار لانے کے لیے مفید قرار دیا۔

نظام کی تبدیلی کیلئے میدان عمل میں نکلے ہیں، ڈاکٹر حلیم صادق

عوام کے مسائل کا حل اور حقوق کیلئے آواز بلند کرنا ہی ہمارا مشن ہے، بات چیت

کوئٹہ (اے این این) عوام پاکستان پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری پروفیسر ڈاکٹر حلیم صادق نے کہا ہے کہ ہم فرسودہ نظام کی تبدیلی اور عوام کی حکمرانی کیلئے میدان عمل میں نکلے ہیں۔ پارٹی کو بلوچستان میں جو پذیرائی مل رہی ہے وہ بے مثال ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سینئر ارکان کے ایک وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ ملاقات کے دوران پارٹی کے تنظیمی معاملات، سیاسی صورتحال اور مستقبل کی حکمت عملی پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ سینئر ارکان نے پارٹی کو مزید فعال بنانے، کارکنوں کے درمیان رابطے مضبوط کرنے اور عوام کے مسائل کے حل کیلئے بعض تجاویز بھی پیش کیں۔ اس موقع پر پروفیسر ڈاکٹر حلیم صادق نے کہا کہ پارٹی کارکن ہمارا سرمایہ ہیں اور ان کی محنت اور اتحاد سے ہی پارٹی کو مضبوط بنایا جا سکتا ہے۔ عوام کے مسائل حل کرنا اور ان کی آواز بلند کرنا ہمارا مشن ہے۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی کو صوبے کے ہر ضلع تک پہنچانا اور عوام کی شمولیت کو مزید بڑھانا ہماری ترجیح ہے۔ انہوں نے سینئر کارکنوں پر زور دیا کہ وہ اتحاد اور نظم و ضبط کے ساتھ عوام کی خدمت کریں۔

اساتذہ کا احترام کرنیوالی قومیں ہی عروج پاتی ہیں، اہلسنت و جماعت

حکومت پالیسیوں میں اساتذہ کے مسائل کے حل کو اولین ترجیح دے، ذوالفقار علی

کوئٹہ (اے این این) اہل سنت و جماعت کے رہنما ذوالفقار علی طارق قادری نے آستانہ عالیہ فیضان اولیاء میں طلباء کی تربیتی نشست سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سب سے بڑے، عظیم اور کامل معلم رہنما ہمارے آقا و مولا حضرت محمد ﷺ ہیں جنہوں نے جہالت کے ... اساتذہ کی عزت و تکریم کو اپنا شعار بناتی ہیں۔ استاد بچوں کے مستقبل کے معمار اور معاشرتی تربیت کے حقیقی ستون ہیں۔ ان کی خدمات، محنت اور قربانیاں ناقابل فراموش ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایک باوقار، بااختیار اور باعزت استاد ہی مہذب، باشعور اور ترقی یافتہ ...

واسا ملازمین کو تنخواہیں و پنشنز ادا کی جائیں، ایمپلائز یونین

نیت صاف ہو تو عہدوں کی ضرورت نہیں ہوتی، ہمایوں اختر خان

... فراہمی کا منصوبہ حاصل کرنے کیلئے ہر ممکن جدوجہد کر رہے ہیں، نیت صاف ہو تو عہدوں کی ضرورت نہیں ہوتی، ہم ہرگز کسی دوسرے کے کام کا کریڈٹ نہیں لیں گے لیکن کسی کو اپنے کام کا کریڈٹ لینے بھی نہیں دیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے حلقہ این اے 97 کے علاقہ چک نمبر 551 بازار والا، چک نمبر 541 گ ب میں سردارے کے ترحانہ میں بجلی کے وولٹیج کے دیرینہ مسئلہ کے حل کیلئے 100KV کے نئے ٹرانسفارمر کی تنصیب، چک نمبر 507 گ ب میں بجلی کے کھمبوں اور بجلی کی تاروں کے دیرینہ مسئلہ کے حل ہونے کی خوشی میں منعقدہ تقریبات سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ہمایوں اختر خان نے کہا کہ عوام کی پسماندگی دور ... عار محسوس نہیں کریں گے کیونکہ ہمارے پیش نظر صرف عوام کی فلاح و بہبود اور حلقے کی تعمیر و ترقی ہے۔ ... این اے 97 خصوصاً ماموں کانجن کے علاقوں میں پینے کے صاف پانی کی فراہمی بڑا مسئلہ ہے ... صاف پانی کی فراہمی کیلئے غیر ملکی معاونت بارے آگاہی حاصل ہوئی ہے، جدوجہد جاری ہے اگر اللہ تعالیٰ کی مدد سے ہم یہ منصوبہ حاصل کرنے میں کامیاب ہوتے ہیں تو ہم حلقے کے لئے 90 فلٹریشن پلانٹس لگیں گے۔

تعلیمی منصوبوں کی کامیابی میں اساتذہ کی محنت اور لگن بنیادی عنصر ہے، عبدالواحد بلوچ

بلوچستان ایجوکیشن فاؤنڈیشن صوبے میں معیاری تعلیم کے فروغ اور تعلیمی اداروں کی بہتری کے لیے کوشاں ہے

اساتذہ کی فلاح و بہبود، پیشہ ورانہ تربیت، استعداد کار میں اضافے و سہولیات کی فراہمی کیلئے اقدامات جاری ہیں

کوئٹہ (اے پی پی) عالمی یوم اساتذہ کے موقع پر بلوچستان ایجوکیشن فاؤنڈیشن (بیف) کے منیجنگ ڈائریکٹر عبدالواحد شاکر بلوچ نے اپنے خصوصی پیغام میں ملک بھر خصوصاً بلوچستان کے اساتذہ کو خراج تحسین پیش کیا اور ان کی تعلیمی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ اساتذہ کسی بھی معاشرے کی فکری، سماجی اور اخلاقی ترقی کی بنیاد ہوتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اساتذہ صرف علم بانٹنے والے نہیں بلکہ قوم کے معمار اور رہنمائی کے مینار ہیں۔ بلوچستان کے دور دراز علاقوں میں تعلیمی مشن کو جاری رکھنے والے اساتذہ ہمارے لیے مشعل راہ ہیں۔ بیف ان کی خدمات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے اور ہر ممکن معاونت کے لیے پرعزم ہے۔ عبدالواحد شاکر بلوچ نے کہا کہ بلوچستان ایجوکیشن فاؤنڈیشن صوبے میں معیاری تعلیم کے فروغ اور تعلیمی اداروں کی بہتری کے لیے کوشاں ہے، اور اس مشن میں اساتذہ کا کردار کلیدی حیثیت رکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بیف کے تحت جاری تعلیمی منصوبوں کی کامیابی میں اساتذہ کی محنت اور لگن بنیادی عنصر ہے۔ ایم ڈی بیف نے کہا کہ ادارہ نہ صرف تعلیم کے فروغ بلکہ اساتذہ کی فلاح و بہبود، پیشہ ورانہ تربیت، استعداد کار میں اضافے اور سہولیات کی فراہمی کے لیے بھی پالیسی سطح پر سنجیدہ اقدامات کر رہا ہے۔ ان کے مطابق مستقبل قریب میں اساتذہ کے لیے جدید تربیتی پروگرام، ٹیکنالوجی سے ہم آہنگ تعلیمی وسائل، اور دور دراز علاقوں میں خدمات سرانجام دینے والے اساتذہ کے لیے خصوصی مراعات کا منصوبہ زیر غور ہے۔

کوئٹہ، بلوچستان پرائیویٹ سکولز نیٹ ورک کے زیر اہتمام ٹیچرز ڈے کے موقع پر اساتذہ میں شیلڈ اور سرٹیفکیٹ تقسیم کر رہے ہیں

سردار صالح بھوتانی بی اے پی کو مزید فعال بنائینگے، آغا شمیم بہار

صوبائی صدر کی قیادت میں پارٹی عوامی خدمت کا تسلسل جاری رکھے گی، گفتگو

بیلا (یو این اے) بھوتانی ہاؤس کراچی میں سابق صوبائی وزیر سردار محمد صالح بھوتانی سے محمد حسنی ... منتخب ہونے پر مبارکباد پیش کی اور سیاسی امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ وفد نے اس امید کا اظہار کیا ...

وندر: روحانی طلبہ جماعت کی ہفتہ وار محفل ذکر و نعت کا انعقاد

وندر (یو این اے) روحانی طلبہ جماعت برانچ طاہری فقیر وندر سٹی کی ہفتہ وار محفل ذکر و نعت منعقد ہوئی۔ جس کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ...

بلوچستان میں بارڈرز بندش سے عوام فاقوں پر مجبور ہیں، جمعیت

منگلا ڈیم سیلابی علاقے میں زمین سرکنے سے 16 مکانات دھنس گئے

کوئٹہ، پشتونخوامیپ کے صوبائی ڈپٹی کنوینر منان خان بڑیچ پشتونباغ ڈیم میر اکیلا علاقائی یونٹ کے نو منتخب کابینہ سے حلف لے رہے ہیں

پاکستان سمیت تمام اسلامی ممالک فلسطین کی مکمل حمایت کریں، روی کمار پہوجہ

اب اسرائیل کی مذمت نہیں بلکہ مرمت کی ضرورت ہے اسرائیل نے فلسطین پر ناجائز قبضہ کر کے تمام حدین پار کرلیں

یہ وقت مسلم امہ کے اتحاد کا وقت ہے اور اپنے فلسطینی بھائیوں کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑا ہونے کا ٹائم ہے، رکن اسمبلی

کوئٹہ (آئی این پی) جمعیت علماء اسلام اقلیتی امور کے صوبائی صدر رکن بلوچستان اسمبلی روی کمار پہوجہ نے فلسطین پر اسرائیل کی جانب سے مسلسل جان لیوا حملے اور فلسطینی عوام پر ڈھائے جانے والے مظالم کی پرزور مذمت کرتے ہوئے کہا کہ اب اسرائیل کی مذمت نہیں بلکہ مرمت کی ضرورت ہے ...

ہاتھ سے بنے قالینوں کی عالمی نمائش کا (کل) سے آغاز ہوگا

نمائش میں بڑے پیمانے پر برآمدی سودے ہوں گے، چیئرمین ریاض احمد

لاہور (بیورو رپورٹ) پاکستان کارپٹ مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن اور ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی پاکستان کے اشتراک سے ہاتھ سے بنے قالینوں کی 41ویں عالمی نمائش کل (منگل) سے صوبائی دارالحکومت لاہور میں شروع ہوگی جس میں ... ہونے والی عالمی نمائش میں مختلف خطوں کے 40 ممالک سے 100 کے قریب غیر ملکی کمپنیوں نے رجسٹریشن کرائی ہے جن کی آمد شروع ہوگئی ہے ...

پاکستان میں بڑی بین الاقوامی کانفرنسز کیلئے کنونشن ہال تیار کرنیکا فیصلہ

نئے کنونشن ہال کو بین الاقوامی معیار اور جدید دور کے تقاضوں کے مطابق تیار کیا جائے، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی

منصوبے کے ڈیزائن کیلئے بین الاقوامی و مقامی آرکیٹیکٹس کی خدمات حاصل کی جائیں، اجلاس میں حکام کو ہدایت

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی زیر صدارت سی ڈی اے ہیڈکوارٹرز میں 3 گھنٹے طویل اجلاس منعقد ہوا۔ وزیر مملکت داخلہ طلال چوہدری اور سیکرٹری داخلہ محمد خرم آغا نے اجلاس میں شرکت کی۔ اجلاس میں اسلام آباد میں جاری ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور وزیراعظم کی ہدایت پر ایس سی او کانفرنس 2027 سے قبل نئے کنونشن سنٹر کی تعمیر پر مشاورت کی گئی۔ اجلاس میں جناح کنونشن کے ساتھ دوسرا بڑا کنونشن ہال تعمیر کرنے کا اصولی فیصلہ کیا گیا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ نئے کنونشن ہال کا منصوبہ متعدد بڑے کانفرنس و میٹنگ رومز سمیت وسیع کنونشن ہال پر مشتمل ہونا چاہیے۔ وزیر داخلہ نے ہدایت کی کہ نئے کنونشن ہال کو بین الاقوامی معیار اور جدید دور کے تقاضوں کے مطابق تیار کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ منصوبے کی تکمیل سے پاکستان میں بڑی بین الاقوامی کانفرنسز کے انعقاد میں آسانی ہوگی۔ وزیر داخلہ نے مزید ہدایت کی کہ منصوبے کے ڈیزائن کیلئے بین الاقوامی و مقامی بہترین آرکیٹیکٹس کی خدمات حاصل کی جائیں۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے اجلاس میں اسلام آباد ایکسپریس وے کی کمرشلائزیشن کا جامع پلان طلب بھی کر لیا۔ اجلاس میں اسلام آباد میں نئے پولیس تھانوں کی تعمیر پر پیشرفت کا جائزہ لیا گیا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے 6 تھانوں کے تعمیراتی کام 45 دن میں مکمل کرنے کا ٹاسک دیا۔ چیئرمین سی ڈی اے محمد علی رندھاوا نے وزیر داخلہ محسن نقوی کو تفصیلی بریفنگ میں بتایا کہ مزید 10 تھانوں کی تعمیر کیلئے ٹینڈر جاری کر دیا گیا ہے، پارلیمنٹ لاجز کے نئے بلاک کی تعمیر کا کام مقررہ مدت میں مکمل کر لیا جائے گا، ٹی چوک فلائی اوور منصوبے کی تمام پائلز کو مکمل کر لیا گیا ہے، شاہین چوک کا سنگ بنیاد جلد رکھا جائے گا، پاک سیکرٹریٹ کے آر بلاک کی عمارت کی بحالی تکمیل کے آخری مراحل میں ہے، چیئرمین سی ڈی اے، ڈپٹی کمشنر اسلام آباد، ممبران سی ڈی اے اور اعلیٰ افسران اجلاس میں شریک ہوئے۔

ژوب: مختلف مقدمات میں مطلوب شخص گرفتار

لورالائی (این این آئی) ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس لورالائی رینج جنید احمد شیخ کے احکامات اور ایس پی ژوب زاہد حسین شاہ کے ہدایات پر ایس ایچ او تھانہ ژوب انسپکٹر فرمان علی کھوسہ کی سربراہی میں پولیس ٹیم نے کامیاب کارروائی کرتے ہوئے 7ATA، اقدام قتل، چوری، ڈکیتی اور دیگر مقدمات میں مطلوب اشتہاری /مفرور ملزم قائم ولد آزاد خان قوم وینچی ساکن ژوب کو گرفتار کرلیا پولیس کے مطابق ملزم مختلف سنگین نوعیت کے مقدمات میں طویل عرصے سے مطلوب تھا۔ گرفتار ملزم سے مزید تفتیش جاری ہے۔

جمعیت کی صوبائی مجلس عاملہ کا اجلاس، کانفرنس کی تیاریوں کا جائزہ

صوبائی رضاکاروں کو اسٹیج اور سیکورٹی کے فرائض سرانجام دینے کی ہدایت

اجلاس میں شریک قائدین کا مفتی محمود کانفرنس کو تاریخی اجتماع بنانے کا عزم

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام بلوچستان کی مجلس عاملہ کا اجلاس کوئٹہ میں ہوا، جس میں ... کے امرا کو کانفرنس میں بھرپور شرکت یقینی بنانے کی ہدایت دی گئی، جبکہ ان کی کارکردگی کو تسلی بخش ...

پشاور، میینہ پولیس مقابلے میں زیر حراست ملزم ساتھی سمیت ہلاک

پشاور (بیورو رپورٹ) پنجاب کے شہروں کے بعد خیبرپختونخوا کے مرکزی شہر پشاور میں بھی ریکوری کے وقت زیر حراست ملزم ساتھیوں کے حملے میں ہلاک ہونے لگے۔ پشاور پولیس کا کہنا ہے کہ پشاور ...

ایس ایچ او چمن ولی کاکڑ شہر میں پبلک کال آفسز پر چھاپے کے دوران کالے شیشوں کو صاف اور غیر اخلاقی پوسٹرز کو ہٹا رہے ہیں

باشعور، تعلیم یافتہ اور بااخلاق معاشرے کی بنیاد استاد ہی رکھتا ہے، میر جان جمالی

بلوچستان جیسے پسماندہ صوبے میں تعلیم کے فروغ کے لیے اساتذہ نے جو خدمات انجام دی ہیں وہ قابل تحسین ہیں

حکومت اساتذہ کی تنخواہوں میں مہنگائی کے تناسب سے اضافہ کریں، عالمی یوم کے موقع پر اساتذہ سے بات چیت

کوئٹہ (اے پی پی) عالمی یوم اساتذہ کے موقع پر بلوچستان کے سابق وزیراعلیٰ اور بزرگ سیاسی رہنما میر جان محمد خان جمالی سے اساتذہ کے ایک نمائندہ وفد نے ملاقات کی۔ ملاقات میں اساتذہ نے تعلیمی شعبے کو درپیش چیلنجز، اساتذہ کے مسائل، مراعات کی کمی، تربیت کی ضرورت اور تعلیمی اصلاحات کے حوالے سے تفصیلی گفتگو کی۔ میر جان محمد جمالی نے اس موقع پر کہا کہ استاد معاشرے کا معمار ہوتا ہے۔ ایک باشعور، تعلیم یافتہ اور بااخلاق معاشرے کی بنیاد استاد ہی رکھتا ہے۔ بلوچستان جیسے پسماندہ صوبے میں تعلیم کے فروغ کے لیے اساتذہ نے جو خدمات انجام دی ہیں وہ قابل تحسین اور لائق ستائش ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اساتذہ کو صرف تعلیمی اداروں تک محدود نہ رکھا جائے بلکہ پالیسی سازی میں بھی ان کی آراء کو شامل کیا جانا چاہیے تاکہ نظام تعلیم بہتر انداز میں آگے بڑھ سکے۔ اساتذہ کے وفد نے اس موقع پر اپنے مطالبات پیش کرتے ہوئے کہا کہ اساتذہ کی تنخواہوں میں مہنگائی کے تناسب سے اضافہ کیا جائے، تربیتی ورکشاپس اور جدید تدریسی سہولیات فراہم کی جائیں، اور دور دراز علاقوں میں تعینات اساتذہ کو خصوصی مراعات دی جائیں۔ میر جان محمد جمالی نے وفد کو یقین دہانی کرواتے ہوئے کہا کہ وہ اساتذہ کے مسائل اعلیٰ سطح پر اجاگر کرنے میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے۔ انہوں نے حکومت سے بھی مطالبہ کیا کہ یوم اساتذہ کو رسمی تقریب تک محدود نہ رکھا جائے، بلکہ مستقل بنیادوں پر تعلیمی اصلاحات اور اساتذہ کی فلاح و بہبود کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں۔ آخر میں انہوں نے تمام اساتذہ کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا: میں بلوچستان کے ہر استاد کو یوم اساتذہ کی مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ آپ کی محنت ہی اس صوبے کے روشن مستقبل کی ضمانت ہے۔ قوم آپ کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کرے گی۔"

بیوی، بچیوں اور ساس پر تیزاب پھینکنے والا شخص پولیس کے ہاتھوں مارا گیا

لیاقت پور (بیورو رپورٹ) پنجاب کے ضلع رحیم یار ...

بیلا: نیشنل ہیلتھ پروگرام سنٹر میں بنیادی سہولیات کا فقدان

سپروائزرز اور لیڈی ہیلتھ ورکرز کو مشکلات، بیٹھنے کیلئے کرسیاں بھی موجود نہیں

پاکستان سمیت دنیا بھر میں اتوار کو اساتذہ کا عالمی دن منایا گیا

دن کو منانے کا مقصد معاشرے میں استاد کے کلیدی کردار کو اجاگر کرنا ہے

کراچی: پولیس اور ملزمان کے درمیان مبینہ مقابلہ، دو ملزمان زخمی حالت میں گرفتار

... ملزمان زخمی حالت میں گرفتار کرلئے گئے۔ ریسکیو حکام کے مطابق زخمی ملزمان کو فوری طور پر عباسی شہید اسپتال منتقل کیا گیا، جہاں انہیں طبی امداد دی جا رہی ہے۔ ایدھی کے مطابق دونوں ملزمان کو اسپتال میں زیر علاج رکھا گیا ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ مقابلے کے بعد ملزمان کے قبضے سے اسلحہ بھی برآمد ہوا ہے، جسے تحویل میں لے کر فرانزک کے لیے بھجوایا جائے گا۔ حکام کے مطابق گرفتار ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے۔

ڈپٹی کمشنر سبی میجر (ر) الیاس کبزئی بلوچستان کمیونٹی ڈویلپمنٹ انیشیٹو کے تحت گاؤں میں کمیونٹی واٹر سپلائی سکیم کے افتتاح کے بعد پانی کی روانی چیک کر رہے ہیں

ضلع سبی میں تعلیمی معیار کی بہتری کیلئے ہر ممکن اقدام اٹھائینگے، ڈی سی

جی جی ایچ ایس لونی میں نئی عمارت، جی جی ایچ ایس مچھ میں آئی ٹی لیب اور جی بی ایچ ایس تلی میں آئی ٹی لیب کا افتتاح کردیا گیا

جی جی ایچ ایس لونی نظم و ضبط اور معیاری تدریس کے لحاظ سے ایک بہترین تعلیمی ادارہ ہے۔ دو دن کے اندر ملٹی میڈیا فراہم کردیا جائے گا، ڈی سی

سبی (سلیم گشکوری) ڈپٹی کمشنر سبی میجر (ر) الیاس کبزئی نے گزشتہ روز ورلڈ بینک اسپائر پروجیکٹ کے تحت گورنمنٹ گرلز ہائی سکول لونی کی تین کمروں اور برآمدے پر مشتمل نئی عمارت کا افتتاح اسکول کی سینئر ٹیچر سے کروایا گیا۔ اسکول آمد پر ننھی طالبات ... سکول کے مسائل پر روشنی ڈالی۔ ڈپٹی کمشنر سبی میجر (ر) الیاس کبزئی نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ گورنمنٹ گرلز ہائی سکول لونی نظم و ضبط اور معیاری تدریس کے لحاظ سے ایک بہترین تعلیمی ادارہ ہے۔ انہوں نے ہیڈ مسٹریس کی ... جدید آئی ٹی لیب کا افتتاح سکول کی ہیڈ مسٹریس سے کروایا۔ جو مکمل طور پر سولرائز بھی کی گئی ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ جدید سہولیات کی فراہمی سے بچیوں کو معیاری تعلیم کے بہتر مواقع میسر آئیں ...

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق ومغرب (قرآن حکیم)

مشرق

ایگزیکٹو ایڈیٹر:۔ پرنٹر و پبلشر سید کامران ممتاز نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے
چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایڈیٹر سید ممتاز احمدؒ
ٹیلی فون نمبر:۔ 2829164-2821538-2821626 فیکس نمبر:۔ 2830228-2835934
ای میل mashriqqta2008@gmail.com

پیر 6 اکتوبر 2025ء

ابھرتی معیشت: بلوم برگ کی رپورٹ اور حکومتی کاوشیں !!

خبر ہے کہ امریکی جریدے بلوم برگ نے اپنی ایک تازہ رپورٹ میں بتایا ہے کہ پاکستان ان چند ممالک میں شامل ہے جس کے دیوالیہ ہونے کے خدشات میں خاطر خواہ کمی ہوئی ہے اور پاکستان کی کارکردگی دنیا کی ابھرتی ہوئی معیشتوں میں دوسرے نمبر پر ہے۔ بلوم برگ کے تازہ اعداد وشمار کے مطابق پاکستان اُن چند ممالک میں شامل ہے جنہوں نے دیوالیہ ہونے کے خدشات میں سب سے بڑی کمی دکھائی ہے گزشتہ پندرہ مہینوں میں پاکستان کے دیوالیہ ہونے کے امکانات میں بائیس سو پوائنٹس کی نمایاں بہتری آئی۔ یہ پاکستان کی پائیدار معاشی بہتری کا ثبوت ہے کیونکہ ملک وہ واحد معیشت ہے جس نے ہر سہ ماہی میں مسلسل بہتری دکھائی ہے۔ امر واقع یہ ہے کہ پاکستان ایک ابھرتی ہوئی معیشت کے طور پر خود کو منوا رہا ہے۔ بلومبرگ جیسے عالمی جریدے نے حالیہ رپورٹ میں پاکستان کی معاشی بہتری اور دیوالیہ ہونے کے خدشات میں کمی کو سراہا ہے۔ معاشی کارکردگی میں بہتری کا ایک بڑا حصہ موجودہ حکومت کی کوششوں اور اقدامات کا نتیجہ ہے، جنہوں نے معیشت کو مستحکم بنانے کے لئے مسلسل جدوجہد کی ہے۔ موجودہ حکومت کی پالیسیوں، معاشی اصلاحات، اور بین الاقوامی اداروں کے ساتھ تعاون نے پاکستان کو اقتصادی بحران سے نکال کر استحکام کی راہ پر گامزن کیا ہے جس کا اب عالمی سطح پر اعتراف کیا جا رہا ہے بلومبرگ کی تازہ رپورٹ کے مطابق، پاکستان کی کارکردگی دنیا کی ابھرتی ہوئی معیشتوں میں دوسرے نمبر پر آئی ہے۔ اس رپورٹ میں یہ بھی بتایا گیا ہے کہ پاکستان نے گزشتہ پندرہ مہینوں میں اپنے دیوالیہ ہونے کے امکانات میں دو ہزار دو سو پوائنٹس کی نمایاں کمی کی ہے۔ یہ بہتری معاشی پائیداری کی علامت ہے اور اس بات کی غماز ہے کہ ملک نے اقتصادی بحران کے شدید دباؤ کے باوجود اپنے معاشی معاملات کو درست سمت میں لے جانے میں کامیابی حاصل کی ہے اس معاشی کامیابی کے پیچھے کئی اہم عوامل ہیں، جن میں سرکاری اقدامات، ڈھانچہ جاتی اصلاحات، اور بین الاقوامی مالیاتی اداروں کے ساتھ تعاون شامل ہیں۔ آئی ایم ایف پروگرام کے تحت مالیاتی اصلاحات پر عملدرآمد کے ذریعے معیشت کو مستحکم کرنے کی بھرپور کوششیں ثمر بار ہو رہی ہیں حکومت نے آئی ایم ایف کے ساتھ طے شدہ شرائط کو پورا کرتے ہوئے معیشت کو قرضوں کے جال سے نکالنے کے لئے اہم اقدامات کئے۔ ان اصلاحات میں ٹیکس نیٹ کو بڑھانا، مالیاتی خسارے کو کم کرنا، اور توانائی کے شعبے میں اصلاحات شامل ہیں حکومت نے اپنے قرضوں کی بروقت ادائیگی کے ذریعے عالمی سطح پر پاکستان کی مالی ساکھ کو بہتر بنایا ہے۔ اس عمل سے نہ صرف دیوالیہ ہونے کے خدشات میں کمی آئی ہے بلکہ عالمی سطح پر ملک کی مالی ساکھ میں بھی بہتری آئی ہے حکومت نے اقتصادی ترقی کے لئے ڈھانچہ جاتی اصلاحات کو اپنے ایجنڈے کا حصہ بنایا ہے۔ ان اصلاحات میں خاص طور پر صنعتوں، زراعت، اور توانائی کے شعبے میں اصلاحات شامل ہیں، جن سے معیشت کی بنیاد مضبوط ہو رہی ہے۔ یہ اصلاحات ملک کی اقتصادی ترقی کی رفتار کو تیز کرنے میں مدد فراہم کر رہی ہیں معاشی کارکردگی کے بارے میں بین الاقوامی ریٹنگ ایجنسیوں جیسے ایس اینڈ پی، موڈیز، اور فچ کی مثبت درجہ بندیاں بھی اس بات کا اشارہ ہیں کہ پاکستان نے عالمی سطح پر اپنی مالی ساکھ کو مستحکم کیا ہے۔ ان اداروں کی جانب سے دی جانے والی مثبت درجہ بندی سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال کرنے میں اہم کردار ادا کر رہی ہے۔ معاشی استحکام کی ایک بڑی علامت یہ بھی ہے کہ عالمی سرمایہ کاروں کا پاکستان پر اعتماد بحال ہو رہا ہے۔ گزشتہ چند ماہ میں پاکستان میں سرمایہ کاری کے مواقع بڑھنے کے ساتھ ساتھ غیر ملکی سرمایہ کاروں کی آمد بھی متوقع ہے، جس سے ملک کی معیشت مزید مستحکم ہوگی موجودہ حکومت نے معیشت کی بحالی کے لئے متعدد اہم اقدامات اٹھائے ہیں۔ ان اقدامات کا مقصد نہ صرف معیشت کو مستحکم کرنا ہے بلکہ عوام کے معیار زندگی میں بھی بہتری لانا ہے۔ حکومت نے توانائی کے شعبے میں اصلاحات متعارف کرائیں جن کا مقصد توانائی کی قیمتوں میں کمی لانا اور توانائی کے بحران کو حل کرنا ہے۔ ان اصلاحات کے ذریعے حکومت نے توانائی کے شعبے میں سرمایہ کاری کو فروغ دیا ہے اور توانائی کی کمی کو دور کرنے کے لئے نئی توانائی منصوبوں پر کام شروع کیا ہے ہماری معیشت کا ایک اہم شعبہ زراعت ہے، اور حکومت نے اس شعبے کی ترقی کے لئے متعدد اقدامات کئے ہیں۔ ان اقدامات میں زراعت کے جدید طریقوں کا فروغ، کسانوں کے لئے قرضوں کی فراہمی، اور فصلوں کے نقصان کے خلاف تحفظ کے اقدامات شامل ہیں حکومت نے پبلک سیکٹر کی کارکردگی میں بہتری لانے کے لئے بھی کئی اہم اقدامات کئے ہیں۔ ان اقدامات میں پبلک سیکٹر کے اداروں کی کارکردگی کا جائزہ لینا اور ان کی نجکاری یا اصلاحات کے لئے اقدامات کرنا شامل ہیں اسی طرح ٹیکس نظام میں بھی اصلاحات کی گئی ہیں حکومت نے ٹیکس نظام کو بہتر بنانے کے لئے متعدد اصلاحات متعارف کرائی ہیں۔ ان اصلاحات کا مقصد ٹیکس نیٹ کو بڑھانا اور مالیاتی خسارے کو کم کرنا ہے۔ اس کے علاوہ، حکومت نے ٹیکسوں کی وصولی کو مؤثر بنانے کے لئے جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کیا ہے۔ پاکستان کی معاشی ترقی اور اس کے عالمی سطح پر مقام کو مدنظر رکھتے ہوئے، عالمی مالیاتی اداروں نے پاکستان کی پالیسیوں کی تعریف کی ہے۔ آئی ایم ایف اور عالمی بینک جیسے اداروں نے پاکستان کی معاشی اصلاحات کو سراہا ہے اور ان کے مطابق پاکستان نے معاشی ترقی کے راستے پر گامزن ہونے کے لئے ضروری اقدامات کئے ہیں۔ اگرچہ معاشی استحکام کی جانب ہم نے اہم قدم بڑھائے ہیں، مگر اب بھی کچھ چیلنجز باقی ہیں جن سے نمٹنا ضروری ہے۔ ان چیلنجز میں غربت میں کمی، بے روزگاری، مہنگائی کی شرح میں کمی، اور معاشی ترقی کے لئے پائیدار ماڈل کی تشکیل شامل ہیں ہماری معیشت میں بہتری اور استحکام کے عوامل میں حکومت کے اقدامات اور عالمی مالیاتی اداروں کے ساتھ تعاون نے اہم کردار ادا کیا ہے۔ موجودہ حکومت کی معاشی پالیسیوں اور اصلاحات نے ڈیفالٹ کے خدشات سے باہر نکالا اور ایک پائیدار اقتصادی ترقی کی راہ پر گامزن کیا۔ حکومت کو چاہئے کہ وہ ان اقدامات کو مزید مستحکم کرے اور معاشی ترقی کے لئے نئی حکمت عملی اپنائے تاکہ پاکستان اپنے معاشی چیلنجز سے نمٹتے ہوئے عالمی سطح پر اپنی پوزیشن کو مزید مستحکم کرے موجودہ حکومت کی کوششوں اور کاوشوں کی ستائش کی جانی چاہئے کہ اس نے معاشی استحکام کے لئے ٹھوس اقدامات کئے اور ملک کو ایک بحران سے نکال کر ترقی کے راستے پر گامزن کیا۔ حکومت کی طرف سے معاشی استحکام، بین الاقوامی تعلقات کی مضبوطی، اور سرمایہ کاری کے فروغ کے لئے کی جانے والی جدوجہد کو سراہا جانا چاہئے، کیونکہ یہ پاکستان کی معاشی ترقی اور استحکام کی کامیاب حکمت عملی کی عکاسی کرتی ہے۔

صدر ٹرمپ سے فائدہ اُٹھانا ہوگا

جلسہ عام

مجیب الرحمان شامی

معاہدہ موجود ہے جس کے مطابق کسی بھی ایک پر حملہ تمام نیٹو ممالک پر حملہ تصور کیا جائے گا لیکن اس طرح کا کوئی دوطرفہ معاہدہ کسی دو ممالک کے درمیان نہیں ہے۔ سعودی عرب اور پاکستان نے اپنے آپ کو ایک دوسرے سے باندھا تو یہ خبریں آنے لگیں کہ خطے کے کئی دوسرے ممالک بھی اس میں شرکت کی آرزو پال رہے ہیں۔ قطر کو اس کا فائدہ یہ ہوا کہ نیتن یاہو جو دوحہ پر حملہ کرنے کے بعد یہ اعلان کر گزرے تھے کہ ہم دوبارہ یہی حرکت کر سکتے ہیں کان پکڑنے پر مجبور کر دیے گئے۔ انہوں نے نہ صرف معذرت کی بلکہ یہ یقین بھی دلایا کہ ...

کے رہنماؤں میں کھدبد ہونے لگی پتہ چلا کہ بعض نکتوں کے الفاظ تبدیل کروائے گئے ہیں جن سے ابہام میں اضافہ ہو سکتا ہے اور معاملے کو کسی نہ کسی مقام پر الجھایا بھی جا سکتا ہے۔ ایک ایک نکتے پر بحث شروع ہو گئی اہل دانش دور اور نزدیک کی کوڑیاں لانے لگے کئی نکتوں کو بے نقط سنائی جانے لگیں لیکن غالب اکثریت کی رائے اب بھی یہی تھی کہ معاملے کو آگے بڑھایا جائے۔ بہر قیمت جنگ بندی کرائی جائے غزہ کے شہریوں کو گولی اور بھوک سے بچایا جائے اس کے بعد کوئی دوسرا اقدام کرنے کے بارے میں سوچا جائے۔ ابھی تک حماس نے اس اعلامیے (یا معاہدے) کی منظوری نہیں دی۔ صدر ٹرمپ کہہ رہے ہیں کہ اس کے پاس تھوڑا وقت ہے اگر اس نے "ہاں" میں جواب نہ دیا تو پھر "واصل جہنم" ہونے کے لیے تیار رہے۔ حماس کو اعتراض ہے کہ اس سے فی الفور غیر مسلح ہونے کا مطالبہ کیا جا رہا ہے ...

کچھ عرصہ میں اپنے آپ کو جنگوں میں الجھا کر کھربوں ڈالر ضائع کروا لے ہیں جبکہ چین سائنسی اور صنعتی ترقی کو اپنا ہدف بنائے ہوئے ہے وہ اپنی طاقت اور صلاحیت کو ادھر ادھر ضائع کرنے پر تیار نہیں۔ ایسے ماحول میں عالم اسلام کے لیے یہی راستہ بچتا ہے کہ وہ صدر ٹرمپ کو زیادہ سے زیادہ ہموار کرنے ان کی شخصیت اور مزاج سے فائدہ اٹھائے اور اسرائیلی عزائم کو ناکام بنا گزرے۔ صدر ٹرمپ ایک امن پسند صدر کے طور پر اپنا نام تاریخ میں لکھوانا چاہتے ہیں ان کی نظر "نوبل امن انعام" پر بھی ہے کئی مسلمان ملکوں کی قیادتوں سے ان کے تعلقات خوشگوار ہیں سو حکمت سے انہیں اپنے حق میں راغب رکھا جائے۔ 20 نکات کے اندر اور جو بھی ہو یا نہ ہو غزہ پر قبضہ کرنے اور اسرائیل کی حدود کو وسیع کرنے کا منصوبہ بہرحال پورا ہوتا دکھائی نہیں دیتا۔ مسلمان ملکوں کی فوجیں جب غزہ پہنچ کر امن کی ضامن بنیں گی تو حالات مزید تبدیل ہو جائیں گے مقامی آبادی کے حوصلے اور اعتماد میں اضافہ ہوگا۔ حماس اور عالم ...

ناحق قتل وغارت کی ممانعت

چیٹنگ کراس

سید عارف نوناری

خونریزی یا غزہ امن منصوبہ؟

انسانوں کے نام

افضال ریحان

تہذیب کی تباہی

تاریخ کی شہادت

ڈاکٹر مبارک علی

یک جماعتی کنٹرول

وفاق نامہ

رشید صافی

دو جنگوں کی کہانی

اظہار خیال

عمران یعقوب خان

کیسی گے؟ تیسری وجہ یہ ہے کہ اکتوبر 2023ء سے آج چار اکتوبر 2025ء تک دو برسوں ...

جمعہ کی رات امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے یہ اعلان کیا گیا کہ فلسطینی گروپ حماس نے ان کے 20 نکاتی امن منصوبے پر زیادہ تر مثبت ردعمل ظاہر کیا ہے اور یہ کہ گروپ امن کے لیے تیار ہے لہٰذا اسرائیل فوری طور پر غزہ پر بمباری ...

امن معاہدے کے ساتھ ہوں

شہر یاراں

جمہوری خان

عوامی اشتہارات
MASHRIQ CLASSIFIED

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبے سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں "ادارہ" کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔
☆۔۔ اوور رائٹنگ اور مشکوک الفاظ والے مسودے کے غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔
☆۔۔ 2 ٹیلیفون نمبروں میں سے ایک غلط یا فون نمبر اور ایڈریس میں سے ایک اتفاقی غلط شائع ہونے کی صورت میں "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا مقررہ تاریخ سے پہلے شائع ہو جانے کو دوبارہ شائع نہیں ہوگا۔
☆۔۔ غلط اشتہار شائع ہونے کی صورت میں (3) دن میں ہمیں اپنی تحریری شکایت درج کرائیں ورنہ "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا۔
☆۔۔ اگر کسی وجہ سے کوئی اشتہار شائع ہونے سے رہ گیا ہو تو "ادارہ" اسکو دوسرے دن شائع کرنے کا مجاز ہوگا۔

تلاش گمشدہ
میرا اوریجنل لوکل ڈومیسائل نمبر 1135 بنام شیراز احمد ولد محمد عثمان سکنہ تحصیل ڈیرہ مراد جمالی دوران سفر کہیں گم ہوگیا ہے ملنے پر فون نمبر 03342898322 پر مطلع کریں
نمائندہ ڈیرہ مراد جمالی ....

تلاش گمشدہ
میرا شناختی کارڈ نمبر 56202096246[illegible] اور لوکل سرٹیفکیٹ کی ڈوپلیکیٹ کاپی بنام ولی محمد ولد شیرین قوم سرگزحہ اور میرے بیٹے عصمت اللہ ولد محمد کا کرونا کارڈ مجھ سے کہیں گم ہوگئے ہیں ملنے پر اے رزاق نیوز ایجنسی مسلم باغ پہنچا دے
نمائندہ مسلم باغ ....

درستگی نام
میرا اصل نام سید محمد عمر ہے لیکن غلطی سے جماعت نہم کے ڈی ایم سی میں سید عمر شاہ لکھا گیا ہے لہذا درست کیا جائے۔ المشتہر: سید محمد عمر ولد سید رحمت اللہ
نمائندہ میزئی اڈہ ....

پیروزانزی قبائل: اتحاد کی ضرورت

تحریر: ولی پیروزانزی

بلوچستان میں آباد مختلف قبائل کے معروضی مسائل مختلف النوع ہیں تاہم بعض جگہ پسماندگی و درماندگی زیادہ ہے بعض جگہوں پر کم۔ اس تناظر میں پیروزانزی قبائل کی اگر بات کریں تو ان کی حالت زار ایک عظیم المیہ ہے۔ ملکی قبائل کا تقریباً تیسرا حصہ پیروزانزی قبیلے پر مشتمل ہے، جو آبادی اور زمین کے مالکانہ حقوق کے اعتبار سے سب سے بڑا ہے۔ یہ قبیلہ قبائلی اثر و رسوخ میں بھی نمایاں ہے، مگر افسوس کہ اس کی بے اتفاقی اور سیاسی تقسیم نے اسے شدید محرومی کا شکار بنا دیا ہے۔ پیروزانزی علاقوں میں صحت، تعلیم، سڑکیں، اور روزگار جیسی بنیادی سہولیات ناپید ہیں۔ اوچ اور زین گیس فیلڈز دہائیوں سے پاکستان بھر کو روشنی فراہم کر رہے ہیں، لیکن یہ قبیلہ تاریکیوں کے گہرے عالم سے گزر رہا ہے۔ حال ہی میں 25 سالہ علی حیدر ولد صدرالدین ہیزانزی دماغی ملیریا کا شکار ہو کر جان کی بازی ہار گیا۔ پیروزانزی قبائل کی بے اتفاقی کی وجہ اندرونی سیاسی تقسیم اور ذاتی مفادات ہیں۔ تاریخی طور پر یہ قبیلہ اپنی بہادری اور اتحاد کے لیے مشہور تھا، لیکن آج اس کی طاقت خاندانی جھگڑوں اور سیاسی گروہ بندیوں میں بٹ چکی ہے۔ یہ بے اتفاقی بیرونی قوتوں کے لیے موقع فراہم کرتی ہے کہ وہ قبائل کے وسائل پر قابض ہوں۔ اگر پیروزانزی متحد ہو جائیں تو وہ اپنے حقوق کی حفاظت کر سکتے ہیں اور بلوچستان کی ترقی میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ اتحاد سے وہ گیس فیلڈز سے حاصل ہونے والی آمدنی کا بہتر استعمال کر سکتے ہیں، جو صحت اور تعلیم جیسے شعبوں میں انقلاب لا سکتا ہے۔ مگر بے اتفاقی کی وجہ سے یہ وسائل دوسروں کے ہاتھوں میں چلے جاتے ہیں، اور مقامی لوگ محرومی کا شکار رہتے ہیں۔ سیاسی ہم آہنگی اس قبیلے کی ترقی کی بنیاد ہے۔ قبائل کو ایک متحد قیادت تشکیل دینی چاہیے جو صوبائی اور وفاقی سطح پر ان کی آواز بنے۔ سیاسی تقسیم کی وجہ سے وہ اپنے مسائل کو مؤثر طریقے سے نہیں اٹھا پاتے۔ مثال کے طور پر، گیس فیلڈز سے حاصل ہونے والے فنڈز مقامی ترقی کے لیے استعمال نہیں ہوتے۔ متحد ہو کر قبائل حکومت سے مطالبہ کر سکتے ہیں کہ یہ فنڈز ان کے علاقوں کی بہبود پر خرچ ہوں۔ اسی طرح، سماجی ہم آہنگی بھی ضروری ہے۔ خاندانی دشمنیوں کو ختم کر کے ایک متحد معاشرہ بنانا ہوگا۔ تعلیم یافتہ نوجوانوں کو آگے لایا جائے جو روایات کے ساتھ جدید علوم کو ہم آہنگ کریں۔ سماجی ہم آہنگی سے قبائل اپنے مسائل حل کر سکتے ہیں اور بیرونی چیلنجز کا مقابلہ کر سکتے ہیں۔ صحت کا شعبہ پیروزانزی علاقوں میں بدترین حالت میں ہے۔ ملیریا جیسی بیماریاں عام ہیں، اور ہسپتالوں، ادویات، اور ڈاکٹروں کی کمی نے لوگوں کو موت کے منہ میں دھکیل دیا ہے۔ علی حیدر کی موت اس حقیقت کی گواہی دیتی ہے کہ قابل علاج بیماریاں جان لے رہی ہیں۔ قبائل کو متحد ہو کر موبائل کلینکس، صحت مراکز، اور ملیریا کنٹرول پروگرامز کا مطالبہ کرنا چاہیے۔ صحت کی بہتری کے بغیر ترقی ممکن نہیں۔ اسی طرح، تعلیم کا شعبہ بھی شدید مسائل کا شکار ہے۔ سکولوں کی کمی اور اساتذہ کی غیر موجودگی نے نسل نو کو تعلیم سے محروم رکھا ہے۔ خاص طور پر خواتین کی تعلیم پر غیر رسمی پابندیاں، جو سماجی روایات اور رسومات کی وجہ سے عائد ہیں، نے ترقی کی راہ میں بڑی رکاوٹ پیدا کی ہے۔ اگرچہ کوئی رسمی پابندی نہیں، لیکن سماجی دباؤ کی وجہ سے لڑکیوں کی تعلیم محدود ہے۔ قبائل کو چاہیے کہ وہ تعلیم کو فروغ دیں، سکول قائم کریں، اور لڑکیوں کی تعلیم کے لیے سماجی رویوں میں تبدیلی لائیں۔ تعلیم یافتہ نسل ہی قبیلے کا مستقبل بدل سکتی ہے۔ روزگار کا بحران بھی سنگین ہے۔ گیس فیلڈز جیسے پروجیکٹس میں مقامی لوگوں کو نوکریاں نہیں ملتیں، جس سے بیروزگاری بڑھ رہی ہے۔ متحد ہو کر قبائل کمپنیوں سے مقامی کوٹے پر عمل درآمد کا مطالبہ کر سکتے ہیں۔ چھوٹے کاروبار اور زراعت کو فروغ دینے کے لیے اجتماعی کوششیں کی جائیں۔ روزگار سے ہی سماجی استحکام ممکن ہے۔ آخر میں، پیروزانزی قبائل کو یہ سمجھنا ہوگا کہ اتحاد ان کی سب سے بڑی طاقت ہے۔ سیاسی و سماجی ہم آہنگی سے وہ صحت، تعلیم، اور روزگار کے مسائل حل کر سکتے ہیں۔ گیس فیلڈز کی دولت کو اپنے لوگوں کی فلاح پر خرچ کیا جائے۔ علی حیدر جیسی اموات کو روکنے کے لیے قبائل کو متحد ہو کر ایک نئی صبح کا آغاز کرنا ہوگا۔ یہ نہ صرف ان کی بقا بلکہ بلوچستان کی ترقی کے لیے ناگزیر ہے۔

نصیر آباد، ایگزیکٹو انجینئر بگھی واٹر سپلائی اسکیم ذاکر حسین جمالی کی نگرانی میں غیر قانونی واٹر کنکشنز کیخلاف کارروائی کی جارہی ہے

عوامی سہولیات کی بحالی تک جدوجہد جاری رہے گی، حنیفیا اچکزئی
چمن کے لیے منظور شدہ سولر پروگرام کی گمشدگی ناقابل برداشت عمل ہے، یوتھ صدر چمن
مکمل اور شفاف انکوائری کروائی جائے، وزیر اعلیٰ بلوچستان سے نوٹس لینے کا مطالبہ

چمن (اے این این) پاکستان پیپلز پارٹی ضلع چمن کے یوتھ صدر حنیفیا اچکزئی و دیگر وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی سے بھرپور اپیل کرتے ہیں کہ ضلع چمن کے لیے منظور شدہ سولر پروگرام جو عوامی سہولت کے لیے شروع کیا گیا تھا، وہ راستے میں کہیں غائب ہوگیا ہے۔ ہماری عوام کو زندگی کی سہولیات بنانے کے لیے دی گئی یہ سہولت ضائع ہونا ناقابل قبول ہے۔ ہم وزیر اعلیٰ بلوچستان سے پرزور درخواست کرتے ہیں کہ فوری طور پر اس معاملے کا نوٹس لیا جائے، مکمل اور شفاف انکوائری کروائی جائے اور اس تاخیر یا غفلت کے ذمہ داروں کو قانون کے مطابق سزا دی جائے۔ عوام کی خدمت ہمارا مشن ہے اور ان کی فلاح و بہبود کے لیے ہر ممکن قدم اٹھانا وقت کی ضرورت ہے۔ پاکستان پیپلز پارٹی ضلع چمن کے یوتھ صدر محمد حنیفیا اچکزئی نے مزید کہا کہ ہم یہ بھی مطالبہ کرتے ہیں کہ سولر پروگرام کو فوری طور پر دوبارہ فعال کیا جائے تاکہ ضلع چمن کی ترقی کا عمل رکنے نہ پائے اور عوام کی زندگیوں میں دوبارہ آسانیاں لوٹ آئیں۔ پاکستان پیپلز پارٹی کے ورکرز عوامی حقوق کے تحفظ کے لیے متحد اور پرعزم ہیں، اور اس ناانصافی کے خلاف بھرپور آواز بلند کرتے رہیں گے۔

ضلع شیرانی کے عوام کو صحت کی سہولیات کی فراہم کی جائیں، عبدالرحمٰن شیرانی
کروڑوں روپے وصول ہو رہے ہیں، مگر گراؤنڈ پر کام صفر کے برابر ہے، نوٹس لیا جائے

شیرانی (آن لائن) پشتون ایکشن کمیٹی کے چیئرمین عبدالرحمٰن شیرانی نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ محکمہ صحت ضلع شیرانی کو عوام کی ہیلتھ کے نام سے ملازمین اور دیگر مراعات کی شکل میں کروڑوں روپے موصول ہو رہے ہیں، مگر گراؤنڈ صفر کے برابر ہے ضلع شیرانی ویسے ہی بدنام ہو رہا ہے کہ ضلع شیرانی کو حکومت بلوچستان اتنی رقم اس محکمے پر خرچ کر رہی ہیں اس سے بہتر ہے کہ اس محکمہ کو ضلع شیرانی میں تالا لگایا جائے۔ بار بار شکایت کی باوجود حکام بالا سے لیکر ضلعی ذمہ داروں تک کے کانوں پر جوں تک نہیں رینگتی ہے سب کے سب کو صحیح ادراک ہونے کے باوجود خاموش تماشائی کا کردار ادا کر رہے ہیں جو کہ انتہائی قابل افسوس اور قابل مذمت ہیں عوام کو صحت کی سہولیات کی فراہمی کیلئے اقدامات اٹھائے جائیں۔

معاشرے میں اساتذہ کا کردار بنیادی حیثیت رکھتا ہے، ڈی سی اوستہ محمد
ہماری کامیابی ہمارے اساتذہ کی رہنمائی، محنت، دعاؤں اور تربیت کا ثمر ہے

اوستہ محمد (اے پی پی) عالمی یوم اساتذہ کے موقع پر ڈپٹی کمشنر اوستہ محمد، رزاق خان نجک نے ایک پرخلوص پیغام میں اساتذہ کی عظمت کو سلام پیش کرتے ہوئے کہا کہ معاشرے میں اساتذہ کا کردار بنیادی حیثیت رکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج ہم جن سیٹوں، جن عہدوں پر بیٹھے ہیں، یہ سب ہمارے اساتذہ کی رہنمائی، محنت، دعاؤں اور تربیت کا ثمر ہے۔ ایک استاد صرف علم نہیں دیتا، بلکہ انسان کی سوچ، کردار، مستقبل اور مقام تک بنانے میں اہم ترین کردار ادا کرتا ہے۔ رزاق خان نجک نے کہا کہ وہ خود ایک استاد کے زیر سایہ تعلیم و تربیت حاصل کر کے یہاں تک پہنچے ہیں، اور وہ کبھی نہیں بھول سکتے کہ کیسے ایک استاد اپنے شاگرد کو کامیابی کی راہ پر گامزن کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ "اساتذہ وہ چراغ ہیں جو خود جل کر دوسروں کو روشنی دیتے ہیں۔ ان کی قربانیاں خاموش مگر اثر انگیز ہوتی ہیں، جو نسلوں کا مستقبل بدل دیتی ہیں" تعلیم کے فروغ میں ضلعی انتظامیہ کی کوششیں ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ اوستہ محمد تعلیمی میدان میں بہتری لانے کے لیے بھرپور اقدامات کر رہی ہے، جس میں اساتذہ کو سہولیات کی فراہمی، اسکولوں کی بہتری، اور تعلیمی سرگرمیوں کے فروغ کے لیے پالیسی سازی شامل ہے۔ انہوں نے یقین دلایا کہ اساتذہ کی فلاح، تحفظ عزت، اور انہیں بااختیار بنانے کے لیے ہر ممکن تعاون جاری رکھیں گے۔"

لورالائی: ڈویژنل ڈائریکٹر ایجوکیشن نے مختلف اسکولوں کا دورہ کیا
تعلیمی نظم و ضبط کی بہتری کے لیے سخت اقدامات کیے جائیں گے، اظہار خیال

لورالائی (این این آئی) ڈویژنل ڈائریکٹر ایجوکیشن ڈاکٹر محمد سلیم زرکون کا اچانک اسکولوں کا دورہ، ہیڈ ماسٹر، ہیڈ مسٹریس اور اساتذہ کی غیر حاضری پر قانونی کارروائی کا آغاز ڈویژنل ڈائریکٹر ایجوکیشن لورالائی ڈویژن ڈاکٹر محمد سلیم زرکون نے تعلیمی اداروں کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے لیے گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول شاہ کاریز اور گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول شاہ کاریز کا اچانک دورہ کیا۔ دورے کے دوران اسکول کے ہیڈ ماسٹر اور ہیڈ مسٹریس اپنے فرائض سے غیر حاضر پائے گئے، جب کہ کچھ اساتذہ بھی اسکول میں موجود نہیں تھے۔ ڈاکٹر محمد سلیم زرکون نے اس غیر ذمہ دارانہ رویے پر شدید برہمی کا اظہار کرتے ہوئے فوری طور پر قانونی کارروائی کے احکامات جاری کیے۔ انہوں نے واضح کیا کہ تدریسی عملے کی غفلت کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی، اور تعلیمی نظم و ضبط کی بہتری کے لیے سخت اقدامات کیے جائیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس طرح کے اچانک دورے تسلسل سے جاری رہیں گے تاکہ تعلیمی اداروں میں حاضری کو یقینی بنایا جا سکے اور طلبہ کا قیمتی وقت ضائع نہ ہو۔

جعفر آباد، ڈی سی خالد منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

مجیب الرحمٰن کاکڑ کو پی پی ایچ آئی کوہلو کے DSM کی ذمہ داریاں تفویض
امید ہے ادارہ فعال ہو جائے گا، سیاسی، سماجی رہنماؤں اور عوامی حلقوں کا خیر مقدم

کوہلو (آن لائن) بلوچستان کے ضلع کوہلو میں محکمہ پی پی ایچ آئی میں اہم تبدیلی عمل میں لائی گئی ہے، نئے ڈسٹرکٹ سپورٹ منیجر (DSM) مجیب الرحمٰن کاکڑ نے چارج سنبھال کر باقاعدہ ذمہ داریاں شروع کر دی ہیں۔ تفصیلات کے مطابق، گزشتہ ایک سال کے دوران محکمہ پی پی ایچ آئی کوہلو شدید بدانتظامی اور کرپشن کی وجہ سے نہ صرف زوال کا شکار رہا بلکہ بنیادی صحت کے مراکز بھی تباہ حالی کی تصویر بن گئے تھے۔ عوامی حلقوں کی جانب سے بار بار شکایات اور احتجاج کے باوجود صورتحال میں بہتری نہ آسکی، جس کے نتیجے میں متعلقہ افسر کو عہدے سے ہٹانے کا فیصلہ کیا گیا۔ نئے تعینات ہونے والے ڈی ایس ایم مجیب الرحمٰن کاکڑ کوہلو کے عوام کے لیے اجنبی نہیں ہیں۔ اس سے قبل بھی وہ اسی عہدے پر اپنی ذمہ داریاں نبھا چکے ہیں اور اپنی انتظامی صلاحیتوں، دیانتداری اور فعال کارکردگی کی بدولت عوام میں ایک مثبت تاثر رکھتے ہیں۔ ان کے دوبارہ تعینات ہونے پر عوامی و سماجی حلقوں نے خوشی اور اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ امید رکھتے ہیں کہ پی پی ایچ آئی کو ایک مرتبہ پھر صحیح سمت میں لے جایا جائے گا اور صحت کے نظام میں بہتری لائی جائے گی۔ عوامی نمائندوں اور شہریوں نے حکومت بلوچستان اور پی پی ایچ آئی انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ پچھلے ایک سال کے دوران جس افسر نے محکمے کو تباہی کے دہانے پر پہنچایا، اس کے خلاف شفاف انکوائری کی جائے اور قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے تاکہ مستقبل میں کسی کو عوامی وسائل کی لوٹ مار کی جرات نہ ہو۔ شہریوں کا کہنا تھا کہ کوہلو جیسے پسماندہ ضلع میں صحت کے مراکز کی حالت بہتر بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے، کیونکہ یہاں کے لوگ پہلے ہی طبی سہولیات کے فقدان سے دوچار ہیں۔

بلال صادق عمرانی کو ڈاکٹر جاموٹ کی مبارکباد

سبی (اے این این) پیپلز یوتھ آرگنائزیشن بلوچستان کے صوبائی نائب صدر ڈاکٹر جاموٹ نے اپنے بیان میں پیپلز پارٹی نصیر آباد ڈویژن کے صدر نوجوان قیادت میر بلال صادق عمرانی کو چیئرمین مارکیٹ کمیٹی نصیر آباد کا چیئرمین منتخب ہونے پر دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ میر بلال خان عمرانی ایک اعلیٰ تعلیمی افتہ نوجوان عوامی خدمت سے سرشار اور ہر وقت اپنے عوام کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے رہنے والے نوجوان شخصیت ہیں اور یہی وجہ ہے کہ نصیر آباد کے عوام ان سے محبت کرتے ہیں دن ہو یا رات ہو میر بلال خان عمرانی کے دروازے کھلے رہتے ہیں اور یہی وجہ ہے کہ کم وقت میں انہوں نے ثابت کیا ہے کہ وہ علاقے کی ترقی خوشحالی کے لیے دن رات محنت کر رہے ہیں کیونکہ ان کی سیاسی پرورش سیاسی استاد پاکستان پیپلز ممبر سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی میر محمد صادق عمرانی کے ہاتھوں سے ہوئی ہے میر محمد صادق عمرانی پر پیپلز پارٹی بلوچستان کے جیالوں کو فخر ہے

آجکل اوستہ محمد میں سیاست بلیک میلنگ پر چل رہی ہے

اوستہ محمد (آن لائن) ضلع اوستہ محمد میں اور گنداخہ تحصیل میں چند نام نہاد عوام دوست کہلوانے والے وہ عوام دوست نہیں بلیک میلروں کا ٹولہ ہے آبی پرندے کی طرح کبھی اس طرف کبھی اس طرف جاتے ہیں عوام ان کو پہچان لے اور سیاست دان بھی ان کو پہچانیں یہ لوگ پیسے کے پوجاری ہیں عوامی مفاد کی کھوکھلی باتیں کرتے ہیں۔ رپورٹ تفصیلات کے مطابق یہ حقیقت ہے کہ جو بڑا کڑوا ہوتا ہے ہمارے ضلع میں آجکل کی سیاست بلیک میلنگ پر چل رہی ہے چند ایسے مخصوص ٹولے ہیں کہ وہ اپنے مفاد کی خاطر عوام کو لا رہے ہیں لیے دیکر زندہ باد مردہ باد کے نعرے لگوا کر سیاست دانوں کو اپنے ہاتھوں میں قابو کرنے کی کوشش کرتے ہیں اور افسوس اس بات کی بھی ہے کہ سیاسی لوگ بھی ان کے بہکاوے میں آجاتے ہیں اصل میں ووٹ دینے والے اپنے گھر کے افراد جس میں بوڑھے مرد خواتین کو پولنگ اسٹیشن تک لے جانے والے وہ غریب ہوتے ہیں

بلوچستان: وسائل اور معاشی ترقی
تحریر: محمد ہارون

بلوچستان ملک کا سب سے بڑا صوبہ ہے جو قدرتی وسائل اور معدنی دولت کے لحاظ سے نہایت اہمیت کا حامل ہے۔ اس خطے کی زمین قیمتی خزانے اپنے اندر سموئے ہوئے ہے۔ سونا، تانبا، گیس، تیل، لوہا، کوئلہ، ماربل اور کرومائیٹ جیسے بیش بہا معدنی ذخائر نہ صرف بلوچستان بلکہ پورے پاکستان کے مستقبل کو روشن بنانے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ ریکوڈک اور سینڈک جیسے منصوبے اس بات کا منہ بولتا ثبوت ہیں کہ بلوچستان کی مٹی میں سونے اور تانبے کے ایسے ذخائر موجود ہیں جو دنیا کے بڑے معدنی وسائل میں شمار ہوتے ہیں۔ اسی طرح سوئی گیس فیلڈ پاکستان کے توانائی کے سب سے بڑے ذرائع میں شامل ہے جو دہائیوں سے ملکی ضرورت پوری کر رہی ہے۔ اگر ان وسائل کو جدید ٹیکنالوجی کے ساتھ استعمال کیا جائے تو پاکستان توانائی کے بحران پر قابو پا سکتا ہے اور صنعتی ترقی کی نئی راہیں کھل سکتی ہیں۔ ان معدنیات اور قدرتی وسائل سے خاطر خواہ استفادے کے لئے اگرچہ ماضی میں کوئی خاص منصوبہ بندی نہیں ہوئی اور نہ ہی منصوبے بنائے گئے تاہم یہ بات مستحسن اور قابل ستائش ہے کہ اب اس جانب خصوصی توجہ دی جارہی ہے اور قوی امکان ہے کہ اس طرح نہ صرف صوبے کے معاشی مسائل حل ہوں گے بلکہ مجموعی قومی ترقی و معاشی اہداف کے حصول میں بھی نمایاں معاونت ملے گی اب وقت آگیا ہے کہ ان وسائل کو بہتر منصوبہ بندی، شفاف پالیسیوں اور جدید ٹیکنالوجی کے ساتھ بروئے کار لایا جائے۔ اگر بلوچستان کے معدنی وسائل کو صحیح حکمت عملی کے تحت استعمال کیا جائے تو پاکستان نہ صرف معاشی خود کفالت حاصل کر سکتا ہے بلکہ عالمی سطح پر ایک مضبوط اور باوقار ملک کے طور پر بھی ابھر سکتا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ ضروری ہے کہ بلوچستان کے عوام کو ان وسائل سے براہ راست فائدہ پہنچے تاکہ صوبے کی ترقی اور قومی یکجہتی کو بھی فروغ ملے۔ مختصر یہ کہ بلوچستان کے معدنی وسائل اللہ تعالیٰ کی ایک عظیم نعمت ہیں۔ ان سے استفادہ ہمارے روشن مستقبل کی ضمانت ہے۔ بس ضرورت اس امر کی ہے کہ ان وسائل کو صحیح سمت میں بروئے کار لا کر ملک کو ترقی، خوشحالی اور استحکام کی منزل کی جانب گامزن کیا جائے۔

عمران خان 790 دنوں سے ناحق قید ہیں، میر ظہور کھوسہ
صحبت پور کے عوام قائد کیساتھ سیسہ پلائی دیوار بن کر کھڑے رہیں گے

ڈیرہ اللہ یار (اے این این) پاکستان تحریک انصاف ڈسٹرکٹ صحبت پور کی جانب سے چیئرمین عمران خان کی سالگرہ کے موقع پر جھنڈ شہر میں ایک پروقار اور شاندار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب میں پی ٹی آئی کے صوبائی رہنما ظہور احمد کھوسہ، انصاف یوتھ ونگ کے صدر غازی خان، جنرل سیکرٹری علی مرتضیٰ کھوسہ، سینئر نائب صدر عباس علی سمیت تحصیل فرید آباد کی مختلف یونین کونسلز کے ممبران اور درجنوں کارکنان نے بھرپور شرکت کی۔ شرکائے تقریب نے اپنے قائد عمران خان سے گہری محبت اور والہانہ عقیدت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ آج ہم اس عظیم رہنما کی سالگرہ منا رہے ہیں جس نے قوم کو غیرت، خودداری اور حوصلے کا سبق دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ عمران خان 790 دنوں سے ناحق قید میں ہیں مگر ان کے عزم، ہمت اور نظریے میں ذرہ برابر کمی نہیں آئی۔ رہنماؤں نے اپنے پیغام میں کہا کہ عمران خان پاکستان کی پہچان اور قوم کے دلوں کی آواز ہیں، جنہوں نے نوجوان نسل کے دلوں میں امید، حب الوطنی اور جدوجہد کا جذبہ پیدا کیا۔ انہوں نے اس موقع پر عہد کیا کہ صحبت پور کے عوام اور نوجوان عمران خان کے ساتھ سیسہ پلائی دیوار بن کر کھڑے رہیں گے

نصیر آباد، سردار عزیز احمد لہڑی کی سربراہی میں شکرانی طائفہ کے فریقین میں صلح کے موقع پر دعا کی جارہی ہے

بلوچستان کے عوام کی امیدیں مسلم لیگ ن کے قائدین سے وابستہ ہیں، میاں خان بگٹی
حلقہ انتخاب کی ترقی، عوام کی خوشحالی، علاقائی مسائل کے خاتمے اور قیام امن کے لئے قومی اسمبلی میں بھرپور آواز بلند کر رہے ہیں
بلوچستان میں مزدوروں کے تحفظ اور پرسکون ماحول میں محنت مزدوری کے مواقع فراہم کرنے میں اپنا کردار سرانجام دوں گا

سبی (اے این این) وفاقی پارلیمانی سیکرٹری پیٹرولیم انرجی و پاکستان مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنما وڈیرہ میاں خان بگٹی نے کہا ہے کہ حلقہ انتخاب کی ترقی عوام کی خوشحالی علاقائی مسائل کے خاتمے کے لئے قومی اسمبلی میں بھرپور آواز بلند کرتے ہوئے عوام کو مشکلات سے نجات دلانے میں اہم رول پلے کر رہے ہیں بلوچستان میں مزدوروں کے تحفظ اور پرسکون ماحول میں محنت مزدوری کے مواقع فراہم کرنے میں اپنا کردار سرانجام دوں گا مسلم لیگ ن بلوچستان سمیت ملک بھر کی مقبول ترین سیاسی پارٹی بن چکی ہے مسلم لیگ ن کے قائد و مرکزی صدر میاں نواز شریف ملک و قوم کو درپیش مسائل سے چھٹکارا دلانے میں اہم رول پلے کر رہے ہیں جلد ہی سبی کا دورہ کریں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاکستان مسلم لیگ لیبر ونگ بلوچستان کے صوبائی صدر منیر احمد مسوری بگٹی سے گفتگو کرتے ہوئے کیا اس موقع پر چیف آف مندرانی وڈیرہ محمد بخش بگٹی پی ایس میر عبدالرحمان بگٹی پاکستان مسلم لیگ ن لیبر ونگ یونین بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری لیبر ونگ یونین مسلم لیگ ن بلوچستان خان موس، خان نجک بھی موجود تھے اس موقع پر سبی سمیت حلقہ انتخاب میں عوام اور مزدوروں کو درپیش مسئلہ مسائل کے حوالے سے بھی بات چیت کی گئی پاکستان مسلم لیگ ن لیبر ونگ بلوچستان کے عہدیداروں و کارکنان سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی پارلیمانی سیکرٹری پیٹرولیم انرجی وڈیرہ میاں خان بگٹی نے سبی سمیت حلقہ انتخاب کا تفصیلی دورہ کرنے کی بھی یقین دہانی کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان مسلم لیگ ن کے مرکزی صدر سابق وزیر اعظم میاں محمد نواز شریف، وزیر اعظم میاں محمد شہباز شریف سمیت مرکزی قیادت کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ مسلم لیگ ن کے قائدین نے ہمیشہ بلوچستان کے حقوق کے تحفظ کے لیے اپنی تمام تر توانائیاں صرف کی ہیں قائدین پر مکمل اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان سمیت ملک کی ترقی و خوشحالی کے لیے وفاق کی علامت مسلم لیگ ن بلوچستان کی ترقی عوام کی خوشحالی کے لئے اپنا موثر کردار ادا کر رہی ہے بلوچستان کی عوام مسلم لیگ ن کے قائد سمیت مرکزی قیادت سے پرامید ہیں کہ وہ ملک و قوم کو درپیش مسائل کے تدارک کے لئے اپنی صلاحیتوں کو بھرپور استعمال یقینی بناتے ہوئے ملک و قوم کو مسائل کی دلدل سے نکالنے میں اہم کردار ادا کرتے ہوئے بلوچستان سمیت ملک بھر کی عوام کی خدمت کا تسلسل برقرار رکھے بلوچستان بھر میں دہشت گردی کے ناسور کے خاتمہ اور دور دراز سے آکر محنت مزدوری کرنے والوں کے تحفظ کے لئے بھی مثبت کردار ادا کریں گے۔

بابا کوٹ: شراب فروشی عروج پر، شہریوں میں تشویش
نوجوان نسل کو منشیات سے بچانے کے لیے فوری کارروائی کی جائے، شہریوں کا مطالبہ

بابا کوٹ (یو این اے) شہر کے مرکزی مقامات مزدور چوک اور ریلوے پھاٹک پر شراب فروشی کا سلسلہ کھلے عام جاری ہے، جس نے شہریوں بالخصوص نوجوان نسل کے مستقبل کو شدید خطرات سے دوچار کر دیا ہے۔ ان مقامات سے طلبا، محنت کش اور عام شہریوں کی بڑی تعداد روزانہ گزرتی ہے، لیکن شراب فروشوں کی سرگرمیوں نے علاقے کا ماحول مکدر کر دیا ہے۔ علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ تعلیمی اداروں کے طلبا ان راستوں سے روزانہ گزرتے ہیں اور کھلے عام شراب کی دستیابی نوجوانوں کو گمراہی کی طرف دھکیل رہی ہے۔ شہریوں نے اس صورتحال پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایسے منفی رجحانات معاشرتی زوال کا باعث بن رہے ہیں۔ مقامی افراد نے پولیس اور ضلعی انتظامیہ سے فوری نوٹس لینے اور ان شراب خانوں کے خلاف سخت کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ اگر بروقت اقدام نہ کیا گیا تو یہ ناسور مزید پھیل جائے گا، جس کے اثرات پورے معاشرے پر مرتب ہوں گے۔ شہریوں نے ڈی آئی جی پولیس نصیر آباد ایس ایس پی نصیر آباد کمشنر نصیر آباد ڈویژن اور ڈی سی نصیر آباد سے فوری ایکشن لینے کی اپیل کی ہے تاکہ نوجوانوں کو منشیات کے زہر سے بچایا جا سکے۔

پنجگور: زمباد ڈرائیور یحییٰ نور کے والد کی بیٹے کی بازیابی کیلئے دہائی
25 اکتوبر کو مغرب کے وقت ایئرپورٹ روڈ سے نامعلوم مسلح افراد اٹھا کر لے گئے

پنجگور (این این آئی) پنجگور سے لاپتہ یحییٰ نور کے والد حاجی محمد نور بھائی شاکر نور خلیل نور اور فیملی کے دیگر افراد نے اپنی رہائش گاہ پر ایک پریس کانفرنس کے دوران مطالبہ کیا کہ میرے بیٹے یحییٰ نور جو پیشے کے لحاظ سے ایک زمباد ڈرائیور ہے کو فوری طور پر بازیاب کیا جائے انہوں نے کہا کہ 25 اکتوبر کو مغرب کے وقت بازار سے گھر آرہے تھے کہ ایئرپورٹ روڈ پر سرف گاڑی میں سوار نامعلوم مسلح افراد نے انکو زبردستی اسے گاڑی میں ڈال کر لے گئے جسکی بروقت اطلاع ہم نے پولیس بھی دی اور ضلعی انتظامیہ کے سامنے اپنا کیس پیش کر دیا تاکہ وہ اسکا کھوج لگا کر بازیابی یقینی بنائیں مگر ابھی تک اس مسئلے پر کوئی پیش رفت سامنے نہیں آیا ہے جس سے پورے فیملی میں سراسیمگی پھیلی ہوئی ہے اور وہ کافی پریشان کن حالات سے گزر رہے ہیں انہوں نے کہا کہ ہم پرامن لوگ ہیں میرا بیٹا اپنے زمباد گاڑی کے ذریعے محنت مزدوری کرتا تھا نا جھگڑالو تھا بندہ تھا اور نہ ہی فضول گرد تھا زیادہ تر وقت اپنے گھر میں رہتا تھا انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ پولیس سے مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ اس سلسلے میں ہماری دادرسی کریں اور بیٹے کو بازیاب کر کے فیملی کو موجودہ پریشان کن حالات سے نجات دلائیں۔

خضدار: سیاسی و سماجی رہنماؤں کی پرنس آغا محمد احمدزئی سے ملاقات

خضدار (این این آئی) سیاسی و سماجی رہنما حاجی غلام حسین کرد، طارق زگی جو اور عامر غلامانی نے پرنس آغا محمد احمدزئی اور کمشنر قلات ڈویژن ڈاکٹر طفیل بلوچ سے خضدار میں ایک تقریب کے دوران ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران قبائلی معاملات، روایتی تنازعات کی حل اور قبائلی نظام کی اصلاح پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ رہنماؤں نے کہا کہ پرنس آغا محمد خان احمدزئی کو قبائلی معاملات حل کرنے اور دور اندیشی کی روایات کو ہر سو پھیلانے میں کردار ادا کر سکتے ہیں۔ پرنس نے اس موقع پر کہا کہ قبائلی استحکام بلوچستان کی مجموعی سلامتی کی بنیاد ہے اور وہ قبائلی بزرگوں کے ساتھ مل کر ان مسائل کا حل تلاش کریں گے

مل محمد ذکریا مینگل کو سابق ہیڈ ماسٹر حاجی اللہ بخش سمالانی و دیگر ہیڈ ماسٹر کی کرسی پر بٹھا رہے ہیں

چمن پولیس نے ویڈیو شاپس سے فحش مواد اور غیر اخلاقی پوسٹرز ہٹا دیے
غیر اخلاقی سرگرمیوں کی ہرگز اجازت نہیں، خلاف ورزی پر سخت کارروائی ہوگی

چمن (یو این اے) چمن پولیس کا مختلف ویڈیو شاپ پر چھاپے، کمپیوٹر چیک کئے اور دوکانوں کے کالے شیشے و غیر ضروری پوسٹرز ہٹا دیے۔ ایس ایچ او چمن ولی کاکڑ نے پولیس نفری کے ہمراہ چمن کے مختلف ویڈیو شاپ پر اچانک کارروائی کرتے ہوئے مختلف دوکانوں پر چھاپے مارے اس دوران کمپیوٹرز میں فحش مواد چیک کئے کالے شیشے اور غیر ضروری پوسٹرز فوری طور پر ہٹا دیے گئے اور ویڈیو شاپ مالکان کو سختی سے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ آئندہ کسی بھی دوکان پر کالے شیشے لگا یا غیر متعلقہ و غیر اخلاقی پوسٹرز آویزاں دیکھے گئے خاص کر نابالغ بچوں کے میموری کارڈ فحش مواد سے بھروائے گئے تو سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی انہوں نے کہا کہ ڈی پی او چمن عبداللہ چیمہ شہر و اطراف میں امن و امان کی قیام ہر قسم کی جرائم کی بیخ کنی جرائم پیشہ افراد کی سرکوبی اور شہر میں غیر اخلاقی مواد اور سرگرمیوں کی روک تھام کو یقینی بنانے کیلئے سرگرم اور متحرک ہیں انہوں نے کہا کہ تمام کاروباری مراکز اور حضرات قانون کے تحت اخلاقیات اور شائستگی کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے اپنے کاروبار کو فروغ دیں اور خلاف ورزی کرنے والوں کیخلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی ایس ایچ او ولی کاکڑ نے مزید کہا کہ شہر میں امن و امان کے قیام اور عوامی مقامات پر شفاف ماحول کی فراہمی کے لیے پولیس پوری طرح متحرک ہے اور قانون کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بلاامتیاز ایکشن لیا جائے گا۔

سبی: ماحولیاتی آلودگی سے نزلہ زکام کھانسی کے امراض میں غیر معمولی اضافہ
کوالیفائیڈ ڈاکٹر سے دوائی لے کر دوسروں کو نزلہ زکام سے بچانا چاہیے ماہرین صحت

سبی (اے این این) سبی شہر و گرد و نواح میں موسم کے بدلتے ہی ماحولیاتی آلودگی نزلہ زکام کھانسی کے امراض میں غیر معمولی اضافہ ہوگیا، نزلہ زکام کو تین روز دوائی سے ٹھیک نہ کرنے کے جاہلانہ فلسفہ کی بجائے کوالیفائیڈ ڈاکٹر سے دوائی لے کر دوسروں کو نزلہ زکام سے بچانا چاہیے ماہرین صحت تفصیلات کے مطابق سبی شہر و گرد و نواح میں موسم کے بدلتے ہی ماحولیاتی آلودگی نزلہ زکام کھانسی کے امراض میں غیر معمولی اضافہ ہوگیا، نزلہ زکام کو تین روز دوائی سے ٹھیک نہ کرنے کے جاہلانہ فلسفہ کی بجائے کوالیفائیڈ ڈاکٹر سے دوائی لے کر دوسروں کو نزلہ زکام سے بچانا چاہیے ماہرین صحت کا کہنا ہے کہ والدین کو چاہیے کہ وہ بچوں بڑوں کو ٹھنڈی گرم اشیاء کے علاوہ سڑکوں کے کنارے کھڑی ریڑھیوں سے تلی ہوئی مضر صحت اشیاء، اور فاسٹ فوڈ کھانے سے منع کریں اور آلودہ ماحول کی بناء پر پیدل موٹر سائیکل سوار ماسک کا استعمال کریں اور بچوں کو موٹر سائیکل پر آگے نہ بٹھائیں اور پانی کا زیادہ استعمال کریں۔ بدلتے موسم اور مختلف بیماریوں کے خاتمہ کے لئے ضروری ہے کہ محکمہ صحت و ضلعی انتظامیہ سڑکوں، بازاروں اور سکولوں کے سامنے کھانے پینے کی معیاری اشیاء کی فروخت اور صفائی کو یقینی بنائیں

سجاد حسین رند کی ماسٹر سلیمان رند سے والد کے انتقال پر تعزیت

گنداخہ (یو این اے) گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن بلوچستان کے صوبائی صدر و قائد اساتذہ سجاد حسین رند نے اپنی کابینہ کے اراکین کے ہمراہ جی ٹی اے نصیر آباد کے سینئر رہنما ماسٹر سلیمان رند کے والد کی وفات پر ان کے گھر جا کر تعزیت اور فاتحہ خوانی کی۔ اس موقع پر مرحوم کی مغفرت اور درجات کی بلندی کے لیے خصوصی دعا کی گئی۔ تعزیتی ریفرنس سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی صدر سجاد حسین رند نے کہا کہ جی ٹی اے بلوچستان دکھ اور سوگ کی اس گھڑی میں اپنے ساتھی اساتذہ کے ساتھ کھڑی ہے۔ ماسٹر سلیمان رند ہمارے فعال اور سینئر ساتھی ہیں، ان کے والد کی وفات پر ہم دلی رنج و غم کا اظہار کرتے ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل دے۔ تعزیتی ملاقات میں جی ٹی اے کے دیگر عہدیداران اور مقامی اساتذہ کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

صوبائی وزیر فیصل جمالی کے ذاتی خرچ سے اوستہ محمد شہر میں صفائی مہم کا آغاز
گزشتہ دو ماہ سے میونسپل کارپوریشن کے ملازمین تنخواہوں کی عدم ادائیگی کے باعث ہڑتال پر تھے جسکی وجہ سے شہر گندگی کے ڈھیر میں تبدیل ہوگیا تھا
سوشل میڈیا پر شہریوں کی جانب سے شدید ردعمل کے بعد صوبائی وزیر نے ذاتی طور پر مداخلت کی اور اپنے ذاتی خرچ سے صفائی مہم شروع کروادی

اوستہ محمد (یو این اے) صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی نے اوستہ محمد شہر میں صفائی ستھرائی کی ناقص صورتحال کا ہنگامی نوٹس لیتے ہوئے اپنے ذاتی خرچ سے صفائی مہم کا آغاز کر دیا۔ ذرائع کے مطابق اوستہ محمد میں گزشتہ دو ماہ سے میونسپل کارپوریشن کے ملازمین تنخواہوں کی عدم ادائیگی کے باعث ہڑتال پر تھے جس کے نتیجے میں شہر گندگی کے ڈھیر میں تبدیل ہوگیا تھا۔ سوشل میڈیا پر شہریوں کی جانب سے شدید ردعمل کے بعد صوبائی وزیر نے ذاتی طور پر مداخلت کی اور اپنی جیب سے صفائی مہم شروع کروا دی۔ عوامی و سماجی حلقوں نے سردار زادہ فیصل خان جمالی کے اس اقدام کو قابل ستائش اور عوامی خدمت کی اعلیٰ مثال قرار دیا۔ اس موقع پر اوستہ محمد بچاؤ تحریک کے صدر محمد حنیف بختیار زئی بلوچ، میر جانب علی لہڑی، محمد صالح کورائی، نصر اللہ بہر، جمیل احمد جمالی اور جان زیب بلوچ نے اپنے بیان میں کہا کہ صوبائی وزیر نے عوامی لیڈر ہونے کا حق ادا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان حکومت اور محکمہ بلدیات کے حکام کو ہوش کے ناخن لینے چاہئیں اور بلدیہ ملازمین کو فوری طور پر تنخواہوں کی ادائیگی یقینی بنانی چاہیے تاکہ صوبے بھر میں صفائی کی صورتحال بہتر ہو سکے۔

اساتذہ قوموں کی تعمیر میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں، پروفیسر اقبال ترین
استاد ایک ایسا چراغ ہے جو دوسروں کو روشنی دیتے دیتے خود پگھل جاتا ہے

مستونگ (اے پی پی) 5 اکتوبر عالمی یوم اساتذہ کے موقع پر بلوچستان یونیورسٹی سب کیمپس مستونگ کے ڈائریکٹر، پروفیسر محمد اقبال ترین نے اساتذہ کی گراں قدر خدمات کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ استاد ایک ایسا چراغ ہے جو دوسروں کو روشنی دیتے دیتے خود پگھل جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ معاشروں کی ترقی، تہذیب اور علم و شعور کے فروغ میں اساتذہ کا کردار بنیادی حیثیت رکھتا ہے، جسے کسی صورت فراموش نہیں کیا جا سکتا۔ اپنے خصوصی پیغام میں ڈائریکٹر محمد اقبال ترین نے کہا اساتذہ قوموں کی تعمیر میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں۔ وہ نسل نو کی فکری تربیت، علمی آبیاری اور اخلاقی تشکیل کے اہم ترین ستون ہیں۔ ایک استاد صرف کتابی علم نہیں دیتا بلکہ کردار سازی، سوچنے کی صلاحیت اور مثبت رویے پیدا کرتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بلوچستان جیسے پسماندہ صوبے میں تعلیمی میدان میں جتنی بھی ترقی ممکن ہوئی ہے، اس میں اساتذہ کی قربانیوں اور لگن کا کلیدی کردار رہا ہے۔ انہوں نے خاص طور پر دیہی علاقوں میں کام کرنے والے اساتذہ کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ محدود وسائل، دشوار گزار راستوں اور چیلنجنگ حالات کے باوجود یہ اساتذہ نوجوان نسل کو تعلیم کے زیور سے آراستہ کرنے میں مصروف عمل ہیں، جو قابل تحسین ہے۔ ڈائریکٹر مستونگ سب کیمپس نے بلوچستان یونیورسٹی کے اساتذہ اور تعلیمی عملے کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ یونیورسٹی ایک علمی مرکز ہے اور آپ سب کی محنت، خلوص اور ذمہ داری کے باعث ہم تعلیم کے میدان میں نمایاں مقام حاصل کر رہے ہیں۔ آپ کی مسلسل جدوجہد نوجوان نسل کے روشن مستقبل کی ضمانت ہے۔" انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ اساتذہ کی فلاح و بہبود، تربیت اور سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے تاکہ وہ مزید لگن اور جذبے سے اپنی ذمہ داریاں ادا کر سکیں۔

لورالائی: 38 افراد کا پی کے نیپ میں شمولیت کا اعلان

لورالائی (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی میں پشتون عوام کی جوق در جوق شمولیت قومی بیداری اور سیاسی شعور کی نئی لہر کی عکاس ہے۔ پارٹی میں عوام کی بڑھتی ہوئی دلچسپی اور تنظیمی عمل میں ان کا متحرک کردار نہایت حوصلہ افزا اور خوش آئند قرار دیا گیا۔ ان خیالات کا اظہار پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی ضلع لورالائی کے ضلعی سیکرٹری مصطفیٰ کمال خان کاکڑ نے کلی تیرگ، ملازئی، گاڑہ ملازئی اور نیوی کلی زنگیوال میں منعقدہ اجتماعات سے خطاب کرتے ہوئے کیا، جہاں 38 افراد نے پارٹی میں شمولیت کا اعلان کیا۔ اجتماعات میں پارٹی کے مرکزی کمیٹی کے رکن نعمت خان شبوزئی، حاجی عمر یوخیل، مالک حیدرزئی، محبت ملازئی، ضلعی معاونین عبدالعلی ناصر، ملک قادر مردانزئی، فاروق جوگزئی سمیت دیگر رہنماؤں اور کارکنوں نے شرکت کی۔ مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عوام کی بڑی تعداد میں پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی میں شمولیت اس امر کا ثبوت ہے کہ یہ جماعت ہی پشتون عوام کی امنگوں اور آرمانوں کی حقیقی ترجمان ہے۔ پارٹی اپنے اکابرین بالخصوص بابائے افغان اور عظیم دانشور عبدالرحیم خان مندوخیل اور ملی شہید عثمان خان کاکڑ کے نظریات پر عمل پیرا ہے اور اجتماعی قیادت و شعور کی بنیاد پر سیاست کر رہی ہے۔

تربت یونیورسٹی میں ایک روزہ معلوماتی ورکشاپ کا انعقاد
عنوان "اے آئی کے دور میں ایک اسمارٹ محقق بننے" تھا، طلبہ مستفید

تربت (آن لائن) یونیورسٹی آف تربت کے شعبہ نیچرل اینڈ بیسک سائنسز کے زیر اہتمام "اے آئی کے دور میں ایک اسمارٹ محقق بننے" کے عنوان سے ایک معلوماتی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔ ورکشاپ میں مختلف شعبہ جات کے اساتذہ اور طلبہ نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ ورکشاپ کے ریسورس پرسن تربت یونیورسٹی کے آفس آف ریسرچ، انوویشن اینڈ کمرشلائزیشن کے ڈائریکٹر اور لیکچرر ڈاکٹر فدا احمد نے تحقیقی عمل میں مصنوعی ذہانت کے موثر استعمال پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے تحقیق کے مختلف مراحل جیسے مقالہ جات، تھیسز کی ساخت، لٹریچر ریویو، معلومات کا تجزیہ، اکیڈمک رائٹنگ، پروف ریڈنگ اور بصری خاکے تیار کرنے میں اے آئی ٹولز کے استعمال کا عملی مظاہرہ پیش کیا۔ اپنی گفتگو میں انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ مصنوعی ذہانت انسان کی تحقیقی صلاحیتوں کا متبادل تو نہیں ہو سکتا البتہ ایک موثر معاون ضرور ثابت ہوگا

ضلع پشین میں قانون اور آئین کی بالادستی یقینی بنائی جائے گی، ڈی سی
امن و امان کے قیام، اداروں اور سرکاری ملازمین کے تحفظ کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا

پشین (آئی این پی) ڈپٹی کمشنر پشین منصور احمد قاضی نے کہا کہ ضلع پشین میں قانون اور آئین کی بالادستی، امن و امان کے قیام، اداروں اور سرکاری ملازمین کے تحفظ کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا، جملہ افسران قانون و قاعدے کے مطابق اپنی سروسز فراہم کرنے میں کسی قسم کی کوئی کوتاہی نہ برتیں۔ یہاں جاری ہونے والے بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ سرکاری و نیم سرکاری اداروں کے جملہ افسران و ملازمین ریاستی رٹ کو ہر صورت قائم رکھیں گے۔ اس حوالے سے کسی بھی قسم کا کوئی کمپرومائز نہیں ہوگا۔ سرکاری ملازمین ریاست کے نظام میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں ان کی عزت و نفس کو ریاست کسی جگہ مجروح نہیں ہونے دے گی۔ انہوں نے کہا کہ تمام انفورسمنٹ اداروں کو الرٹ کر دیا ہے، ڈسٹرکٹ کے داخلی اور خارجی راستوں اور بازار کی کڑی نگرانی اور مشکوک افراد پر کڑی نظر رکھی جا رہی ہے، گشت میں اضافہ اور چیکنگ کو مزید سخت کیا گیا ہے اور دوران چیکنگ کسی سے بھی ہتھیار، اسلحہ، چاقو، چھری یا کوئی بھی جان لیوا چیز برآمد ہوئی

CAPITAL DEVELOPMENT AUTHORITY
BUILDING AND HOUSING CONTROL WING
URAAN PAKISTAN

PUBLIC NOTICE
HIRING OF INTERNATIONAL CONSULTANTS FOR HOTEL & HOSPITALITY PLOTS IN SECTOR F-5 ISLAMABAD.

The Capital Development Authority (CDA), Islamabad, Pakistan, invites renowned international and national consultancy firms / consortia to submit Expressions of Interest (EOIs) for the provision of comprehensive consultancy services for the development of hotel and hospitality projects at two premium plots, located in Sector F-5, directly behind Marriott Hotel Islamabad's most prestigious hospitality district.

- Plot No. 6 – 4.51 Acres (21,970.6 sq. yds)
- Plot No. 8 – 3.73 Acres (18,162.8 sq. yds)

These plots are designated for international-standard hotels, serviced apartments, and hospitality facilities to cater to Islamabad's growing demand for tourism, business, and diplomatic stays.

Scope of services
The consultancy services shall include:
- Master Planning & Architectural Design (hospitality-focused, compliant with CDA by-laws and international standards).
- Structural & MEP Engineering (including seismic design, HVAC, fire safety, and utilities integration).
- Interior Design & Space Planning (guest rooms, suites, banquet halls, restaurants, service apartments, and operator brand compliance).
- Hospitality Amenities & Support Facilities (conference/meeting rooms, health club, spa, pools, kitchens, staff/back-of-house).
- Landscape & Urban Integration (site development, parking, pedestrian and urban connectivity).
- Sustainability & Smart Systems (LEED/BREEAM compliance, building automation, energy efficiency).
- Tender Documentation & Contract Administration (BOQs, specifications, bid assistance).
- Construction Supervision (QA/QC, verification of works, testing & commissioning).

Eligibility Criteria
- Minimum 10 years of international experience in hotel, resort, and hospitality projects.
- Registration with respective professional bodies.
- Demonstrated expertise in 5-star / luxury hotels, serviced residences, and mixed-use hospitality complexes.
- Joint ventures with international hotel design specialists are strongly encouraged.

Submission details
- Interested international and national consultancy firms are invited to submit their detailed proposals, portfolios, and credentials for consideration. CDA seeks to engage only the most competent and reputable consultants to ensure that these hospitality projects in Sector F-5 set a new benchmark of excellence, sustainability, and modern urban development.
- Sealed proposals must reach the office of Director General (Building & Housing Control), CDA Headquarters, Sector G-7, Islamabad, Pakistan

For further assistance please reach out to the
Directorate General of Building & Housing Control, CDA Islamabad

Submission Deadline: [15th November 2025]

Contact Details:
i. Whatsapp Contact: 0370-9353317
ii. Email: dgbhccda@hotmail.com
iii. Helpline: 051-9252103
iv. Website: www.cda.gov.pk
v. Office Address: CDA Facilitation Centre, Jasmine Road G-7/2, Islamabad

PID(I)2839/25

ویمنز ورلڈ کپ پاک بھارت میچ کے دوران مچھروں کی بہتات، کھلاڑیوں کو پریشانی کا سامنا

پاکستان اور بھارت میچ کے دوران مچھر اتنی بڑی تعداد میں موجود تھے کہ بھارتی بیٹرز بیٹنگ کے دوران بار بار انہیں بھگانے کی کوشش کرتی رہیں

مچھروں کے باعث میچ میں وقفہ، پاکستان ویمن ٹیم کی کپتان فاطمہ ثنا نے خود اسپرے اٹھا کر ہوا میں چھڑکاؤ کیا تاکہ کھیل دوبارہ بحال ہوسکے

کولمبو (آن لائن) آئی سی سی ویمنز کرکٹ ورلڈ کپ میں پاکستان اور بھارت کے درمیان کھیلا جانے والا میچ غیر متوقع رکاوٹ کا شکار ہوگیا — اور وجہ بنی مچھروں کی یلغار۔ پریماداسا اسٹیڈیم میں جاری میچ کے دوران مچھر اتنی بڑی تعداد میں موجود تھے کہ بھارتی بیٹرز بیٹنگ کے دوران بار بار انہیں بھگاتی رہیں۔ صورتحال اس قدر خراب ہوئی کہ کھیل کے 34 ویں اوور کے اختتام پر میچ کو تقریباً 15 منٹ کے لیے روکنا پڑا۔ دونوں ٹیموں کے کھلاڑیوں نے امپائرز سے شکایت کی جس پر منتظمین نے فوری طور پر گراؤنڈ میں مچھر مار اسپرے کروایا۔ دلچسپ منظر اس وقت دیکھنے میں آیا جب پاکستان ویمن ٹیم کی کپتان فاطمہ ثنا نے خود اسپرے اٹھا کر ہوا میں چھڑکاؤ کیا تاکہ کھیل دوبارہ بحال ہوسکے۔ ادھر، سری لنکن محکمہ موسمیات نے کولمبو میں وقفے وقفے سے بارش کی پیشگوئی کی تھی۔

سی آئی ایس گیمز، پاکستانی عبدالرحمان نے برانز میڈل جیت لیا

سی آئی ایس گیمز میں برانز میڈل کی باؤٹ میں عبدالرحمان نے ترکمانستان کے عبدالمتقیا نی کو شکست

باکو (این این آئی) کامن ویلتھ آف انڈیپنڈنٹ اسٹیٹس (سی آئی ایس) گیمز میں پاکستان کے عبدالرحمان نے ریسلنگ کا برانز میڈل جیت لیا۔ سی آئی ایس گیمز میں برانز میڈل کی باؤٹ میں عبدالرحمان نے ترکمانستان کے عبدالمتقیانی کو شکست دی۔ پاکستانی ریسلر نے 65 کلوگرام مقابلوں میں تیسری پوزیشن کی باؤٹ 5-10 سے جیت لی ہے۔ مقابلے فیصلہ کن باؤنٹ کے پہلے راؤنڈ میں عبدالرحمان نے 3 اور دوسرے میں 7 ٹیکنیکل پوائنٹ لیے۔ عبدالرحمان نے اس سے قبل کوارٹر فائنل میں بیلاروس کے ریسلر کو شکست دی تھی۔

ابرار احمد دلہنیا گھر لے آئے، تیاری کی تصویر بھی وائرل

مختلف سوشل میڈیا پلیٹ فارمز بارات کی ویڈیوز پر دلچسپ تبصرے

لاہور (این این آئی) قومی کرکٹ ٹیم کے نوجوان اسپنر ابرار احمد گزشتہ روز اپنی دلہنیا گھر لے آئے۔ ابرار احمد کی تیاری کی ایک تصویر بھی سامنے آئی جبکہ مختلف سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر 27 سالہ کھلاڑی کی بارات لے جاتے اور شادی ہال پہنچنے کی ویڈیوز سامنے آئی ہیں۔ اس کے علاوہ مختلف سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر کھلاڑی کی چند تصاویر بھی سامنے آئی ہیں۔ اس موقع پر ابرار احمد اپنے دوستوں کے ہمراہ خوشگوار انداز میں دکھائی دیئے جبکہ ایک تصویر میں بارات لے جانے سے قبل وہ سیلون میں تیار ہوتے بھی دکھائی دے رہے ہیں۔

دالبندین، پہلا آل چاغی شہزادہ جان بانی فٹبال ٹورنامنٹ فائنل میچ کے مہمان خاص بابائے چاغی چینل کے سینئر رہنما میر قدافی نوتیزئی ونرز اور رنرز کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کر رہے ہیں

انٹر یونیورسٹیز سپورٹس فیسٹیول، گوادر یونیورسٹی فٹبال کے فائنل میں پہنچ گئی

جامعہ مکران کو سیمی فائنل میں شکست، فائنل بیوٹمز اور گوادر یونیورسٹی کے مابین کھیلا جائے گا

کوئٹہ (مانیٹرنگ ڈیسک) گوادر یونیورسٹی نے مکران یونیورسٹی کو شکست دے کر فائنل کے لیے کوالیفائی کر لیا، فائنل میچ بیوٹمز یونیورسٹی کے مدمقابل کھیلا جائے گا محکمہ کھیل بلوچستان کا انٹر یونیورسٹیز اسپورٹس فیسٹیول 2025 کے سیمی فائنل فٹبال میچ میں گوادر یونیورسٹی نے سنسنی خیز مقابلے کے بعد مکران یونیورسٹی تربت کو پینالٹی ککس پر شکست دے کر فائنل کے لیے کوالیفائی کرلیا۔ دونوں ٹیموں کے درمیان میچ مقررہ وقت تک بغیر کسی گول کے برابر رہا۔

پی سی بی ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام، ضلعی سطح کے ٹورنامنٹ اختتام پذیر

لاہور (آئی این پی) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کے ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام کے تحت مردان اور ساہیوال میں ضلعی سطح پر کرکٹ ٹورنامنٹ اختتام پذیر ہوگیا۔ ساہیوال میں منعقدہ ضلعی ٹورنامنٹ میں 9 سکولوں نے حصہ لیا اور مجموعی طور پر 19 میچز کھیلے گئے، فائنل میچ میں گورنمنٹ کمپری ہینسو سکول نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ڈویژنل پبلک سکول راوی کیمپس کو شکست دے کر ضلعی چیمپئن کا اعزاز حاصل کیا۔ مردان میں 8 سکولوں کے درمیان 13 میچز پر مشتمل ٹورنامنٹ کھیلا گیا، فائنل میں گورنمنٹ ہائر سیکنڈری سکول گجر گڑھی نے غزالی پبلک سکول کلا تنگ کو شکست دے کر ٹورنامنٹ اپنے نام کیا۔

کولمبو: آئی سی سی ویمنز کرکٹ ورلڈ کپ میں پاکستانی وکٹ کیپر بھارتی کھلاڑی کو رن آؤٹ کر رہی ہے

سابق کرکٹرز تبصروں تک محدود، کسی کھلاڑی کا کیریئر ختم نہیں کیا، وقار یونس

آج کے سابق کھلاڑی میدان سے کٹ گئے ہیں، سابق کوچ کا الزامات پر ردعمل

لاہور (آئی این پی) سابق فاسٹ بولر اور کوچ وقار یونس نے کہا ہے کہ کسی کھلاڑی کا کیریئر تب ختم ہوتا ہے جب وہ خود اپنی توجہ کھو دے یا محنت چھوڑ دے۔ ایک انٹرویو میں وقار یونس نے احمد شہزاد اور عمر اکمل کے کیریئر ختم کرنے سے متعلق الزامات پر ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ کسی کا کیریئر ختم کرنے کا اختیار کسی کے پاس نہیں، میں نے صرف پی سی بی کو یہ مشورہ دیا تھا کہ دونوں کھلاڑی پہلے اپنی فارم بحال کرنے کے کیلئے فرسٹ کلاس کرکٹ کھیلیں۔ وقار یونس نے سابق کرکٹرز پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ وہ صرف تبصرے تک محدود ہیں اور موجودہ کھلاڑیوں کی رہنمائی میں دلچسپی نہیں لیتے۔ انہوں نے کہا کہ 90 کی دہائی کے کھلاڑی ایک دوسرے سے تجربہ شیئر کیا کرتے تھے لیکن آج کے سابق کھلاڑی میدان سے کٹ گئے ہیں، مجھے خوش قسمتی سے کوچنگ اور اصلاحی کردار ادا کرنے کے مواقع ملے۔ وقار یونس نے کہا کہ اسپاٹ فکسنگ اسکینڈل کے بعد میں نے محمد عامر کی واپسی کیلئے کردار ادا کیا اور کوچز، محمد حفیظ، اظہر علی اور نجم سیٹھی کو آمادہ کیا کہ وہ عامر کو دوبارہ موقع دیں۔ انہوں نے کہا کہ عامر نے واپسی کے بعد شاندار کارکردگی دکھائی اور پاکستان کو چیمپئنز ٹرافی جتوانے میں اہم کردار ادا کیا، تاہم مکی آرتھر کے آنے کے بعد ٹیم کے حالات بدلے اور انگلینڈ کے دورے میں عامر کو سخت مقابلے کا سامنا رہا۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان ٹیم کارکردگی کی بنیاد پر منتخب ہوتی ہے۔

نیشنل انٹر سکول پیڈل چیمپئن شپ 7 نومبر سے شروع ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیڈل فیڈریشن کے زیر اہتمام نیشنل انٹر سکول پیڈل چیمپئن شپ 7 نومبر سے نیو میدان، کے ایم سی، کراچی میں شروع ہوگی۔ پاکستان پیڈل فیڈریشن کے صدر محمد متین نے بتایا کہ چیمپئن شپ میں چار کیٹیگریز کے مقابلے رکھے گئے ہیں جن میں بوائز انڈر 14، بوائز انڈر 16، بوائز انڈر 18 اور گرلز انڈر 16 کے مقابلے شامل ہیں۔ چیمپئن شپ 9 نومبر تک جاری رہے گی اور چیمپئن شپ میں 5 لاکھ روپے کی انعامی رقم رکھی گئی ہے۔ چیمپئن شپ کے اختتام پر کامیابی حاصل کرنے والی ٹیموں کے کھلاڑیوں میں کیش ایوارڈ، ٹرافیاں، اسناد اور ٹی شرٹس تقسیم کی جائیں گی۔

چاغی آل ڈسٹرکٹ فٹبال ٹورنامنٹ کا فائنل سنسنی خیز مقابلے کے بعد شہید فاروق جان کلب کے نام ہوگیا

عید محمد نوتیزئی اسٹیڈیم میں کھیلے گئے پہلے آل چاغی شہزادہ جان بانی فٹبال ٹورنامنٹ کے فائنل میچ میں اہم شخصیات، عمائدین شہر اور کثیر تعداد میں تماشائیوں کی شرکت

مہمان خاص میر قدافی خان نوتیزئی کی جانب سے ٹورنامنٹ کمیٹی کے لیے ایک لاکھ روپے دینے کا اعلان، کھلاڑیوں اور منتظمین میں انعامات بھی تقسیم کیے گئے

دالبندین (نامہ نگار) شہید الحاج عید محمد نوتیزئی فٹبال اسٹیڈیم میں کھیلے گئے پہلے آل چاغی شہزادہ جان بانی فٹبال ٹورنامنٹ کے فائنل میچ میں ینگ شہید فاروق جان کلب نے سنسنی خیز مقابلے کے بعد شہید بالاچ مری کلب کو شکست دے دی۔ میچ مقررہ وقت تک بغیر کسی گول کے برابر رہا، جس کے بعد اس کا فیصلہ پینالٹی ککس پر ہوا۔ پینالٹی شوٹ آؤٹ میں ینگ شہید فاروق جان کلب نے بہترین کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے فتح اپنے نام کی۔ ریفری کے فرائض شکر اللہ بلوچ نے انجام دیے جبکہ عزیز حسنی اور صدام فدا اسسٹنٹ ریفری تھے۔ میچ کمشنر حاجی رحمت اللہ پہاڑی اور اناؤنسر خلیل نورزئی بلوچ تھے۔ فائنل میچ کے مہمان خاص بابائے چاغی چینل کے سینئر رہنما میر قدافی خان نوتیزئی تھے، جنہوں نے ٹورنامنٹ کمیٹی کے لیے ایک لاکھ روپے دینے کا اعلان کیا۔ اعزازی مہمان خاص وائس چیئرمین میونسپلٹی سردار حفیظ میران زئی تھے، جبکہ دیگر مہمانان گرامی میں سردار عبدالغیاث بڑیچ، جنرل کونسلر سعد نوتیزئی، کونسلر سیٹھ برج لعل، ڈی ایف اے کے صدر حاجی عبدالرؤف نوتیزئی، سیکرٹری حاجی عبدالباری بلوچ شامل تھے۔ تقریب میں کھلاڑیوں اور منتظمین میں انعامات تقسیم کیے گئے۔ اس موقع پر بابائے چاغی چینل کے رہنما سردار سرفراز بڑیچوزئی، میر جلیل سمالانی، میر حیات نجی، ٹورنامنٹ سیکرٹری اصغر نوتیزئی، کونسلر پرشوتم لعل، اکرم سیاہ پاد، قبائلی رہنما ملک عبدالباری ریکی، انجمن تاجران کے صدر نگری نور احمد، ملک سعد اللہ سمالانی، گلبدین سمالانی، کیپٹن ہاشم نجی اور شائقین کی بڑی تعداد اسٹیڈیم میں موجود تھی۔

اسلامک سولیڈیریٹی گیمز کا عنوان ایک امت ہوگا، آرگنائزنگ کمیٹی کا اعلان

ریاض میں منعقدہ مقابلوں میں 57 ممالک سے تین ہزار کھلاڑی شریک ہوں گے

ریاض (این این آئی) سعودی عرب میں آئندہ ماہ منعقد ہونے والی اسلامک سولیڈیریٹی گیمز ریاض 2025 کی آرگنائزنگ کمیٹی نے اعلان کیا ہے کہ گیمز کے چھٹے ایڈیشن کا عنوان ایک امت ہوگا جو اسلامی دنیا کے عوام کے اتحاد اور کھیلوں کے ذریعے یکجہتی و ہم آہنگی کی اقدار کو اجاگر کرتا ہے۔ عرب ٹی وی کے مطابق اسلامک سولیڈیریٹی گیمز ریاض 2025 کی افتتاحی تقریب 7 نومبر کو ہوگی اور 21 نومبر کو اختتامی تقریب کے ساتھ مقابلے مکمل ہوں گے۔

نیشنل جونیئر گرلز نیٹ بال چیمپئن شپ 30 اکتوبر سے شروع ہوگی

کراچی میں منعقد ہونے والی چیمپئن شپ میں ملک بھر سے ٹیمیں حصہ لیں گی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نیٹ بال فیڈریشن کے زیر اہتمام نیشنل جونیئر گرلز نیٹ بال چیمپئن شپ 30 اکتوبر سے سٹی سکول پی اے ایف چیپٹر، کراچی میں شروع ہوگی۔ پاکستان نیٹ بال فیڈریشن کے سیکرٹری جنرل محمد ریاض نے بتایا کہ چیمپئن شپ کی تیاریاں زور و شور سے جاری ہیں اور چیمپئن شپ میں ملک بھر سے سکولوں اور کالجوں کی ٹیمیں حصہ لیں گی۔ چیمپئن شپ میں شرکت کی خواہش رکھنے والی ٹیموں کے عہدیدار اپنی ٹیموں کے ناموں کا اندراج 20 اکتوبر تک کرواسکتے ہیں۔ چیمپئن شپ میں شرکت کرنے والی ٹیموں کی مینیجرز میٹنگ 29 اکتوبر کو ہوگی۔

افریقہ کیخلاف ٹیسٹ سیریز، سپورٹ اسٹاف میں اضافے کا امکان

سابق کرکٹر عمران فرحت کی بطور معاون بیٹنگ کوچ خدمات، اسپن بولنگ کوچ عبدالرحمان اور فیلڈنگ کوچ عبدالمجید کو بھی لانے کی تجویز

تینوں کوچز اس وقت لاہور میں جاری قومی ٹیسٹ ٹیم کے کیمپ میں ذمہ داریاں نبھا رہے ہیں انہیں باقاعدہ سٹاف کا حصہ بنایا جائے گا، رپورٹس

لاہور (این این آئی) جنوبی افریقہ کے خلاف ٹیسٹ سیریز کیلئے قومی ٹیم کے سپورٹ سٹاف میں اضافے کا امکان ہے جس کا باقاعدہ اعلان چیئرمین پی سی بی کی منظوری کے بعد ہوگا۔ ذرائع کے مطابق جنوبی افریقہ کے خلاف دو ٹیسٹ میچز کیلئے سابق کرکٹر عمران فرحت کی بطور معاون بیٹنگ کوچ خدمات حاصل کی جاسکتی ہیں جبکہ سپن بولنگ کوچ عبدالرحمان اور فیلڈنگ کوچ عبدالمجید کو بھی ٹیم مینجمنٹ کا حصہ بنانے کی تجویز ہے۔ نیشنل کرکٹ اکیڈمی کے یہ تینوں کوچز اس وقت لاہور میں جاری قومی ٹیسٹ ٹیم کے کیمپ میں ذمہ داریاں نبھا رہے ہیں، ان کو سپورٹ سٹاف کا باقاعدہ حصہ بنانے کی تجویز پر حتمی فیصلہ جلد ہوگا۔ ذرائع کے مطابق پاکستان اور جنوبی افریقہ کے درمیان پہلا ٹیسٹ میچ 12 اکتوبر کو قذافی سٹیڈیم لاہور میں جبکہ دوسرا ٹیسٹ 20 اکتوبر سے راولپنڈی میں شیڈول ہے، دونوں میچز کے لیے سپن ٹریک بنایا جاسکتا ہے جس پر ساجد خان، نعمان علی اور آصف آفریدی کارگر ثابت ہوسکتے ہیں۔

لڑکپن سے کھیلتا آیا ہوں، کرکٹ میرا جنون ہے، احمد شہزاد

ہم نے دھکے کھائے، محنت کی اور اس کے بعد مقام حاصل کیا

لاہور (آئی این پی) سابق ٹیسٹ کرکٹر احمد شہزاد نے کہا ہے کہ آج کل جو بچہ پاکستان سپر لیگ میں 50 رنز کرتا ہے تو کہتا ہے پاکستان کھلا دو، اس لیے پاکستان ٹیم کا یہ حال ہوا ہے۔ ایک پوڈکاسٹ میں گفتگو کرتے ہوئے احمد شہزاد نے اپنی کرکٹ کی شروعات سے متعلق سوال پر کہا کہ 7 یا 8 ویں کلاس میں تھا تو کلب کی طرف سے کھیلتا تھا، کرکٹ کا جنون تھا، میری ساری ضروریات والدہ پوری کرتی تھیں، گھنٹہ پیدل چل کر گراؤنڈ جاتا تھا اور نیٹ میں کھیلتا تھا، سب سے پہلے پچ کراس جگہ کو پانی دیتا تھا۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ آج کل بچہ الٹا یہ کہتا ہے پی ایس ایل کھیلنی ہے۔

ورلڈ انڈر 23 اسکواش چیمپئن نور زمان کی پی ایس اے رینکنگ میں ترقی

ورلڈ رینکنگ میں 15 درجے بہتری کے بعد نور زمان 47 ویں پوزیشن پر آگئے

کراچی (این این آئی) ورلڈ انڈر 23 اسکواش چیمپئن نور زمان کی پی ایس اے رینکنگ میں ترقی ہوئی ہے۔ نیش اوپن میں فتح کے بعد نور زمان پی ایس اے رینکنگز میں ٹاپ 50 میں آگئے۔ وہ پی ایس اے رینکنگ میں اس وقت پاکستان کے ٹاپ رینکڈ پلیئر ہوگئے۔ ورلڈ اسکواش رینکنگ میں 15 درجے بہتری کے بعد نور زمان 47 ویں پوزیشن پر ہیں۔ پاکستان کے اشعب عرفان عالمی رینکنگ میں 56 اور عاصم خان 71 ویں پوزیشن پر ہیں۔

سابقہ ڈپٹی ڈائریکٹر سپورٹس سید نعیم اختر سابقہ انٹرنیشنل باکسر عبداللہ رند کو شیلڈ دے رہے ہیں اس موقع پر ماما منیر مینگل اور مسعود کاسی بھی موجود ہے

نیشنل جونیئر اسکواش چیمپئن شپ، ویشنوی کے ہاتھوں نمرہ بتول کو شکست کا سامنا

پری کوارٹر فائنلز محمد نائل علی نے داؤد احمد کو اور عثمان طاہر نے احمد کامران کو شکست دی

کراچی (این این آئی) سندھ کی اسکواش کی کھلاڑی ویشنوی نے ٹاپ سیڈ نمرہ بتول کو حیران کن شکست دیکر امریکن بزنس کلب نیشنل جونیئر اسکواش چیمپئن شپ کے کوارٹر فائنل میں جگہ بنالی۔ وائلڈ کارڈ پر انٹری حاصل کرنے والے عبداللہ اور عدنان زمان نے بھی ٹاپ ایٹ مرحلے میں رسائی حاصل کرلی۔ سندھ اسکواش ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام پی ایس ایف جہانگیر خان اسکواش کمپلیکس پاکستان اسپورٹس بورڈ کراچی سینٹر کے اسکواش کورٹس میں جاری 8 لاکھ روپے مالیت کی انعامی رقم کی حامل پہلی امریکن بزنس کلب نیشنل جونیئر اسکواش چیمپئن شپ میں کھیلے گئے۔

ویمنز ورلڈ کپ، بھارتی کپتان نے بھی پاکستانی کپتان سے ہاتھ نہ ملایا

کولمبو (آئی این پی) آئی سی سی ویمنز ورلڈ کپ میں پاک، بھارت ٹاکرے میں بھی خاتون بھارتی کپتان نے پاکستانی کپتان سے ہاتھ نہیں ملایا۔ سری لنکا کے شہر کولمبو کے پریماداسا اسٹیڈیم میں کھیلے گئے ٹورنامنٹ کے چھٹے میچ میں پاکستانی ٹیم نے ٹاس جیت کر پہلے فیلڈنگ کا فیصلہ کیا۔ خواتین کے کرکٹ ورلڈ کپ میں بھی بھارتی ویمنز ٹیم کی کپتان کی جانب سے اپنی نو ہینڈ شیک پالیسی کو برقرار رکھا گئی، جو نہ صرف کھیل کی روح کے خلاف ہے بلکہ کھیل کو سیاسی تنازعات کا شکار بنانے کی ایک اور مثال ہے۔ ٹاس کے بعد بھارتی ویمنز ٹیم کی کپتان ہرمن پریت کور نے پاکستانی کپتان فاطمہ ثنا کے ساتھ روایتی مصافحہ نہیں کیا۔

رافیل نڈال کو اعزازی ڈاکٹریٹ کی ڈگری مل گئی

میڈرڈ (این این آئی) عالمی شہرت یافتہ ہسپانوی ٹینس اسٹار رافیل نڈال کو اسپین کی قدیم ترین درسگاہ یونیورسٹی آف سلامانکا (USAL) کی جانب سے اعزازی ڈاکٹریٹ کی ڈگری دے دی گئی۔ یہ اعزاز ان کو ایک خصوصی تقریب میں دیا گیا، یونیورسٹی آف سلامانکا دنیا کی چوتھی قدیم ترین یونیورسٹی ہے، اس سے قبل کسی بھی کھلاڑی کو یہ اعزازی سند نہیں دی گئی تھی۔ تقریب کے دوران رافیل نڈال نے روایتی نیلا گاؤن اور ٹوپی پہن کر حلف لیا، جس کے بعد انہیں باضابطہ طور پر ڈاکٹر آنوریس کاؤزا کا تمغہ عطا کیا گیا۔ 22 مرتبہ کے گرینڈ سلم چیمپ رافیل نڈال نے اپنے انسٹاگرام پیغام میں اس موقع پر اظہار تشکر کرتے ہوئے کہا کہ فخر، شکر گزاری اور خوشی، میرے لیے یہ ایک عظیم اعزاز ہے کہ میں اس تاریخی یونیورسٹی کا پہلا کھلاڑی ہوں جس نے اسپین کی ثقافت پر گہرا اثر چھوڑا ہے۔ نڈال نے اپنی تقریر میں کہا کہ کھیل انسان کی شخصیت نکھارنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے کیونکہ یہ حریف کا احترام، دیانت دارانہ مقابلہ اور دوسروں کی محنت کو سراہنے کا درس دیتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایک ایسی دنیا میں جو تقسیم اور انتشار کی طرف بڑھ رہی ہے، میرا یقین ہے کہ کھیل انسانوں کے درمیان تعلق، ہم آہنگی اور باہمی احترام کا پل بن سکتا ہے۔ سلامانکا اور یونیورسٹی آف سلامانکا کے تمام لوگوں کا شکریہ، یہ دن ہمیشہ میری یادوں میں زندہ رہے گا۔

قومی کرکٹر ابرار احمد شادی کے بندھن میں بندھ گئے

کراچی (آئی این پی) قومی کرکٹ ٹیم کے اسپن بولر ابرار احمد رشتہ ازدواج میں منسلک ہو گئے۔ قومی کرکٹر ابرار احمد کی شادی کراچی میں آمنہ رحیم سے ہوئی اور دلہنیا لینے کیلئے آمد پر 27 سالہ ابرار احمد کی بارات کا ڈھول کی تھاپ پر پرتپاک استقبال کیا گیا۔ اسپنر ابرار احمد کا ولیمہ آج (پیر) 6 اکتوبر کو ہوگا جس کے بعد وہ لاہور میں پاکستان ٹیم کے ٹیسٹ اسکواڈ کو جوائن کریں گے۔ ابرار احمد نے پہلی مرتبہ 2017 میں پی ایس ایل میں کراچی کنگز کی نمائندگی کی جب کہ انہوں نے اپنا ٹیسٹ ڈیبیو 2022 میں انگلینڈ کے خلاف کیا تھا۔

استاد کی تکریم کرنے والی قومیں ہی کامیابی سے ہمکنار ہوتی ہیں، سردار یار محمد رند

تعلیم یافتہ قومیں ہی ملکی و عالمی ترقی میں بہتر کردار ادا کرسکتی ہیں اور تعلیم کا حصول استاد کے بغیر ممکن نہیں، چیف آف رند

اساتذہ قوم کے معمار ہیں نوجوانوں کی سیرت اور کردار سازی کا فریضہ سرانجام دیتے ہیں، ٹیچر ڈے پر اساتذہ کو سلام پیش کرتے ہیں

سبی (اے این این) رند قبائل کے سربراہ و سینئر پارلیمنٹرین چیف آف رند سردار یار محمد رند نے استاد کی عزت و احترام کرنے والی قومیں ہی ترقی کی راہ پر بہتر انداز سے سفر کرتے ہوئے اپنی منزل حاصل کرنے میں کامیابی سے ہمکنار ہوتی ہے۔ تعلیم کا حصول استاد کے بغیر ممکن نہیں، تعلیم یافتہ قومیں ہی ملک و قوم کی ترقی خوشحالی میں اپنا مقام پیدا کرتی ہے ٹیچر ڈے پر اساتذہ کو سلام پیش کرتے ہوئے انہوں نے مزید کہا کہ اساتذہ قوم کے معمار ہے کوئی بھی قوم اور معاشرہ تعلیم کے بغیر ترقی نہیں کرسکتا تعلیم کا حصول استاد کے بغیر ممکن نہیں اساتذہ قوم کے معمار ہیں نوجوانوں کی سیرت اور کردار سازی کا فریضہ سرانجام دیتے آئے ہیں، قوم کے سنوار اور بگاڑ میں معلم کا کلیدی کردار ہے۔ رند قبائل کے سربراہ چیف آف رند سردار یار محمد رند نے کہا کہ اس بات میں کوئی شک و شبہ نہیں کہ معاشرے کی تعمیر میں ایک استاد کا کلیدی رول ہوتا ہے اساتذہ کرام ہمارے معاشرے کی وہ عظیم ہستی ہیں جو نئی نسل کو زیور تعلیم سے آراستہ کرتے ہیں اور انہیں مستقبل کے چیلنجوں کا مقابلہ کرنے کے لئے تیار کرتے ہیں حق بات تو یہ ہے کہ اساتذہ روحانی ماں باپ ہوتے ہیں جو نہ صرف جسمانی صحت و صفائی کے اصول سکھاتے ہیں بلکہ روحانی بیماریوں سے چھٹکارہ دلا کر معاشرے کا ایک عظیم فرد بھی بناتے ہیں اور انسان کے اندر پنہاں تمام تر صلاحیتوں اور قوتوں کو پروان چڑھاتے ہیں، آج اس قوم کے معمار کے پاس نونہال پودے بلکہ یہ کہوں کی بیج ہیں جن کو محبت و شفقت کی زمین میں بو کر او علم کی پانی سے ایک گلستان تیار کرتے ہیں۔ آج ان ننھے منے بچوں کا یہ گلستان انہی کے ہاتھ میں ہے دور جدید نے ان بچوں کو بھی جدید بنایا ہے اور آج کے بچے کمپیوٹر ذہن کے مالک ہے انہوں نے شوران سمیت بلوچستان بھر کے اساتذہ کرام کو ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ وہ بلوچستان کے پسماندہ علاقے شوران میں زیر تعلیم بچوں کے بہتر مستقبل کے لئے تعلیم و تربیت میں اپنی صلاحیتوں کو استعمال میں لاکر تعلیم یافتہ بلوچستان کا خواب پورا کریں۔

شہید میر محمد مراد ابڑو جاموٹ قبائل کے عظیم لیڈر تھے، علی نواز ابڑو

شہید عوامی خدمت اور اصولی سیاست کی روشن علامت تھے، میڈیا کوآرڈینیٹر پی پی پی سبی

سبی (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی ضلع سبی کے میڈیا کوآرڈینیٹر علی نواز ابڑو نے یوم شہادت شہید میر محمد مراد ابڑو کی سالانہ برسی کے موقع پر کہا ہے کہ شہید میر محمد مراد ابڑو جاموٹ قبائل کے عظیم خدمت گزار لیڈر، عوامی خدمت اور اصولی سیاست کی روشن علامت تھے بلوچستان کی سرزمین ہمیشہ ایسے باکردار رہنماؤں کو جنم دیتی آئی ہے جنہوں نے اپنی زندگی صوبے کی ترقی، عوامی خدمت اور قبائلی اتحاد کیلئے وقف کر دی شہید میر محمد مراد ابڑو انہی مخلص شخصیات میں شمار ہوتے ہیں جنہوں نے اپنی ساری زندگی ملک و قوم اور جاموٹ اقوام کی ترقی و خوشحالی اور استحکام کیلئے گزار دی آج اس عظیم لیڈر کی برسی ملک کے طول و عرض میں نہایت عقیدت و احترام کے ساتھ منائی جارہی ہے انہوں نے کہا کہ شہید میر محمد مراد ابڑو نہ صرف ایک عوام دوست سیاست دان تھے بلکہ ایک باشعور، اصول پرست اور خدمت انسانیت کے جذبے سے سرشار عظیم لیڈر تھے جنھوں نے اپنے بزرگوں کی روایات، جرأت، مہمان نوازی اور دیانت داری کو ہمیشہ زندہ رکھا اور قبائلی ہم آہنگی، بھائی چارے اور امن کے فروغ کیلئے بھرپور کردار ادا کرتے رہے انہوں نے جاموٹ قبائل کو اپنے حقوق کے حصول کا شعور دیا اور جاموٹ نوجوانوں کو ہر شعبے میں خوب محنت کر کے اپنا لوہا منوانے کا ذہن دیا انہوں نے مزید کہا کہ شہید میر محمد مراد ابڑو کی سیاست کا بنیادی مقصد اقتدار نہیں بلکہ عوامی خدمت تھا انہوں نے ہمیشہ عوامی مسائل کے تدارک کیلئے مخلصانہ کوششیں کر کے عوام کو ریلیف پہنچایا ہے انکے سیاسی نظریات میں شرافت، اصول پسندی اور عوامی بہبود نمایاں تھیں جبکہ قبائلی تنازعات کے خاتمے کیلئے نہ صرف جاموٹ قبائل کے مابین منصفانہ فیصلے کیے بلکہ دیگر اقوام کے افراد بھی اپنے فیصلوں میں شہید میر محمد مراد ابڑو کو ثالث مقرر کر کے مکمل اعتماد کا اظہار کرتے انکا کہنا تھا کہ شہید میر محمد مراد ابڑو کی قیادت میں جاموٹ قبائل میں اتحاد و اتفاق کو نئی قوت ملی جبکہ انہوں نے مختلف قبائل کے درمیان مفاہمت اور تعاون کے راستے بھی ہموار کیے جس سے صوبے میں امن اور بھائی چارے کی فضا مضبوط ہوئی

سبی میں خون عطیہ کرنے والوں کے اعزاز میں ایوارڈ تقسیم تقریب

سائبان ویلفیئر ٹرسٹ انسانی خدمت کا روشن مینار بن چکا ہے، میر بیار ڈومکی

سبی (یو این اے) سائبان ویلفیئر ٹرسٹ کے کے بانی و چیئرمین عبید اللہ رند کی جانب سے سائبان ویلفیئر ٹرسٹ ہیڈ آفس سبی میں فی سبیل اللہ خون عطیات کرنے والوں میں تقسیم ایوارڈ تقریب کا اہتمام کیا گیا تقریب کے مہمان خاص قبائلی معتبر شخصیت سردارزادہ میر حمیر بیار خان ڈومکی ہوئے تقریب میں ونگ کمانڈر 63 ونگ لیفٹیننٹ کرنل آصف شہریار مہمان خصوصی ہوئے تقریب میں سابق ڈسٹرکٹ چیئرمین ملک قائم خان دہپال، الحاج صوفی سلیمان نقشبندی پاکستان پیپلز پارٹی کے صدر حاجی غلام رسول سیلاچی جنرل سیکرٹری میر ریحان کھلنکزئی معتبر شخصیت میر اللہ داد جتوئی ڈیرہ حیدر خان بازعیب اللہ رند ڈاکٹرز و دیگر معتبرین معززین سمیت شہریوں نے شرکت کی تقریب میں مہمان خاص مہمان خصوصی و دیگر معتبرین نے انسانی قیمتی جانوں کو بچانے والے فی سبیل اللہ خون کی عطیات دینے والوں میں ایوارڈ تقسیم کر کے ان کی حوصلہ افزائی کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مہمان خاص سردارزادہ میر حمیر بیار خان ڈومکی لیفٹیننٹ کرنل 63 ونگ آصف شہریار و دیگر نے کہا ہے کہ سائبان ویلفیئر ٹرسٹ کی قربانیاں صرف سبی تک محدود نہیں بلکہ پورے صوبے تک پھیل گئی ہیں محدود وسائل میں انسانی خدمات سے سرچشمہ یہ اس ٹرسٹ نے ہر مشکل وقت میں اپنے آپ کو خدمت کے لیے پیش کیا ہے حدیث کا مفہوم ہے کہ جس نے ایک انسان کی جان بچائی گویا اس نے انسانیت کی جان بچائی خون عطیہ کرنا وہ ثواب ہے، جس کا ہم تصور بھی نہیں کرسکتے خون عطیہ کرنے والا نہ صرف ثواب کماتا ہے قدرتی طور پر اس سے بیماریاں بھی دور ہوجاتی ہیں مہمان خاص و دیگر کا کہنا تھا کہ سائبان ویلفیئر ٹرسٹ اپنے محدود وسائل میں رہ کر صوبے کے کونے کونے بلکہ صحرا اور پہاڑوں میں وہاں بھی پہنچ کر خدمت کر رہا ہے جہاں عام انسان کی پہنچ ممکن نہیں ہم اپنے محدود وسائل میں رہ کر سائبان ویلفیئر ٹرسٹ سے ہر تعاون کے لیے تیار ہیں۔

دنیا بھر کے اساتذہ کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں: نعیم عمرانی

حکومت اساتذہ کے حقوق، سہولیات اور عزت و تکریم کے تحفظ کو یقینی بنائے

گنداخہ (یو این اے) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی رکن و ضلعی جنرل سیکرٹری میر نعیم خان عمرانی نے عالمی یوم اساتذہ کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ آج کے دن ہم دنیا بھر کے اساتذہ کو خراج عقیدت اور ان کی گراں قدر خدمات پر خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پاکستان کو چاہیے کہ ملک کے تعلیمی نظام کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ بنانے کے لیے اساتذہ کو بنیادی سہولیات فراہم کرے تاکہ نئی نسل علمی و فنی میدان میں بین الاقوامی سطح پر ملک کا نام روشن کر سکے۔ میر نعیم خان عمرانی نے کہا کہ جہاں اساتذہ اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں احسن طریقے سے نبھا رہے ہیں، وہیں معاشرے کا یہ فریضہ ہے کہ ان کی عزت و تکریم میں کسی طور کمی نہ آنے دی جائے۔ انہوں نے کہا کہ اساتذہ کی فنی استعداد میں اضافہ اور معاشی آسودگی کو یقینی بنانا وفاقی و صوبائی حکومتوں کی اہم ذمہ داری ہے۔ حکومت اساتذہ کے جائز حقوق کی فراہمی، ان کے وقار کے تحفظ اور فرائض کی ادائیگی میں مکمل معاونت فراہم کرے۔ جے یو آئی کے ضلعی جنرل سیکرٹری نے کہا کہ قومی و عالمی سطح پر اساتذہ کے حقوق کے تحفظ اور فروغ کے لیے مشترکہ کاوشوں کی ضرورت ہے تاکہ تعلیم یافتہ معاشرے کی مضبوط بنیاد قائم کی جا سکے۔ انہوں نے تجویز دی کہ بین الاقوامی سطح پر اساتذہ کے تبادلے اور عالمی درسگاہوں میں پاکستانی اساتذہ کے کردار کو اجاگر کرنے کے لیے خصوصی پروگرام منعقد کیے جائیں، تاکہ استاد کی عظمت کو مزید فروغ دیا جا سکے۔

کچھی، ڈی سی منصور احمد قاضی اجلاس کے بعد میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

چیئرمین میونسپل کمیٹی نوابزادہ شعیب جان مشرق سے بات چیت کر رہے ہیں

عوامی خدمت کے مشن کو خلوص کے ساتھ جاری رکھیں گے، صادق سنجرانی

سابق چیئرمین سینیٹ و رکن صوبائی اسمبلی کی چاغی کے دورے پر مختلف وفود سے ملاقاتیں

دالبندین (آن لائن) سابق چیئرمین سینیٹ و رکن صوبائی اسمبلی حاجی محمد صادق خان سنجرانی گزشتہ روز چاغی کے صدر مقام دالبندین پہنچے۔ انہوں نے دالبندین کے مختلف علاقوں میں جا کر فوت شدگان کے لواحقین سے تعزیت کی، فاتحہ خوانی کی اور ان کے ساتھ دلی ہمدردی کا اظہار کیا۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ چیئرمین میر عبد الودود خان سنجرانی، ڈسٹرکٹ وائس چیئرمین اسفند یار خان یار محمد زئی اور دیگر معززین بھی ان کے ہمراہ تھے۔ بعد ازاں وہ داود آباد سنجرانی ہاؤس گئے، جہاں انہوں نے مختلف قبائلی عمائدین، پارٹی رہنماؤں اور شہریوں سے ملاقات کی۔ انہوں نے لوگوں کے مسائل سنے اور ان کے حل کی یقین دہانی کرائی۔ رات کے وقت سابق چیئرمین میر علی جان نوتیزئی کی جانب سے حاجی محمد صادق خان سنجرانی اور دیگر معزز مہمانوں کے اعزاز میں ایک پرتکلف عشائیے کا اہتمام کیا گیا، جس میں بڑی تعداد میں عمائدین، سیاسی و سماجی شخصیات اور صحافیوں نے شرکت کی۔ اس موقع پر مختلف امور پر تبادلہ خیال بھی ہوا اور علاقائی ترقی، عوامی فلاح و بہبود، اور نوجوانوں کے مسائل کے حوالے سے اہم تجاویز پیش کی گئیں۔ حاجی محمد صادق خان سنجرانی نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ عوامی خدمت کے مشن کو مزید مضبوط عزم اور اخلاص کے ساتھ جاری رکھیں گے۔

اوستہ محمد: غلام حسین باجوئی کی بطور ڈی پی او تعیناتی خوش آئند ہے

قبائلی جھگڑے والوں کی شہر میں داخلہ پر پابندی ہونی چاہیے، عوامی حلقے

اوستہ محمد (آن لائن) ڈی پی او غلام حسین باجوئی کی استہ محمد تعیناتی خوش آئند ہے۔ قبائلی جھگڑے والوں کی شہر میں داخلہ پر پابندی ہونی چاہیے تو امن ہو جائے گا ڈی آئی جی نصیر آباد ایک قابل لائق آفیسر ہیں انہیں ایک ٹیم کی ضرورت ہے۔ رپورٹ تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی اوستہ محمد غلام حسین باجوئی کی بطور ضلع اوستہ محمد تعیناتی خوش آئین ہے کیونکہ غلام حسین باجوئی ضلع جعفرآباد میں پہلے رہ چکے ہیں جب ضلع ایک ہوا کرتا تھا لیکن اب ضلع الگ ہوا تو حالات بھی کافی بگڑے ہوئے ہیں وہ حالات کی وجہ کم لیکن پولیس کے اپنے معملات سے زیادہ خراب ہیں وہ ڈی پی او کو بھی بخوبی علم ہے اگر غلام حسین صاحب نے اپنے کو سنبھالا تو مجھے امید ہے کہ قابو پالیں گے اگر نہیں سنبھالا تو ایک جھٹکے میں چلے جائیں گے۔ امید ہے وہ اپنے سابقہ تجربے کو سامنے رکھ کر سنبھلنے کی کوشش کریں گے۔ ڈکیتیاں چوریاں ایک دن میں ختم ہوجائیں گے باقی واقعیات ہوتے ہیں یہ کوئی یورپ تھوڑی ہیں حالات کروائے نا جائیں؟ اصل میں اس وقت حالات خراب کروائے جا رہے ہیں قبائلی دشمنیاں بھی عروج پر ہیں ان کے شہر میں داخلہ پر پابندی لگائیں جائے وہ شہریوں آئیں جب ان پر مقدمے بھی ہیں تو وہ کیوں پکڑے نہیں جاتے یہ سب مسائل ہیں اور ڈی آئی جی ایک بہترین آفیسر ہیں ان کو اچھے ایس ایچ اوز اور ٹیم ورک کی ضرورت ہے تو انشاء اللہ امن بھی ہوگا بہتری بھی ہوگی۔

کچھی 50 سکولز، 10 بی ایچ یوز، لیویز تھانے اور بریجز پر کام کا آغاز کردیا گیا

بڑے اور متعدد ترقیاتی منصوبے بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشیٹو کے تحت ڈپٹی کمشنر کی نگرانی میں شروع کر دیے گئے ہیں

حکومت کا مقصد عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی ہے، ترقیاتی کام مکمل شفافیت اور میرٹ پر انجام دیے جائیں گے، ڈپٹی کمشنر

بولان (این این آئی) بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشیٹو کے تحت ضلع کچھی میں ترقیاتی منصوبوں کا کام ڈپٹی کمشنر کچھی کی نگرانی میں آغاز، پہلے مرحلے میں ضلع بھر کے مختلف 50 سکولز، 10 بنیادی مراکز صحت سمیت لیویز تھانے، برجز وغیرہ شامل ہیں ترقیاتی منصوبوں پر مکمل میرٹ شفافیت برقرار رکھے گی منصوبوں کی تکمیل سے ضلع کچھی میں ترقی کے ایک نئے دور کا آغاز ہوگا، ڈپٹی کمشنر کچھی۔ تفصیلات کے مطابق بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشیٹو کے تحت ضلع کچھی میں مختلف ترقیاتی منصوبوں پر عملی کام کا آغاز کر دیا گیا ہے، جن کی براہ راست نگرانی ڈپٹی کمشنر کچھی کیپٹن ریٹائرڈ جمعہ داد خان مندوخیل کر رہے ہیں ان منصوبوں میں ضلع بھر کے 50 سکولز، 10 بنیادی مراکز صحت (بی ایچ یوز) سمیت متعدد اسکولوں کی سولرائزیشن اور مرمت کے ساتھ ساتھ اہم شاہراہوں پر قائم پلوں کی بحالی و تعمیرات اور سرکاری دفاتر شامل ہیں اس منصوبے کے تحت مچھ پل، دو پاسی پل، سنی پل، بیر تیار غازی پل اور مٹھڑی پل کی مرمت کا کام کیا جائے گا تاکہ عوام کو آمد و رفت میں درپیش مشکلات کا خاتمہ ہو اور مقامی سطح پر سہولیات میں بہتری آئے ڈپٹی کمشنر کچھی کیپٹن ریٹائرڈ جمعہ داد خان مندوخیل نے کہا کہ ترقیاتی کام مکمل شفافیت اور میرٹ پر انجام دیے جائیں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ حکومت کا مقصد عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی ہے اور یہ منصوبے تعلیم، رابطہ کاری اور روزمرہ زندگی میں بہتری لانے کا ذریعہ ثابت ہوں گے

یوم انسداد بدعنوانی کے موقع پر سرکاری و نجی کالجز کے درمیان تقریری مقابلہ

جھل مگسی/پنجگور (آن لائن) یوم انسداد بدعنوانی کے موقع پر ضلع پنجگور کے تمام سرکاری و نجی کالجز کے درمیان ضلعی سطح کا تقریری مقابلہ منعقد ہوا، جس کی میزبانی گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج چتکان پنجگور نے کی۔ اس موقع پر بڑی تعداد میں طلبہ، طالبات، اساتذہ اور معزز مہمانوں نے شرکت کی اس مقابلے میں گورنمنٹ گرلز انٹر کالج تسپ پنجگور کی پہلی سال کی ہونہار طالبہ مس آمنہ عبدالقدوس نے انگریزی زبان میں اپنی مدلل، پر اثر اور پُراعتماد تقریر کے ذریعے پہلی پوزیشن حاصل کر کے نہ صرف اپنے ادارے بلکہ ضلع پنجگور کا نام بھی فخر سے بلند کیا۔ ججز، اساتذہ اور شرکاء نے ان کی تقریر کو اعلیٰ معیار، فکر انگیز مواد اور پُراعتماد انداز بیان کے باعث بے حد سراہا۔ ان کی اس شاندار کارکردگی کی بنیاد پر انہیں ڈویژنل سطح کے تقریری مقابلے کے لیے منتخب کرلیا گیا ہے کالج انتظامیہ نے اس کامیابی کو طالبہ کی محنت، اساتذہ کی راہنمائی اور والدین کی حوصلہ افزائی کا نتیجہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ مس آمنہ عبدالقدوس کی کامیابی دیگر طالبات کے لیے ایک قابل تقلید مثال ہے۔

بختیار آباد، ڈی ڈی او ایجوکیشن کے مختلف اسکولوں کے اچانک دورے

بختیار آباد (یو این اے) ڈپٹی ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن میل لہڑی لیاقت علی لغاری نے تحصیل لہڑی کے مختلف اسکولوں کے اچانک دورے کیے۔ انہوں نے گورنمنٹ بوائز پرائمری اسکول کشمیر باجی، گورنمنٹ بوائز پرائمری اسکول کشمیر ابڑو اور گورنمنٹ بوائز پرائمری اسکول بستی نالہ سمیت متعدد اسکولوں کا معائنہ کیا۔ دورے کے دوران انہوں نے اساتذہ اور طلبا کی حاضری چیک کی، تمام اساتذہ اپنی ڈیوٹی پر موجود اور تدریسی سرگرمیوں میں مصروف پائے گئے۔ لیاقت علی لغاری نے طلبا کی علمی صلاحیتوں کا جائزہ لینے کے لیے ان سے سوالات کیے اور مستحق طلبا میں وردیاں جبکہ تمام طلبا میں اسٹیشنری، کاپیاں اور کھیلوں کا سامان تقسیم کیا۔ اس موقع پر ان کا کہنا تھا کہ فرائض میں غفلت برتنے اور غیر حاضر رہنے والے اساتذہ کے خلاف تحکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ تعلیمی معیار اور طلبا کی کردار سازی پر خصوصی توجہ دینا ہوگی، ساتھ ہی ایک ایسا تعلیمی ماحول فراہم کیا جائے جس میں سیکھنے کا عمل خوشگوار اور دلچسپ تجربہ بن سکے۔ انہوں نے والدین پر زور دیا کہ وہ اپنے بچوں کی تعلیم اور حاضری پر کڑی نظر رکھیں اور ہر ماہ سکول جا کر بچوں کی کارکردگی کا جائزہ لیں۔

سڑکوں کی تعمیر سے خوشحالی اور تجارتی سرگرمیوں میں اضافہ ہوگا، صلاح الدین

چھتر (یو این اے) کمشنر نصیر آباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی نے ایگزیکٹو انجینئر روڈز نصیر آباد عبدالرحمن کاکڑ کے ہمراہ این 65 خان محمد مینگل تا ڈیرہ رحمان ربیع روڈ کا تفصیلی دورہ کیا اس موقع پر کمشنر نے کہا کہ سڑکوں کا جال بچھنے سے نہ صرف عوام کو آمد و رفت میں سہولت میسر آرہی ہے بلکہ علاقائی سطح پر ترقی و خوشحالی کی راہیں بھی کھل رہی ہیں۔ انہوں نے منصوبے کی بروقت اور معیاری تکمیل پر ایگزیکٹو انجینئر عبدالرحمن کاکڑ اور ان کی پوری ٹیم کی خدمات کو سراہا کمشنر نصیر آباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی نے مزید کہا کہ حکومت کی اولین ترجیح عوامی سہولیات کے منصوبوں کو پایہ تکمیل تک پہنچانا ہے، سڑکوں کی تعمیر سے تجارتی سرگرمیوں میں اضافہ ہوگا اور مقامی سطح پر ترقی کی نئی راہیں کھلیں گی۔

بیوٹمز یونیورسٹی ژوب کے زیر اہتمام اوپن فیئر ایونٹ کا انعقاد

ژوب (آن لائن) بیوٹمز یونیورسٹی ژوب کے زیر اہتمام اوپن فیئر ایونٹ کا انعقاد ہوا جس میں ضلعی انتظامیہ ژوب کی طرف سے اسسٹنٹ کمشنر ژوب محمد نوید عالم نے شرکت کی۔ اس تقریب کا مقصد نئے طلبا کا خیر مقدم کرنا اور طلبہ کو اپنے تعلیمی و کاروباری صلاحیتوں کو ظاہر کرنے کے لیے ایک پلیٹ فارم فراہم کرنا تھا۔ اس تقریب میں ضلع ژوب کے دیگر مختلف سکولوں اور کالجوں کے طلبا نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا اور سنیکس و کاروباری سٹالز لگائے گئے۔ تقریب میں کاروباری افراد نے بھی شرکت کی جس میں انہوں نے طلبا کو نئے کاروباری جدت اور ممکنہ تعاون کے ماحول کو فروغ دینے کے تجاویز دیئے۔ اس تقریب نے طلبا کے لیے کمیونٹی کے ساتھ مشغول ہونے، اپنی صلاحیتوں کو دریافت کرنے اور ایک دوسرے سے سیکھنے کے لیے ایک بہترین موقع کے طور پر کام کیا۔

ڈی ایچ او کچھی کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے، اللہ یار ڈومکی

حق اور سچ کی آواز کو دبانے کے لیے نازیبا الفاظ کا استعمال قابل برداشت نہیں، ملک ریاض بلوچ

بختیار آباد (یو این اے) بختیار آباد پریس کلب (ر) کے صحافیوں صدر اللہ یار ڈومکی، جنرل سیکرٹری ملک ریاض بلوچ، نائب صدر لیاقت علی ڈومکی، منظور احمد کلہار، محمد اسلم مینگل و دیگر عہدیداران نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں ڈی ایچ او کچھی ڈاکٹر ایاز قریشی کی جانب سے بھاگ پریس کلب کے صدر محمد رمضان بھٹو کے خلاف نازیبا الفاظ کہنے پر شدید برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ محمد رمضان بھٹو ایک سینئر اور منجھے ہوئے صحافی ہیں جنہوں نے ہمیشہ بھاگ ناڑی کی غریب و مظلوم عوام کی آواز حکومت کے اعلیٰ ایوانوں تک پہنچایا ہے انہوں نے کہا کہ صحافی رمضان بھٹو کی جانب سے ڈی ایچ او کچھی ایاز قریشی کی کرپشن اور کوتاہیاں منظر عام پر لانے اور ان کو آئینہ دکھانے پر ڈی ایچ او کچھی برا مان گئے اور صحافی محمد رمضان بھٹو کے خلاف نہ صرف نازیبا الفاظ کہے بلکہ ان پر بے بنیاد الزامات کی بھی بوچھاڑ کردی جو کسی ذمہ دار آفیسر کو زیب نہیں دیتا۔ ڈی ایچ او کچھی کے نازیبا الفاظ اور بے بنیاد الزامات کے باعث بلوچستان بھر کے صحافی برادری میں شدید تشویش اور غم و غصہ پایا جاتا ہے جس کی وجہ سے صحافی برادری سراپا احتجاج ہیں انہوں نے کہا کہ محمد رمضان بھٹو فرض شناس صحافی ہیں ان کی کردار کشی صحافتی طبقے پر حملے کے مترادف ہے۔ ڈی ایچ او کچھی کی جانب سے حق اور سچ کی آواز کو دبانے کے لیے نازیبا الفاظ کا استعمال ہرگز برداشت نہیں، صحافی برادری اپنا دفاع کرنا جانتے ہیں اور ڈی ایچ او کچھی کے نازیبا الفاظ کے استعمال سے صحافتی آزادی، آئینی اظہار رائے اور ذمہ دارانہ طرز حکمرانی کے اصولوں کی کھلی خلاف ورزی ہے انہوں نے کہا کہ ڈی ایچ او کچھی صحافیوں کے ساتھ الجھنے کے بجائے عوام کو صحت کی بنیادی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے اقدامات کرے۔ محمد رمضان بھٹو فرض شناس صحافی ہیں، کردار کشی صحافتی طبقے پر حملے کے مترادف ہے۔ بختیار آباد پریس کلب کے صحافیوں نے سیکرٹری ہیلتھ بلوچستان، ڈی جی ہیلتھ بلوچستان، کمشنر نصیر آباد ڈویژن، ڈپٹی کمشنر کچھی سے نوٹس لے کر ڈی ایچ او کچھی ایاز قریشی کے خلاف قانونی کارروائی کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

دالبندین: لندن روڈ کی تعمیر جلد مکمل کی جائے، عوامی مطالبہ

مزدوروں کو سیکورٹی فراہم کی جائے تاکہ تعمیراتی عمل بلاخوف و خطر مکمل ہو سکے

دالبندین (این این آئی) دالبندین شہر کی مرکزی شاہراہ لندن روڈ کا ایک رخ مکمل طور پر تعمیر ہو چکا ہے، تاہم دوسرے رخ پر تعمیراتی کام تاحال ادھورا پڑا ہے۔ گزشتہ ہفتوں جب اس روڈ کے ادھورے حصے پر دوبارہ کام کا آغاز کیا گیا تو نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ٹھیکیدار کا ایک مزدور شدید زخمی ہوگیا، جس کے باعث کام ایک بار پھر رک گیا شہریوں اور عوامی حلقوں نے شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ ادھورا رہ جانے والے روڈ کا کام فوری طور پر مکمل کیا جائے اور ٹھیکیدار کے مزدوروں کو سیکورٹی فراہم کی جائے تاکہ تعمیراتی عمل بلاخوف و خطر مکمل ہوسکے۔ عوام کا کہنا ہے کہ روڈ کی ایک سمت مکمل ہونے اور دوسری سمت خستہ حالت میں رہنے کی وجہ سے روزانہ گزرنے والی گاڑیوں کے ٹائروں سے دھول اور مٹی اڑ کر بازار اور بازار کے نزدیک گھروں میں پھیل جاتی ہے، جس سے شہری سخت پریشان ہیں۔ دکانداروں کے مطابق مٹی کی وجہ سے کاروبار متاثر ہو رہا ہے، جبکہ خریداروں کو آمد و رفت میں مشکلات پیش آرہی ہیں۔ یاد رہے کہ یہ منصوبہ سابق صوبائی حکومت کے دور میں دالبندین شہر کی خوبصورتی اور ترقی کے لیے عربوں روپے کے فنڈز سے منظور کیا گیا تھا مگر بدقسمتی سے کئی سال گزرنے کے باوجود منصوبہ مکمل نہیں ہو سکا۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ وہ کسی پر الزام نہیں لگاتے، تاہم سابقہ ادوار میں دالبندین شہر اور اس کے مضافاتی علاقوں کے لیے جو فنڈز مختص کیے گئے تھے، ان کی شفاف تحقیقات ہونی چاہئیں اور جو اسکیمیں ادھوری رہ گئی ہیں، انہیں مکمل کیا جائے۔ شہریوں نے موجودہ ضلعی نمائندوں اور اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ دالبندین شہر کی خوبصورتی، صفائی، اور بنیادی ڈھانچے کی بہتری کے لیے سنجیدہ اقدامات کیے جائیں تاکہ شہر دونوں اطراف سے مکمل اور خوبصورت نظر آئے، اور عوام کو سہولت میسر ہو۔

بقیہ 1 — کورکی

اپنے پرامن علاقے کو کسی بھی دہشتگردانہ سرگرمی کے لیے استعمال نہیں ہونے دیں گے۔ ذرائع کے مطابق بلوچستان کے بہادر عوام پر فتنہ الہندوستان کا اصل چہرہ عیاں ہو چکا ہے، خواتین کو ہراساں کرنے کے واقعات سے ثابت ہو گیا کہ فتنہ الہندوستان کا اسلام اور بلوچی روایات سے کوئی تعلق نہیں۔ دوسری جانب۔ بلوچستان کے علاقے بسیمہ میں پنگ کے مقام پر سیکورٹی فورسز کے قافلے پر دھماکے کے نتیجے میں ایک اہلکار شہید اور ایک زخمی ہوگیا جوابی کارروائی پر حملہ آور فرار ہونے میں کامیاب ہوگیا ذرائع کے مطابق گزشتہ روز بلوچستان کے علاقے واشک میں بسیمہ کے قریب پنگ کے مقام پر نامعلوم دہشت گردوں کی جانب سے سیکورٹی فورسز کے قافلے پر ریموٹ کنٹرول دھماکے سے حملہ کیا گیا جس کے نتیجے میں ایک اہلکار شہید اور ایک زخمی ہوگیا حملہ آوروں نے قافلے پر فائرنگ کی سیکورٹی فورسز کی جوابی کارروائی پر حملہ آور موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے نعش اور زخمی کو ہسپتال منتقل کردیا گیا نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی گئی۔ مزید کارروائی مقامی انتظامیہ کررہی ہے۔

بقیہ 2 — ٹرمپ

خیر مقدم کیا ہے۔ سعودی عرب، پاکستان، اردن، متحدہ عرب امارات، انڈونیشیا، ترکیہ، قطر اور مصر کے وزرائے خارجہ نے مشترکہ بیان جاری کیا ہے جس میں صدر ٹرمپ کی جانب سے اسرائیل کو فوری بمباری روکنے اور تبادلے کے معاہدے پر عمل درآمد شروع کرنے کی دعوت کا بھی خیر مقدم کیا ہے۔ وزرائے خارجہ نے اس بات پر زور دیا کہ یہ پیشرفت جامع اور پائیدار جنگ بندی اور غزہ کے عوام کو درپیش سنگین انسانی حالات کے حل کے لیے ایک حقیقی موقع فراہم کرتی ہے۔ وزرائے خارجہ نے حماس کے اس اعلان کا خیر مقدم کیا کہ وہ غزہ کی انتظامیہ ایک عبوری فلسطینی ٹیکنوکریٹ کمیٹی کو سونپنے کے لئے تیار ہے اور فوری مذاکرات کے آغاز کی ضرورت پر زور دیا تاکہ تجویز کے نفاذ کے طریقہ کار پر اتفاق کیا جاسکے اور اس کے تمام پہلوؤں کو حل کیا جاسکے۔ وزرائے خارجہ نے کہا ہے کہ حماس کی جانب سے جنگ ختم کرنے، تمام یرغمالیوں (زندہ یا مردہ) کو رہا اور نفاذ کے طریقہ کار پر مذاکرات شروع کرنے کا اعلان ایک اہم پیش رفت ہے۔ انہوں نے اس بات پر اپنا مشترکہ عزم دہرایا کہ تجویز پر عمل درآمد کیلئے تمام کوششوں کی حمایت کریں گے، جنگ کو فوراً ختم کریں گے، ایک جامع معاہدے پر پہنچیں گے جو غزہ کو بلا رکاوٹ تمام انسانی امداد کی فراہمی یقینی بنائے، فلسطینی عوام کے جبری انخلا کو روکے، شہریوں کی سلامتی کو کسی بھی خطرے سے محفوظ رکھے، یرغمالیوں کی رہائی کو یقینی بنائے، فلسطینی اتھارٹی کی غزہ میں واپسی کو ممکن بنائے، مغربی کنارے اور غزہ کو متحد کرے، اور ایک ایسے سیکیورٹی میکانزم تک پہنچے جو تمام فریقوں کی سلامتی کو یقینی بنائے۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ یہ اقدامات مکمل اسرائیلی انخلا، غزہ کی تعمیر نو، اور دو ریاستی حل کی بنیاد پر منصفانہ امن کے قیام کی راہ ہموار کریں گے۔ بیان میں حماس کی جانب سے غزہ کی انتظامیہ ایک عبوری فلسطینی انتظامی کمیٹی کو منتقل کرنے کی آمادگی پر بھی خوشی کا اظہار کیا گیا۔ وزرائے خارجہ نے اپنے عزم کا اعادہ کیا کہ وہ غزہ میں جنگ کے فوری خاتمے، انسانی امداد کی بلا رکاوٹ فراہمی، فلسطینیوں کے جبری انخلا کی روک تھام، شہریوں کے تحفظ، یرغمالیوں کی رہائی اور فلسطینی اتھارٹی کی غزہ میں واپسی کیلئے متحدہ کوششیں جاری رکھیں گے۔ وزرائے خارجہ نے کہا کہ مقصد ایسا جامع معاہدہ ہے جو اسرائیلی انخلا، غزہ کی تعمیر نو اور دو ریاستی حل کی بنیاد پر پائیدار امن کی راہ ہموار کرے۔

بقیہ 3 — سیکریٹری اسٹیٹ

ترجیح حماس کے پاس موجود قیدیوں کی رہائی ہے۔ غیر ملکی خبر ایجنسی رائٹرز کی رپورٹ کے مطابق مارکو روبیو نے کہا کہ غزہ میں جنگ ابھی ختم نہیں ہوئی اور اولین ترجیح حماس کے پاس موجود قیدیوں کی رہائی ہے جبکہ اس کے بعد کیا پیدا ہونے والی صورت حال پر ابھی کام کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ حماس نے بنیادی طور پر صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی تجویز اور قیدیوں کی رہائی کے فریم ورک پر اتفاق کیا ہے اور اس پر عمل درآمد کے لیے ملاقاتیں جاری ہیں۔ مارکو روبیو نے کہا کہ انہوں نے اصولی اور عمومی طور پر اس کے بعد کیا ہوگا اس حوالے سے تجویز میں شامل ہونے کے لیے اتفاق کیا اور اس سے متعلق تمام تر تفصیلات پر کام کیا جائے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ امریکا کو قیدیوں کی رہائی کا عمل واضح کرنے کے لیے ہونے والے موجودہ مذاکرات کے دوران جلد ہی معلوم ہوجائے گا کہ آیا حماس سنجیدہ ہے یا نہیں ہے۔ امریکی سیکریٹری اسٹیٹ نے کہا کہ اولین ترجیح جو متوقع طور پر ہم بہت جلد حاصل کرسکتے ہیں وہ اسرائیل کے انخلا کے بدلے قیدیوں کی رہائی سے ممکن ہے جہاں اسرائیل اگست کے دوران غزہ کے اندر موجود تھا۔ انہوں نے کہا کہ دوسرے مرحلے میں غزہ کا طویل مدتی مستقبل ہے جو اس سے مشکل ہے۔ مارکو روبیو نے کہا کہ اسرائیل کے پیچھے ہٹ جانے سے کیا ہوگا ہے اور ممکنہ طور پر اس کے بعد کیا ہوگا یہ دیکھنا ہوگا، فلسطینی ٹیکنوکریٹک قیادت کیسے تیار کی جائے، جس میں حماس نہ ہو اور اسی طرح کسی گروپ کو کیسے غیر مسلح کیا جائے جو اسرائیل کے خلاف حملے کرتا ہے اور سرنگیں تعمیر کرتا ہے اور ان کو کیسے غیر فعال کیا ان کا کہنا تھا کہ یہ پورا عمل بہت مشکل ہوگا لیکن یہ انتہائی اہم ہے اسرائیلی حکومت نے واضح کیا ہے کہ غزہ میں ابھی کوئی باقاعدہ جنگ بندی نافذ نہیں ہوئی، البتہ کچھ مخصوص مقامات پر بمباری عارضی طور پر روکی گئی ہے۔ حکومت کی ترجمان شوش بیڈروسیان نے بتایا کہ فوج کو دفاعی مقاصد کے لیے کارروائی جاری رکھنے کی مکمل اجازت ہے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی ایک بار پھر حماس کو دھمکی دیتے ہوئے کہا ہے کہ اگر حماس نے اقتدار نہ چھوڑا تو اسے صفحہ ہستی سے مٹا دیا جائے گا۔ امریکی نشریاتی ادارے کی رپورٹ کے مطابق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے بتایا کہ اگر حماس نے اقتدار چھوڑنے اور غزہ کا کنٹرول دینے سے انکار کیا تو اسے مکمل تباہی کا سامنا کرنا پڑے اور صفحہ ہستی سے مٹا دیا جائے گا۔ امریکی صدر کا یہ بیان ان کوششوں کے دوران سامنے آیا ہے جو ان کے مجوزہ جنگ بندی منصوبے کو آگے بڑھانے کے لیے کی جارہی ہیں۔ جب سی این این کے اینکر نے ٹرمپ سے ٹیکسٹ پیغام کے ذریعے پوچھا کہ اگر حماس اقتدار میں رہنے پر اصرار کرتی ہے تو کیا ہوگا، تو ٹرمپ نے جواب دیا، مکمل تباہی! اینکر جیک ٹیپر نے صدر سے سوال کیا کہ بینجمن نیتن یاہو کے مطابق حماس نے ٹرمپ کے 20 نکاتی جنگ بندی منصوبے کو مؤثر طور پر مسترد کردیا ہے کیونکہ وہ غیر مسلح ہونے سے انکار کررہی ہے، غزہ کو فلسطینی کنٹرول میں رکھنے پر اصرار کررہی ہے، اور یرغمالیوں کی رہائی کو مذاکرات سے مشروط کررہی ہے، تو کیا گراہم غلط ہیں؟ اس پر ٹرمپ نے جواب دیا کہ ہم دیکھیں گے۔ وقت ہی بتائے گا!!! صدر ٹرمپ نے کہا کہ انہیں جلد ہی اس بات پر وضاحت کی امید ہے کہ آیا حماس واقعی امن کے لیے پرعزم ہے یا نہیں۔ جب ان سے پوچھا گیا کہ کیا اسرائیلی وزیراعظم بنیامین نیتن یاہو غزہ میں بمباری ختم کرنے اور صدر کے وسیع تر وژن کی حمایت پر متفق ہیں، تو ٹرمپ نے کہا کہ ہاں بی بی (نیتن یاہو) اس پر متفق ہیں۔ امریکی صدر نے کہا کہ وہ پرامید ہیں کہ ان کا جنگ بندی منصوبہ جلد حقیقت بنے گا، اور اس کے حصول کے لیے وہ سخت محنت کررہے ہیں۔

بقیہ 4 — آئی ایم ایف

ڈالر کا فرق نظر آیا، مالی سال 25-2024 میں اعداد و شمار میں یہ فرق مزید بڑھ کر 5.7 ارب ڈالر ہوگیا۔ آئی ایم ایف نے پرانا تجارتی ڈیٹا درست کر کے عوامی سطح پر شیئر کرنے پر زور دیا۔ آئی ایم ایف کو بریفنگ دی گئی کہ ادارہ شماریات کا ڈیٹا سسٹم 2017 سے اپڈیٹ نہیں ہوا اس کی وجہ سے غیر ملکی درآمدات کی رپورٹنگ کم ظاہر ہوئی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ سب سے زیادہ فرق ٹیکسٹائل سیکٹر میں 3 ارب ڈالر اور دھاتوں میں 1 ارب ڈالر سامنے آیا۔ ڈیٹا کی اصلاحات سے اقتصادی نمو اور برآمدات پر اثر پڑ سکتا ہے۔

بقیہ 5 — زلزلے

اور گردونواح میں شام 6 بجکر 29 منٹ پر زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے ریکٹر اسکیل پر زلزلے کی شدت 5.0 ریکارڈ کی گئی۔ زلزلہ پیما مرکز نے بتایا کہ زیر زمین گہرائی 25 کلومیٹر تھی اور زلزلے کا مرکز کوئٹہ شہر سے 65 کلومیٹر دور مغرب کی جانب تھا۔ پی ڈی ایم اے حکام کے مطابق زلزلے سے اب تک کسی قسم کے نقصان کی اطلاع نہیں ملی ہے تاہم وہ اس حوالے سے ضلعی انتظامیہ سے رابطے میں ہیں۔

بقیہ 6 — پاکستان

ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ یہ منصوبہ سرکاری پالیسی نہیں، مگر ساتھ ہی اسے آرمی چیف کے ایجنڈے کے قریب ظاہر کیا گیا۔ یہ تضاد ہے رپورٹ نے ایک ہی وقت میں غیر سرکاری، نجی اور سرکاری ذرائع کا حوالہ دے کر دو مختلف نوعیت کی باتوں کو ملایا ہے، جس سے غلط فہمی پیدا ہوئی۔ رپورٹ میں خود تسلیم کیا گیا کہ پسنی کا تصور نجی اور غیر سرکاری ہے، اس کے باوجود ایک سینئر امریکی عہدیدار سے تصدیق مانگی گئی اور پھر اس جواب کو خبر میں شامل کر کے ایسے ظاہر کیا گیا جیسے کوئی سرکاری تجویز زیر بحث ہو۔ یہ طرز رپورٹنگ خود متضاد ہے اور نجی گفتگو کو ریاستی پالیسی سے غلط طور پر جوڑتی ہے۔ ایک نجی اور غیر حتمی تجارتی خیال کو خارجی خدشات سے جوڑنا حد سے زیادہ مبالغہ آرائی ہے۔ پاکستان، دیگر خودمختار ممالک کی طرح، اپنے تعلقات میں توازن رکھتا ہے۔ بھارت چین سے بڑے پیمانے پر تجارت کرتا ہے، روس سے تعلقات رکھتا ہے، امریکا سے تعاون کرتا ہے اور ایران و اسرائیل کے ساتھ روابط برقرار رکھتا ہے، اسے اسٹریٹجک خودمختاری کہا جاتا ہے۔ پاکستان کیلئے بھی یہی اصول لاگو ہوتا ہے۔ پاکستان کے موجودہ منصوبے، بشمول سی پیک اپنی جگہ برقرار ہیں۔ کسی بھی نئے منصوبے کی تجویز اگر کبھی سامنے آئی تو وہ شفاف اور ادارہ جاتی عمل سے گزرے گی۔ معاشی یا تزویراتی نوعیت کے منصوبے وزارتوں، ریگولیٹری اداروں اور کابینہ سطح کے عمل کے ذریعے شروع ہوتے ہیں، نجی گفتگو سے نہیں۔ اگر کوئی نئی تجویز قومی مفاد یا تجارتی لحاظ سے قابل غور ہو، تو اسے باقاعدہ اندراج، سیکورٹی و اقتصادی جانچ اور قانونی عمل کے ذریعے آگے بڑھایا جاتا ہے۔ پسنی پورٹ کے حوالے سے پاکستان نے کوئی پیشکش نہیں کی۔

بقیہ 7 — شہباز شریف

اطلاعات وکیونیکیشنز فہمی فاضل، پاکستان کے ہائی کمشنر سید احسن رضا شاہ اور پاکستانی سفارتی عملے نے وزیراعظم کا استقبال کیا۔ وزیراعظم شہباز شریف کو سرکاری پروٹوکول کے ساتھ ان کی رہائش گاہ پہنچایا گیا، جہاں ملائیشیا کے وزیراعظم انور ابراہیم نے ان کا گرمجوشی سے خیر مقدم کیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ ملائیشیا آ کر بے حد خوشی ہوئی، پر تپاک استقبال پر وزیراعظم انور ابراہیم اور ملائیشین عوام کا تہہ دل سے شکر گزار ہوں۔ انہوں نے کہا کہ یہ دورہ پاکستان اور ملائیشیا کے دوطرفہ تعلقات کو نئی توانائی فراہم کرے گا اور دونوں ملکوں کے عوام کو مزید قریب لائے گا۔ وزیراعظم کے ہمراہ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار، وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ اور وزیراعظم کے معاون خصوصی طارق فاطمی بھی موجود ہیں۔

بقیہ 8 — سرکیس سنسان

5 افراد زخمی ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق وزیر داخلہ گلگت بلتستان شمس لون نے بتایا کہ پولیس ہیڈ کوارٹر کے سامنے نامعلوم دہشتگردوں کی فائرنگ سے ممتاز عالم دین مولانا قاضی نثار احمد سمیت ان کے ڈرائیور اور گارڈ کے ساتھ مجموعی طور پر 5 افراد زخمی ہو گئے ہیں تاہم تمام زخمیوں کی حالت تسلی بخش ہے۔

بقیہ 9 — اراکین

متعدد مقدمات واپس لینے کی سفارش کی ہے، جنہیں صوبائی حکومت نے 'غیر قانونی، غیر آئینی اور سیاسی انتقام پر مبنی' قرار دیا ہے۔ ایڈووکیٹ جنرل خیبر پختونخوا شاہ فیصل عثمان خیل نے ویڈیو بیان میں بتایا کہ 9 مئی کو دہشت گردی کی عدالتوں میں 29 جھوٹے مقدمات درج کیے گئے تھے، جن میں سے اکثر میں عدالتوں نے ملزمان کو بری کر دیا یا مقدمات خارج کر دیے۔

بقیہ 10 — جنرل احمد شریف

خصوصی دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے طلباء و طالبات اور فیکلٹی ممبران کے ساتھ ایک جامع انٹریکٹو سیشن منعقد کیا، جس میں پاک فوج کے پیشہ ورانہ امور، بلوچستان کی سیکیورٹی صورتحال، "معرکہ حق" میں پاک فوج کی کامیابیوں، عوام و فوج کے درمیان تعاون اور سوشل میڈیا کے کردار پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ سیشن کے دوران ڈی جی آئی ایس پی آر نے پاک فوج کی جانب سے دہشت گردی کے خلاف جنگ، قومی سلامتی کے لیے کی جانے والی کوششوں اور بلوچستان میں امن و استحکام کے قیام کے لیے اٹھائے گئے اقدامات پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے طلباء کو بتایا کہ پاک فوج نہ صرف ملکی دفاع بلکہ قوم کی فلاح و بہبود اور ترقی کے لیے بھی مسلسل کام کر رہی ہے۔ سیشن میں طلباء کے سوالات کے تفصیلی جوابات دیے گئے، جس سے ان کے متعدد ابہامات دور ہوئے۔ طلباء نے اس سیشن کو نہایت معلوماتی اور بصیرت افروز قرار دیتے ہوئے کہا "آج کے انٹریکٹو سیشن میں ہمارے سوالات کے تفصیلی اور تسلی بخش جوابات دیے گئے، جس سے ہماری معلومات میں اضافہ ہوا اور کئی غلط فہمیاں دور ہو گئیں۔

بقیہ 11 — نادرا

اندراج کا پائلٹ پراجیکٹ جاری کردیا گیا ہے، چند ہفتوں میں پیدائش، شادی، طلاق اور وفات کے اندراج کی یہ سہولت پورے ملک میں دستیاب ہوگی۔ ترجمان نے کہا صوبائی سول رجسٹریشن مینجمنٹ سسٹم کیساتھ ڈیٹا شیئرنگ مضبوط کی گئی، صوبائی سی آر ایم ایس میں اندراج وفات کے بعد پاک آئی ڈی ایپ سے شناختی کارڈ منسوخ کرا سکتے ہیں، نادرا کے اقدامات سے ڈیٹا کی درستی میں بہتری اور جعلی اندراج میں نمایاں کمی ہوئی۔

بقیہ 12 — مسافر ٹرینوں

اور راولپنڈی کے درمیان چلنے والی ٹرینوں میں مسافروں کیلئے کمپلیمنٹری سروسز کا اضافہ کردیا گیا۔ مسافر دوران سفر سنیکس اور چائے کا مزا لے سکیں گے۔ مسافروں کیلئے برگر، سینڈوچ، چپس، کیک، جوس، چائے کی آپشن رکھی گئی ہے۔

بقیہ 13 — چوہدری شجاعت

بلوچستان کے مسائل پر مرہم رکھنے کی ضرورت ہے، قومی قیادت مسائل کا حل ڈھونڈنے ماضی کی طرح بلوچستان میں قیام امن اور اسکی ترقی کے لیے کردار ادا کرنے کو تیار ہوں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے مسلم لیگ کے راہنماؤں سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ ملاقات کرنے والوں میں پارٹی کے سینئر نائب صدر چوہدری سالک حسین، صوبائی جنرل سیکرٹری چوہدری شافع حسین، چیف آرگنائزر ڈاکٹر محمد امجد، رکن قومی اسمبلی مسز فرخ خان، مرکزی سیکرٹری اطلاعات مصطفی ملک، رضوان صادق، مہرین ملک، ڈاکٹر رحیم اعوان، انیلہ چوہدری، چوہدری جہانگیر، تحمینہ بخاری، عاطف مغل، یاسر عرفات شامل تھے۔

بقیہ 14 — بدستور قید

حراست میں لیا، دوست یورپی ملک کے ذریعے سفارتی چینلز سے ہم نے تصدیق کی ہے۔ وزارت خارجہ کے ترجمان نے بتایا کہ سابق سینیٹر مشتاق احمد اسرائیلی قابض افواج کی تحویل میں ہیں، سینیٹر مشتاق محفوظ اور خیریت سے ہیں، سینیٹر مشتاق کو عدالت میں پیش کیا جائے گا۔ انہوں نے بتایا کہ دفتر خارجہ نے اس سے قبل ان افراد کی بحفاظت واپسی کو مربوط کیا تھا جو پہلے اترے تھے۔

اساتذہ کے مسائل کے حل، نظام تعلیم میں اصلاحات کیلئے پرعزم ہیں، سیدال خان ناصر

ہر کامیاب فرد، ادارہ اور قوم کے پس منظر میں کسی نہ کسی استاد کی محنت، رہنمائی اور دعا شامل ہوتی ہے، قائم مقام چیئرمین سینٹ

اساتذہ قوم کی تعمیر وترقی کے حقیقی معمار اور رہنماء ہیں، انکے کردار سے معاشرے کی فکری، اخلاقی اور علمی بنیادیں مضبوط ہوتی ہیں

اسلام آباد (زاہد احمد خان) قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان نے اساتذہ کے عالمی دن کے موقع پر تمام معلمین کو زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ اساتذہ قوم کی تعمیر وترقی کے حقیقی معمار اور رہنما ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی معاشرے کی فکری، اخلاق اور علمی بنیادیں اس وقت مضبوط ہوتی ہیں جب اساتذہ اخلاص، علم اور کردار کے ساتھ اپنی ذمہ داریاں ادا کریں۔ سیدال خان نے کہا کہ اسلام دین علم و آگہی ہے جس میں تعلیم حاصل کرنے اور اساتذہ کے احترام پر خصوصی زور دیا گیا ہے۔ نبی کریم کا ارشادگرامی .... بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

لورالائی: پشتونخوامیپ کے عبدالرحیم زیارتوال دیگر رہنماؤں کے ہمراہ جلسہ گراؤنڈ کا معائنہ کر رہے ہیں

اوستہ محمد ایکسائز جعفرآباد کی کارروائی، منشیات برآمد، ملزم گرفتار

اوستہ محمد (نمائندہ خصوصی حنیف بلوچ) اوستہ محمد ای ٹی او ایکسائز جعفرآباد جاوید بلوچ کی بڑی کارروائی وافر مقدار میں منشیات ہیروئن اور چرس برآمد ملزم گرفتار منشیات سندھ سمگلنگ کی جارہی تھی تفصیلات کے مطابق ڈی جی ایکسائز بلوچستان محمد رمضان کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں ڈسٹرکٹ ایکسائز اینڈ نارکوٹکس جعفرآباد جاوید بلوچ کی نگرانی میں ایکسائز اہلکاروں نے اوستہ محمد میں کامیاب کارروائی کرتے ہوئے منشیات سندھ سمگلنگ کرنے کی کوشش ناکام بناتے ملزم کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے ہیروئن اور چرس برآمد کر لی ملزم کو جعفرآباد منتقل کر کے مزید کارروائی شروع کر دی گئی

جماعت کی فعالیت ہر ورکر کی ذمہ داری ہے، قاری مہر اللہ

جماعت امیدوں کی آخری کرن بن چکی ہے، رہنماء جمعیت نظریاتی

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام نظریاتی بلوچستان کے صوبائی کنوینر مولانا قاری مہر اللہ نے رکنیت سازی مہم کے سلسلے میں ضلعی کنوینروں سے رابطہ کرتے ہوئے کہا کہ جماعت کی فعالیت اور دعوتی مہم ہر ورکر کی ذمہ داری ہے اکابرین کی جماعت ہمیں ایک امانت سپرد ہوئی ہے جماعت کے اغراض ومقاصد کیلئے قربانیاں دینی پڑتی ہے انہوں نے کہا کہ جمعیت .... بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

سوراب، کچرے کے ڈھیر سے نومولود کی لاش برآمد

سوراب (نامہ نگار) گل عزیز آباد کے علاقے میں واقع کچرے کے ڈھیر سے ایک نومولود بچی کی لاش برآمد ہوئی، جسے چیئرمین میونسپل کمیٹی سوراب ایڈووکیٹ منیر آزاد روونجی کی موجودگی میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ واضح رہے کہ صبح کے وقت گل عزیز آباد سوراب سے ایک نومولود بچی کی لاش کچرے کے ڈھیر پر پائی گئی جسے فوری طور پر مقامی ہسپتال منتقل کیا گیا۔ واقعہ کی اطلاع ملتے ہی نومنتخب چیئرمین میونسپل کمیٹی سوراب ایڈووکیٹ منیر آزاد روونجی موقع پر پہنچے اور ایم سی عملے کے ہمراہ بچی کی لاش وصول کی۔ بعدازاں ان کی موجودگی میں سپرد خاک کر دیا گیا۔

علی حسن زہری کی 1 ارب کے فنڈز کی بات سراسر غلط فہمی ہے، دنیش کمار

صوبائی وزیر کو بنگلاج ماتا شکتی پیٹھ منصوبوں کا مشاہدہ کرنیکی دعوت دیتے ہیں، سینیٹر

اوستہ محمد (آن لائن) بلوچستان عوامی پارٹی مینارٹی ونگ کے صدر سینیٹر دنیش کمار نے کہا ہے کہ صوبائی وزیر زراعت میر علی حسن زہری نے گزشتہ روز اپنی پریس کانفرنس میں میرے حوالے سے چند باتیں کیں، جن پر ریکارڈ کی درستگی کے لئے جواب دینے کا حق محفوظ رکھتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ میر علی حسن زہری میرے لئے قابل احترام ہیں، تاہم شائد ان .... بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر

مصدق عباسی کے وارنٹ گرفتاری 26 ویں آئینی ترمیم کا شاخسانہ ہے، بیرسٹر سیف

پشاور (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا کے مشیر اطلاعات بیرسٹر محمد علی سیف نے کہا ہے کہ مصدق عباسی کے وارنٹ گرفتاری 26 ویں آئینی ترمیم کا شاخسانہ ہے، انکے خلاف مقدمہ سیاسی بنیادوں پر درج کیا گیا۔ اپنے ایک بیان میں بیرسٹر سیف نے کہا کہ مصدق عباسی کا واحد جرم یہ ہے کہ وہ بانی چیئرمین کے وژن کو عملی شکل دیتے ہوئے کرپشن کے خاتمے کیلئے سرگرم ہیں صنم جاوید کی بہن فلک جاوید کو بھی ایک جھوٹے مقدمے میں ملوث کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا فلک جاوید کا جرم صرف بھی یہ ہے کہ وہ بانی چیئرمین کے وژن کو آگے بڑھا رہی ہیں

چاغی، کرودک پوسٹ پر حملہ 2 پولیس اہلکار یرغمال، اسلحہ چھین لیا گیا

پوسٹ پر موجود اہلکاروں کی جوابی فائرنگ سے حملہ آور فرار، واقعہ کی تحقیقات جاری

چاغی (یو این اے) دالبندین سے کوئٹہ جانے والی آر سی ڈی ہائی وے پر واقع کرودک پوسٹ پر نامعلوم مسلح افراد نے حملہ کر کے دو پولیس اہلکاروں کو یرغمال بنالیا اور ان کا اسلحہ چھین لیا۔ ذرائع کے مطابق پوسٹ پر مجموعی طور پر پانچ پولیس اہلکار تعینات تھے جن میں سابقہ لیویز شامل تھے رات ساڑھے آٹھ بجے کے قریب تقریباً دس مسلح افراد نے اچانک........ بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر

اے این پی کے صوبائی صدر اصغر اچکزئی سے انجینئر زمرک اچکزئی ملاقات کر رہے ہیں

ایمل ولی خان سے سیکورٹی واپس لینا حکومتی کمزوری ہے، لشکری رئیسانی

حکومت سیاسی مخالفین کو دہشت کے ماحول سے خاموش کرانا چاہتی ہے، سابق سینیٹر

کوئٹہ (آن لائن) سینئر سیاستدان سابق سینیٹر نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے کہا ہے کہ عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر ایمل ولی خان ایک سیاسی شخصیت اور ایوان بالا کے رکن ہیں ان سے ان کے خاندان کے دیگر افراد سے سیکورٹی واپس لینا حکومت کی کمزوری وکوتاہی کی عکاسی ہے، حکومت کی ذمہ داری ہے کہ اپنے ہر شہری کی حفاظت .... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان سیاسی، معاشی، داخلی وخارجی مشکلات سے دوچار ہے، نیشنل پارٹی

بڑی سیاسی جماعتوں نے مصلحت پسندی کا شکار ہو کر آمریت کو فروغ دیا، صوبائی چیئرمین اسلم بلوچ

مستونگ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر چیئرمین اسلم بلوچ، صوبائی جنرل سیکرٹری چنگیز حئی بلوچ، بجٹل سیکرٹری حمید ایڈووکیٹ، ستار لاگو، مستونگ کے صدر میر سکندر خان ملازئی، میر آحمد بلوچ سجادہ ہوا، آغا فاروق شاہ، لائرز ونگ کے صدر فاضل ساسولی ایڈووکیٹ، لیبر ونگ کے صدر ظفر بلوچ ودیگر نے کہا ہے کہ حقیقی سیاسی قیادت کو دیوار سے لگانے........ بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

پارلیمانی صحافت کی مضبوطی جمہوری روایات کا مظہر ہے، پھلین بلوچ

پارلیمانی رپورٹرز پارلیمان اور عوام کے درمیان ایک مضبوط رابطے کا ذریعہ ہیں

چیئرمین قائمہ کمیٹی اطلاعات کی پی آر اے پی کے نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد

اسلام آباد (پ ر) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے اطلاعات ونشریات پھلین بلوچ نے پارلیمانی رپورٹرز ایسوسی ایشن پاکستان (پی آر اے پی) کے حالیہ انتخابات میں کامیاب ہونے والے نومنتخب عہدیداران صدر ایم بی سومرو، نائب صدر عثمان خان کاکڑ، سیکرٹری نوید اکبر، جوائنٹ سیکرٹری اورنگزیب کاکڑ، فنانس سیکرٹری شاکر عباسی اور سیکرٹری ا........ بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

تعلیمی شعبے میں تعاون کا فروغ، پاکستان اور چین کے درمیان 11 معاہدوں پر دستخط

ویفانگ انجینئرنگ نے ووکیشنل کالج، جامعہ اسلامیہ بہاولپور اور ایگریکلچر یونیورسٹی ملتان کیساتھ تعاون کا معاہدہ کیا

آئی ٹی ایم سی اور یونی سروسز کے ساتھ سہ فریقی معاہدے ڈیجیٹل تعلیم اور زرعی ٹیکنالوجی کے انضمام پر مرکوز ہونگے

چنگ ڈو (این این آئی) چین اور پاکستان کے درمیان تعلیمی شعبے میں تعاون کو فروغ دینے کیلئے 11 معاہدوں پر دستخط ہو گئے، یہ معاہدے چین پاکستان کانفرنس برائے جدید زراعت اور صنعت وتعلیم کے انضمام کے دوران طے پائے۔ ایک رپورٹ کے مطابق یہ تقریب شینڈونگ صوبے کے سینئر حکام کی موجودگی میں منعقد ہوئی، جس میں پاکستان سے سائنس قونصلر محمد خان، سیکرٹری نادر چھٹہ، وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد کامران، ٹی ای وی ٹی اے اور ایم این ایس یونیورسٹی آف ایگریکلچر ملتان کے نمائندے شریک ہوئے۔ .... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

سرگودھا: جمعیت کے مرکزی رہنما مولانا حافظ محمد اللہ ختم نبوت کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

دعوت وتبلیغ کا کام ہر فرد کی ذمہ داری ہے، مولانا ہدایت الرحمان بلوچ

امت مسلمہ تمام فروعی اختلافات بھلا کر یک جان ہو جائیں، امیر جماعت اسلامی

کوئٹہ (آن لائن) جماعت اسلامی گوادر کے زیر اہتمام ایک روزہ تربیت گاہ جس میں جماعت اسلامی بلوچستان کے امیر ایم پی اے گوادر مولانا ہدایت الرحمان، مولانا لیاقت بلوچ، سعید احمد بلوچ، مولانا محمد قاسم صابر، عزیز فاروقی بھائی نے خطاب کیا نعت رسول ﷺ اور حمد باری تعالیٰ بھی پیش کئے مقررین نے کہا نبی کریم ﷺ نے جس مشن دعوت .... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

ڈھاڈر، موٹر سائیکل سوار موبائل نقدی اور قیمتی سامان سے محروم، ڈاکو باآسانی فرار

ڈھاڈر (نمائندہ خصوصی) ڈھاڈر بائی پاس سبی نیشنل ہائی وے پر ڈکیتی ڈاکو اسلحہ کے زور پر مسافر سے موٹر سائیکل، موبائل، نقدی اور سامان بیگ لوٹ کر باآسانی فرار ہونے میں کامیاب، مشرق نیوز تفصیلات کے مطابق اتوار کو بابو درخان نامی ایک مسافر کوئٹہ میں شادی میں شرکت کے بعد اپنی موٹر سائیکل پر نصیر آباد جارہے تھے کہ نیشنل ہائی وے ڈھاڈر بائی پاس پر سفر کے دوران مسلح افراد نے انہیں زبردستی روک کر اس سے موٹر سائیکل، موبائل فون، نقد رقم اور کپڑے اور ضروری سامان کا بیگ لوٹ کر باآسانی فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔

سمندری طوفان "شکتی" کے پیش نظر ماہی گیر سمندر میں جانے سے گریز کریں، حاجی برکت رند

صوبائی حکومت مشکل وقت میں ماہی گیروں کے ساتھ کھڑی ہے، پارلیمانی سیکرٹری فشریز

گوادر (خ ن) پارلیمانی سیکرٹری برائے فشریز حاجی برکت رند نے کہا ہے کہ سمندری طوفان "شکتی (SHAKHTI)" کے باعث بلوچستان کے ساحلی علاقوں میں پیدا ہونے والی خطرناک صورتحال کے پیش نظر تمام ماہی گیر انتہائی احتیاط برتیں انہوں نے بتایا کہ محکمہ موسمیات، جوائنٹ میری ٹائم انفارمیشن کوآرڈینیشن سینٹر (........ بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان بھر میں بدامنی کے باعث خوف کا ماحول طاری ہے، حافظ حسین شرودی

کوئٹہ کی سطح پر مفتی محمود کانفرنس کی بھرپور تیاریاں جاری ہیں، رہنماء کا یونٹوں کے اجتماعات سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا حافظ حسین احمد شرودی، حاجی محمد صادق نورزئی، حاجی سید عبدالواحد آغا ضلعی سیکرٹری اطلاعات مولانا محمد طاہر توحیدی مولانا مفتی رحمت اللہ کاکڑ مولانا قاری نظر محمد حقانی مولانا علی جان مولانا سعید احمد مولانا مفتی رضا خان حاجی محمد عیسیٰ، مولانا عبدالمجید مولانا مفتی عبیداللہ آغا و دیگر رہنما........ بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

سرزمین فورم کے زیر اہتمام سیمینار کے اختتام پر جنرل (ر) ناصر خان جنجوعہ، صفدر علی خان ودیگر شرکا کا گروپ فوٹو

حکومت اساتذہ کے مسائل حل وتعلیمی معیار کی بہتری کیلئے پرعزم ہے، صوبائی وزراء، اراکین اسمبلی

اساتذہ کی محنت اور قربانیوں کی بدولت معاشرے میں علم اور اخلاقی شعور پروان چڑھتا ہے، سلیم کھوسہ، بخت کاکڑ، مینا مجید بلوچ

قوموں کی ترقی کا حقیقی راز تعلیم اور معلم کے احترام میں پوشیدہ ہے، عاصم گیلو، عبدالرحمان کھیتران، صادق عمرانی، سردار مسعود لونی

کوئٹہ (اے این این) عالمی یوم اساتذہ کے موقع پر صوبائی وزراء اور اراکین بلوچستان اسمبلی نے اپنے مشترکہ پیغام میں اساتذہ کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ اساتذہ وہ عظیم شخصیات ہیں جن کی محنت، رہنمائی اور قربانیوں کی بدولت معاشرے میں علم، آگاہی اور اخلاقی شعور پروان چڑھتا ہے انہوں نے کہا کہ اساتذہ قوم کے معمار ہیں، جو نسل نو کی کردار سازی میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں اور قوموں کی ترقی کا حقیقی راز تعلیم اور معلم کے احترام میں پوشیدہ ہے، یہ بات صوبائی وزراء، میر سلیم کھوسہ، بخت محمد کاکڑ، میر عاصم کرد گیلو .... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

اورماڑہ سمندری طوفان سائیکلون کے باعث شدید صورتحال پیدا

تیز ہواؤں کے باعث ماہی گیروں کی کشتیوں کو نقصان پہنچا، محکمہ فشریز

کوئٹہ (این این آئی) گوادر کے ساحلی علاقوں میں سمندری طوفان میں پھنس جانے والی 13 کشتیاں بچالی گئیں محکمہ فشریز حکام کے مطابق اتوار کی صبح ساحل اور ماڑہ پر تیز ہواؤں اور سمندری طوفان (سائیکلون) کے باعث شدید صورتحال پیدا ہوئی طوفان سے قبل محکمہ فشریز کی جانب سے مقامی ماہی گیروں کو بروقت خبردار کر دیا گیا تھا، اور سماجی رابطوں .... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

سندھ کی حکمران جماعت نے عوام کو مایوسی وبدحالی کے سوا کچھ نہیں دیا، خالد مقبول

کراچی (بیورو رپورٹ) ایم کیو ایم پاکستان کے سربراہ اور وفاقی وزیر خالد مقبول صدیقی کا کہنا ہے کہ سندھ کی حکمران جماعت نے عوام کو مایوسی اور بدحالی کے سوا کچھ نہیں دیا۔ یہ بات انہوں نے مرکزی مسلم لیگ کے جوائنٹ سیکرٹری کی قیادت میں ملنے آنے والے وفد سے گفتگو کے دوران کہی ہے۔ کراچی سے ایم کیو ایم کے اعلامیے کے مطابق ملاقات میں سیاسی صورت حال اور 18 ویں آئینی ترمیم کے اثرات پر گفتگو کی گئی۔ اس موقع پر ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے 18 ویں آئینی ترمیم کے بعد سندھ میں اختیارات کے عدم توازن پر تشویش کا اظہار کیا۔ ایم کیو ایم کے چیئرمین نے کہا کہ سندھ کو اربوں روپے ملنے کے باوجود یہاں ترقی کا کوئی نشان نہیں ہے۔

وندر، موٹر سائیکلوں کے درمیان تصادم، 2 افراد جاں بحق

جاں بحق افراد کا تعلق اوتھل اور لاکھڑا سے ہے زخمی کو کراچی ریفر کر دیا گیا

وندر (یو این اے) مین آر سی ڈی شاہراہ پر مقامی ہوٹل کے قریب دو موٹر سائیکلوں کے درمیان المناک تصادم کے نتیجے میں دو افراد موقع پر جاں بحق جبکہ ایک شخص شدید زخمی ہو گیا۔ زخمی کو آر ایچ سی وندر کے میڈیکل ایمرجنسی ریسپانس سینٹر میں ابتدائی طبی امداد فراہم کرنے کے بعد کراچی منتقل کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق حادثے میں جاں بحق ہونے والو........ بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

پی ٹی آئی کے زیر اہتمام 7 نومبر کو کوئٹہ میں جلسہ ہوگا، داؤد شاہ کاکڑ

تحریک انصاف ملک کی بڑی جماعت ہمیشہ ترقی وخوشحالی کیلئے کردار ادا کیا، سردار زین العابدین خلجی

پاکستان کے عوام پر اس وقت فارم 47 کے حکمران مسلط ہیں، رہنماؤں کی پریس کانفرنس

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے صدر داؤد شاہ کاکڑ نے کہا کہ پی ٹی آئی بلوچستان کے زیر اہتمام 7 نومبر کو کوئٹہ کے باکی گراؤنڈ میں مرکزی جلسہ منعقد ہوگا امید ہے صوبائی حکومت جلسے کے شرکاء کو مکمل سیکورٹی کی فراہمی سمیت ہمیں پرامن جلسے کی اجازت دے گی یہ بات انہوں نے اتوار کو پارٹی کے رہنماؤں سردار زین العابدین........ بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

پیپلز پارٹی عوامی خدمت پر یقین رکھتی مسائل کا حل ہمارا مشن ہے، علی مدد جتک

ریلیف پہنچانا اولین ترجیح، سریاب میں خصوصی فنڈز سے متعدد ترقیاتی منصوبے جاری ہیں، رکن اسمبلی

پی پی مرکزی کمیٹی کے رکن کا دورہ حلقہ انتخاب، گاہی خان چوک پر زیر تعمیر پل کا معائنہ، افسران کو جلد مکمل کرنیکی ہدایت

کوئٹہ (پ ر) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی کمیٹی کے رکن ورکن صوبائی اسمبلی حاجی علی مدد جتک نے اپنے حلقہ انتخاب سریاب کا خصوصی دورہ کیا اس موقع پر انہوں نے مختلف جاری ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ حاجی علی مدد جتک نے خصوصاً شہید محترمہ بینظیر بھٹو ڈیجیٹل لائبریری کا دورہ کیا جو کہ تکمیل کے آخری مراحل میں ہے انہوں نے متعلقہ محکموں کے افسران کو ہدایت کی کہ لائبریری کے تعمیراتی کام کو معیار کے مطابق جلد از جلد مکمل کیا جائے تاکہ علاقے کے طلباء وطالبات اور نوجوانوں کو جدید تعلیمی سہولیات فراہم کی جاسکیں ایم پی اے........ بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

دالبندین: ایم پی اے حاجی صادق خان سنجرانی مختلف شخصیات کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

استاد اپنی ذات کی نفی اور نسلوں کو بامقصد بناتا ہے، نور محمد دمڑ

معلم وہ منصب جو انبیائے کرام کی میراث قرار پایا، صوبائی وزیر خوراک کا ٹیچرز ڈے پر پیغام

کوئٹہ (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما، صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد خان دمڑ نے تمام اساتذہ کو ان کی گراں قدر خدمات پر خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ معاشروں کی فکری بلندی، تہذیبی شائستگی اور قومی خودی استاد کی رہنمائی کی مرہون منت ہے۔ اساتذہ کے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ آج کا دن ان مقدس ہستیوں کے نام جنہوں نے ہر حالت میں علم کے چراغ .... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

اختیارات کی نچلی سطح پر منتقلی تک معاملات ٹھیک نہیں ہوں گے، مفتاح اسماعیل

چہرے بدلے لیکن ترقی نہیں ہوئی، لاہور کے مال روڈ پر ہر جگہ تصاویر ہی نظر آتی ہیں

کراچی (بیورو رپورٹ) سابق وزیر خزانہ مفتاح اسماعیل نے کہا کہ اختیارات کی نچلی سطح پر منتقلی تک معاملات ٹھیک نہیں ہوں گے، اگر نچلی سطح پر اختیارات منتقل نہیں کرتے تو پھر صوبے بنائیں۔ انڈس کو نکلیو کے دوسرے روز سوشل سیکٹر ڈویلپمنٹ پر پینل ڈسکشن کے دوران خطاب کرتے ہوئے سابق وزیر خزانہ مفتاح اسماعیل کا کہنا تھا کہ پاکستان .... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

آئی جی خیبر پختونخوا نے ایمل ولی خان کی سیکورٹی واپس لے لی

بابر ڈ رحیم نے وزیراعلیٰ کو یرغمال بنا رکھا ہے، آئی جی کے سامنے بے بس ہیں، اے این پی

پشاور (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا میں ایک اہم انتظامی تنازع سامنے آگیا، آئی جی پولیس نے وزیراعلیٰ علی امین گنڈاپور کے واضح ہدایات کے باوجود عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر ایمل ولی خان کی سیکورٹی واپس لے لی۔ ذرائع کے مطابق وزیراعلیٰ علی امین گنڈاپور نے ایمل ولی خان کو مکمل سیکورٹی برقرار رکھنے کی یقین دہانی کرائی تھی، مگر پولیس حکا........ بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

اساتذہ قوم کے معمار اور مستقبل کے رہنماء ہیں، فرح عظیم شاہ

تعلیم ہی وہ طاقت ہے جو قوموں کو مضبوط بناتی ہے صدر بی اے پی خواتین ونگ

ایک استاد نہ صرف علم بلکہ کردار سازی کو بھی پروان چڑھاتا ہے، ٹیچرز ڈے پر پیغام

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان عوامی پارٹی کی صوبائی خواتین ونگ کی صدر اور رکن صوبائی اسمبلی، میڈم فرح عظیم شاہ نے یوم اساتذہ کے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا کہ اساتذہ قوم کے معمار اور مستقبل کے رہنماء ہیں۔ ایک استاد صرف علم نہیں بلکہ کردار سازی، برداشت، رواداری اور خدمت انسانیت کے جذبات کو پروان چڑھاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج کا دن ہمیں یہ یاد دلاتا ہے کہ اساتذہ کی قربانیاں، محنت اور عزم ہی وہ بنیاد ہے جس پر معاشرے .... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

مانسہرہ، اراضی کے تنازع پر فائرنگ، 4 افراد قتل اور 2 زخمی، ملزم گرفتار

واقعہ کے فوراً بعد پولیس کی بھاری نفری نے جائے وقوع پر پہنچ کر صورتحال پر قابو پالیا

مانسہرہ (بیورو رپورٹ) ضلع مانسہرہ میں تھانہ صدر کی حدود متیال گاں میں اراضی کے تنازع پر فائرنگ کے نتیجے میں 4 افراد کے قتل سے خوف وہراس پھیل گیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق واقعہ کے فوراً بعد پولیس کی بھاری نفری نے جائے وقوع پر پہنچ کر صورتحال پر قابو پالیا اور فائرنگ کرنے والے ایک ملزم کو گرفتار کرلیا۔ پولیس نے جاں بحق افراد کی لاشیں پوسٹ مارٹم کے لئے ہسپتال منتقل کر دیں، مرنے والوں میں چمن زیب ولد عبدالرحمٰن، عبداللہ ولد سلمان،........ بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

بحران سنگین، آٹے کی قیمت میں مزید اضافے کا خدشہ

گندم مہنگی، نئی فصل آنے میں وقت ہے، چیئرمین کسان اتحاد خالد حسین باٹھ کی گفتگو

لاہور (بیورو رپورٹ) چیئرمین پاکستان کسان اتحاد خالد حسین باٹھ نے ملک میں گندم کے بحران اور اس کے نتیجے میں آٹے کی قیمتوں میں مزید اضافے کا خدشہ ظاہر کر دیا ہے۔ ایک نجی ٹی وی پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے خالد حسین باٹھ نے کہا کہ اس وقت سندھ میں گندم 4 ہزار روپے فی من، پنجاب میں 3900 روپے جبکہ کوئٹہ میں 4500 روپے فی من فروخت ہو رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ نئی فصل آنے میں ابھی سات ماہ باقی ہیں، اس دوران قیمتوں........ بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

گلوبل صمود فلوٹیلا پر اسرائیلی دھاوا شرمناک جنگی جرم ہے: جے یو آئی (س)

گلوبل صمود فلوٹیلا کو روکے جانے اور اس کے شرکا کی گرفتاری کی شدید ترین مذمت کرتے ہیں

لاہور (بیورو رپورٹ) جمعیت علما اسلام (س) لاہور کے امیر ومرکزی سالار مولانا قاری اعظم حسین، امیر مولانا پیر عبدالقدوس نقشبندی، ناظم اعلیٰ مولانا ایوب خان، ڈپٹی سیکرٹری پیر اکبر ساقی، لاہور کے ناظم اعلیٰ مولانا طیب عثمانی، نائب امیر مولانا صلاح الدین ایوبی، قاری واحد بخش، قاری رحمت اللہ لاشاری، انجینئر خالد ٹیپو، عبدالحمید تونسوی، مولانا محمد .... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

اساتذہ علم کے چراغ سے انسانیت کی راہوں کو منور کرتے ہیں، چیئرمین سینٹ

اساتذہ قوموں کی تعمیر وترقی کے حقیقی معمار ہیں، عالمی دن پر اساتذہ کو خراج تحسین پیش

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے اپنے خصوصی پیغام میں اساتذہ کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ اساتذہ قوموں کی تعمیر وترقی کے حقیقی معمار ہیں۔ ان کی محنت، علم اور رہنمائی سے ہی معاشروں کی فکری واخلاقی بنیادیں مضبوط ہوتی ہیں اور قومیں ترقی کی منازل طے کرتی ہیں۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ........ بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

نیپال، شدید بارشیں، سیلاب، 47 افراد جاں بحق

سیلاب میں بہہ جانے والے 9 افراد تاحال لاپتہ، دریاؤں میں طغیانی

کھٹمنڈو (م ڈ) نیپال میں شدید بارشوں کے نتیجے میں لینڈ سلائیڈنگ اور سیلاب نے تباہی مچادی جہاں سڑکیں اور پل تباہ ہو گئیں اور 47 افراد جاں بحق ہو گئے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق نیپال کی مسلح پولیس فورس کے ترجمان کالیداس دھوبوجی نے بتایا کہ بھارت سے منسلک مشرقی سرحد کے قریبی ضلع الام میں لینڈ سلائیڈنگ ہوئی اور 35........ بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان اسمبلی معاہدوں کی منظوری کا آئینی اختیار استعمال کرے، سیاسی رہنما

شفافیت، مقامی شراکت داری، اور عالمی ماحولیاتی معیارات کی پاسداری کے بغیر کوئی منصوبہ پائیدار ترقی نہیں لاسکتا، کامران مرتضیٰ

بولان اکیڈمی نے ہمیشہ ایسے فکری مباحث کو فروغ دیا ہے جو بلوچستان کے سماجی ومعاشی شعور کو مضبوط بنائیں، متین اخوندزادہ

کوئٹہ (آن لائن) بولان اکیڈمی (تحقیق تحریک ترقی) کے زیر اہتمام مائنز ایکٹ ریکوڈک کے متعلق مولانا عبدالحق بلوچ مرحوم کے کیس، بلوچستان کے وسائل کے تحفظ و اختیار اور عوامی شراکت، کے عنوان سے ایک فکری وتحقیقی ڈائیلاگ اور سیمینار کا انعقاد کیا گیا، جس میں قانونی ماہرین، ماہرین توانائی، اساتذہ، نوجوان اسکالرز اور سماجی رضا کاروں نے بھرپور شرکت کی۔ اس نشست کا مقصد مائنز ایکٹ، ریکوڈک منصوبے کے آئینی، سیاسی اور معاشی پہلوؤں کا غیر جانبدارانہ جائزہ لینا اور بلوچستان کے عوامی مفاد کے تناظر میں........ بقیہ 70 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان پرائیویٹ سکولز نیٹ ورک کے زیر اہتمام ٹیچرز ڈے کے موقع منعقدہ تقریب سے پارلیمانی سیکرٹری عبدالمجید بادینی، منیر احمد تو تیزئی لیاقت علی ہزارہ ودیگر خطاب کر رہے ہیں

بھوتانی خاندان نے حب کے نام پر اربوں ہڑپ کئے، میر علی حسن زہری

بھوتانی برادران نے لوگوں کے حقوق غصب اور اربوں روپے ہڑپ کرنے کے علاوہ معصوم لوگوں کی زمینوں پر قبضے بھی کئے

جلد تمام شواہد اور ثبوت عوام کے سامنے لائیں گے اور قبضہ مافیا کے خلاف قانونی وعملی کارروائی شروع کریں گے، صوبائی وزیر زراعت

حب (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر مرکزی رہنماء، ترجمان صدر آصف علی زرداری وصوبائی وزیر زراعت وکوآپریٹو میر علی حسن زہری نے حب کا ہنگامی دورہ کیا۔ صوبائی وزیر کو حب میں جاری مختلف منصوبوں اور نئے پروجیکٹس کے بارے میں بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر حب سے منتخب نمائندہ وصوبائی وزیر میر علی حسن زہری نے حب کے چالیس سالہ دور کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ بھوتانی برادران نے طویل عرصے تک حب کے لوگوں کے حقوق غصب کئے اور اربوں روپے ہڑپ کرنے کے علاوہ معصوم لوگوں کی زمینوں پر قبضے بھی کئے .... بقیہ 71 صفحہ نمبر 7 پر

ٹرمپ نے شکاگو میں فوج تعینات کرنے کی منظوری دی

واشنگٹن (م ڈ) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایک وفاقی اہلکار کی جانب سے مبینہ طور پر مسلح ڈرائیور کو گولی مارنے کے بعد شکاگو میں فوجی دستے تعینات کرنے کی اجازت دے دی، جبکہ عدالت نے پورٹ لینڈ میں فوج بھیجنے کی کوشش کو روک دیا۔ عالمی خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق ملک بھر میں بڑھتے ہوئے بحران میں، ٹرمپ کی جرائم اور ہجرت کے خلاف بڑھتی ہوئی عسکری مہم کا سامنا اپوزیشن ڈیموکریٹس سے ہے جو انہیں آمریت پسند طاقت کے استعمال کا الزام دیتے ہیں

چین کا لاہور میں الیکٹرک گاڑیوں کا پلانٹ لگانے کا اعلان

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پنجاب بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ اور ایک چینی کمپنی کے درمیان پاکستان میں الیکٹرک دو اور تین پہیوں والی گاڑیوں کا "کمپلیٹلی ناکڈ ڈاؤن" (CKD) پلانٹ لگانے کے لیے مفاہمتی یادداشت (ایم او یو) پر دستخط ہو گئے۔ گوادر پرو کے مطابق گزشتہ ماہ چین میں پی بی آئی ٹی کے سی ای او عمران خاور اور تیانجن چینگ ای وہیکل انڈسٹری کمپنی کے سی ای او ژانگ شیاؤ ونگ کے درمیان ملاقات کے بعد، کمپنی کے اعلیٰ حکام نے لاہور کا دورہ کیا اور پی بی آئی ٹی کے ساتھ ایک مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے۔

پاکستان میں گوگل اے آئی پلس پلان متعارف، ڈیجیٹل ترقی اور تعلیمی مواقع میں اضافہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان میں گوگل اے آئی پلس پلان متعارف کرایا گیا ہے جس سے ڈیجیٹل ترقی اور تعلیمی مواقع میں اضافہ ہوا۔ ایس آئی ایف سی کی بدولت پاکستان میں گوگل اے آئی پلس پلان متعارف کرایا گیا ہے۔ پلان ڈیجیٹل ترقی میں نئے مواقع فراہم کرے گا۔

فلپ مورس کا اسٹاک ایکسچینج سے شیئرز کی ڈی لسٹنگ کا اعلان

کمپنی اسپانسرز کی فی شیئر 1300 روپے میں بائے بیک کی پیشکش

کراچی (بیورو رپورٹ) پاکستان سے ایک اور کثیر القومی کمپنی کی جانب سے پاکستان اسٹاک ایکسچینج سے اپنے شیئرز کی ڈی لسٹنگ کا اعلان کر دیا گیا، جس کے بعد پاکستان اسٹاک ایکسچینج نے فلپ مورس پاکستان لمیٹڈ کے شیئرز کی ڈی لسٹنگ پر نوٹس جاری کر دیا۔ پی ایس ایکس انتظامیہ کے نوٹس کے مطابق پاکستان اسٹاک ایکسچینج نے فلپ........ بقیہ 72 صفحہ نمبر 7 پر

تھرپارکر، بھارتی فوج کی جانوروں کیخلاف بھی سفاکیت

8 بکریوں کو ہلاک کر دیا، 54 کی ٹانگیں توڑ دیں، وزیر اعلیٰ سندھ کی شدید مذمت

تھرپارکر (بیورو رپورٹ) تھرپار کے سرحدی علاقے میں بھارتی فوجیوں نے سفاکیت کا مظاہرہ کرتے ہوئے فائرنگ کر کے غریب پاکستانیوں کی پالتو بکریوں کو مار ڈالا، وزیر اعلیٰ سندھ نے شدید مذمت کا اظہار کیا ہے۔ تفصیل کے مطابق تھرپارکر میں بھارت کی سرحد کے پاس بھارتی فورسز کی فائرنگ سے ریوڑ میں موجود 8 بکریاں ہلاک اور درجنوں زخمی بقیہ 73 صفحہ نمبر 7 پر

ٹرمپ کا امن منصوبہ نیتن یاہو کو ریسکیو کرنا ہے، لیاقت بلوچ

بلوچستان کے عوام کے مسائل کے حل کے لیے بھی وزیراعظم کمیٹی بنائیں، بیان

لاہور (بیورو رپورٹ) نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا امن منصوبہ صرف نیتن یاہو کو ریسکیو کرنا ہے۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے آزاد کشمیر میں عوامی کمیٹی اور حکومت میں معاہدے کا خیر مقدم کیا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کے مسائل کے حل کے لیے بھی وزیراعظم کمیٹی بنائیں۔ عالم ا........ بقیہ 74 صفحہ نمبر 7 پر

لاہور: بھارت کی جانب سے دوبارہ پانی چھوڑے جانے کے بعد شہری دریائے راوی کا بہاؤ دیکھنے کیلئے جمع ہیں

مفتی محمود کانفرنس کی تیاریاں عروج پر پہنچ گئیں، امراء وکارکنوں کو رابطوں کی ہدایت

مفتی محمود کانفرنس صوبے کی سب سے بڑی کانفرنس ہوگی، جس سے جے یو آئی کے مرکزی رہنماء خطاب کرینگے

جمعیت بلوچستان کی مجلس عاملہ کا اجلاس، کمیٹی تشکیل، ڈویژنل اور ضلعی سطح پر کانفرنس کی تیاریوں کا جائزہ لے گی

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کی صوبائی مجلس عاملہ کا ایک اہم اجلاس کوئٹہ میں منعقد ہوا۔ اجلاس کی صدارت جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے سینئر نائب امیر مولانا کمال الدین نے کی، جبکہ اجلاس میں صوبائی جنرل سیکرٹری مولانا آغا محمود شاہ صوبائی نائب امیر مولوی سرور موسیٰ خیل، مولانا حافظ محمد یوسف، حاجی غوث اللہ، حاجی نواز خان کاکڑ، حافظ حاجی احمد شرودی، مولانا نذر محمد حقانی حاجی عین اللہ شمس و دیگر شریک ہوئے۔ اجلاس میں 14 اکتوبر کو ضلع قلعہ سیف اللہ میں ہونے والی مفتی محمود کانفرنس کی تیاریوں کا تفصیلی اور جا........ بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

کوئی بھی اگر پاکستان مخالف بولے گا، ہم اس کو نہیں مانتے، حنیف عباسی

خوارج جب فورسز پر حملے کریں گے تو وہ غدار وطن ہوں گے، وفاقی وزیر ریلوے

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی نے کہا ہے کہ شہیدوں کی قربانیوں پر ہزاروں حکومتیں قربان ہیں، کوئی بھی اگر پاکستان مخالف بولے گا، ہم اس کو نہیں مانتے۔ راولپنڈی میں انجمن تاجران کی جانب سے استقبالیہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی نے کہا کہ تاجروں کا شکریہ ادا کرتا ہوں جو تمام جہد........ بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

پیٹرولیم، بجلی کی قیمتیں بڑھاتے ہوئے پسے طبقات کو استثنیٰ ہونا چاہیے، اشرف بھٹی

لاہور (بیورو رپورٹ) آل پاکستان انجمن تاجران کے مرکزی صدر اشرف بھٹی نے کہا ہے کہ پیٹرولیم اور بجلی کی قیمتوں کی وجہ سے چھوٹا تاجر اور کمزور طبقات مشکلات کا شکار ہیں، مہنگائی کے رجحان اور قوت خرید نہ ہونے سے ہر طرح کے کاروبار پر منفی اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ جب تک ہم عالمی مالیاتی اداروں کے چنگل سے چھٹکارا حاصل نہیں کرتے ہم اپنے فیصلے کرنے میں خود مختار نہیں ہو سکتے۔ تمام سیاستدان اور اسٹیک ہولڈرز سر جوڑ کر بیٹھیں اور ایسی پالیسی بنائی جائے

ٹیکسٹائل سیکٹر بحران سے دوچار، مزید یونٹس کی بندش کا خطرہ

ستمبر میں برآمدات میں سال بہ سال تقریباً 12 فیصد کی کمی ہوئی

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان ٹیکسٹائل کونسل (پی ٹی سی) اور دیگر رہنماؤں نے برآمدات میں تیزی سے کمی، فیکٹریوں کی بندش اور بڑھتے ہوئے اخراجات پر خطرے کی گھنٹی بجادی، جس سے ملک کے معاشی استحکام کو خطرہ ہے اور ستمبر میں برآمدات میں سال بہ سال تقریباً 12 فیصد کی کمی ہوئی، مالی سال 26 کی پہلی سہ ماہی کی آمدنی 3.83 فیصد کم ہو کر 7........ بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعظم شہباز شریف ملائیشیا پہنچ گئے

کوالالمپور (م ڈ) وزیراعظم شہباز شریف ملائیشیا کے 2 روزہ سرکاری دورے پر کوالالمپور پہنچ گئے۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار، وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطا اللہ تارڑ اور وزیراعظم کے معاون خصوصی طارق فاطمی وزیراعظم کے ہمراہ ہیں۔ وزیراعظم پاکستان ملائیشیا کے وزیراعظم انور ابراہیم کی دعوت پر ملائیشیا کا دورہ کر رہے ہیں۔ وہ اپنے دورے کے دوران ملائیشیا کے وزیراعظم سے ملاقات کریں گے جبکہ دونوں ممالک کے درمیان وفود کی سطح پر بھی بات چیت ہوگی

شرجیل میمن کا چیلنج قبول، سندھ سے جنوبی پنجاب بھی آگے، عظمیٰ بخاری

جگہ اور ٹائم آپ کی پسند کا ہوگا لیکن خود آئیے گا، کسی پراکسی کے پیچھے مت چھپیے گا

آپ کو پنجاب کے سیلاب متاثرین پر سیاست کرنے کیلئے وزیراعظم نے کہا تھا؟

لاہور (بیورو رپورٹ) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے سندھ کے سینئر وزیر شرجیل میمن کا چیلنج قبول کرتے ہوئے کہا ہے کہ جگہ اور ٹائم آپ کی پسند کا ہوگا لیکن خود آئیے گا، کسی پراکسی........ میڈیا سے گفتگو میں آپ پنجاب کے خلاف سازش کر رہے ہیں، کرپشن کی بات کریں تو لسانیت کارڈ لے آتے ہیں، پنجاب میں کراچی جیسے بوگس بلدیاتی انتخابات نہیں ہوں گے، آپ اب تک 2022 کا سیلاب بیچ رہے ہیں، وزیر اطلاعات پنجاب کی .... بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

ورلڈ بینک کی داسو ہائیڈرو پاور پراجیکٹ میں سماجی وماحولیاتی پیش رفت کی تعریف

اپر کوہستان (بیورو رپورٹ) ورلڈ بینک دورہ اپر کوہستان کے دوران داسو ہائیڈرو پاور پراجیکٹ (ڈی ایچ پی پی) میں سماجی اور ماحولیاتی پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کیا ہے، جو پاکستان کے پائیدار ترقی کے عزم اور مضبوط چینی شراکت داری کی عکاسی ہے۔ گوادر پرو کے مطابق ورلڈ بینک کے سوشل اور انوائرمنٹل مشن کے ایک وفد نے اس منصوبے کا دورہ کیا۔

کوئٹہ: پانچواں آل شہید شفیق احمد خان، طاہر محمود مرحوم اقبال ٹورنامنٹ کی افتتاحی تقریب سے میر لیاقت لہڑی خطاب کر رہے ہیں

حکمران سیاسی جماعتوں کو اعتماد میں لے کر مشکلات کا حل نکالیں، جمعیت نظریاتی

ملک جس دہشت گردی کی لپیٹ میں ہے اس سے چھٹکارہ صرف مذاکرات ہی میں مضمر ہے، مرکزی امیر

حالات پر غیر سنجیدہ فیصلوں نے ناقابل تلافی نقصان پہنچایا ہمیں اس وقت امن ومعاشی بحرانوں کا سامنا کر رہا ہے، مولانا عبدالقادر لونی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی امیر مولانا عبدالقادر لونی نے اسلام آباد میں مختلف وفود سے ملاقات کرتے ہوئے کہا کہ ملک جل رہا ہے حکمران ملک کے مسائل پر تمام جماعتوں کو اعتماد میں لے کر حل نکالیں ملک کو درپیش بدامنی سے نکالنے کیلئے نئی حکمت عملی مرتب کی جائے ملک دہشت گردی کی جس لپیٹ میں ہے اسے مذاکرات کے ذریعے حل کرنے کی ضرورت ہے بدقسمتی سے ملکی حالات پر غیر سنجیدہ فیصلوں نے پاکستان کو ناقابل تلافی نقصان پہنچایا ہے ناعاقبت اندیشی سے ملک امن ومعاشی بحر........ بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

فارم 47 کی مسلط حکومت نے ملک کو بحرانوں میں مبتلا کر دیا، پشتونخوا میپ

روپے کی قدر میں کمی جاری، غریب عوام پر بیروزگاری اور مہنگائی کا طوفان برپا ہے، عبدالرحیم زیارتوال

محکمے مفلوج اور عوامی خدمت کی بجائے ان میں لوٹ کھسوٹ جاری ہے، رہنماؤں کا جلسہ عام خطاب

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے زیر اہتمام 7 اکتوبر 2025 کو شہداء، جمہوریت اور شہداء وطن کے برسی کے جلسہ عام کے سلسلے میں ضلع لورالائی کے درگئی، شبوزئی اور ضلع لورالائی کے توسیع کمیٹی کا اجلاس اور جامع مسجد کوٹی کا اولسی جرگہ زیر صدارت منعقد ہوئے جس سے عبدالرحیم زیارتوال، پارٹی کے مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال، صوبائی نائب صدر محترمہ وژانگہ لونی، داد خان علیزئی، سردار ثاقب کاکڑ، جعفر خان اتمانخیل اور دیگر مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مسلط فارم 47 کی حکومت نے ملک کو بحرانوں میں مبتلا کر........ بقیہ 75 صفحہ نمبر 7 پر